تَعلِیمُ الْقُرْآن

قَدْ اَفْلَحَ (۱۸)

قرآن سیکھنے والوں کیلئے آسان گرامر کے ساتھ

لفظی اور بامحاورہ ترجمہ

چوہدری عبد السّلام

حافظ قاری عطاء اللہ

(مستند) رجسٹرڈ پروف ریڈر پنجاب قرآن بورڈ محکمہ اوقاف

حکومت پنجاب لاہور۔ پاکستان

فون نمبر: 0308-4259187

0324-4858497

حوالہ نمبر: تعلیم القرآن　　　　رجسٹریشن نمبر:013

میں نے چوہدری عبدالسّلام کے ترجمہ قرآن کریم (تعلیم القرآن)
کے پارہ نمبر18 کے قرآنی متن کو حرفاً حرفاً پوری توجہ اوراحتیاط
سے پڑھاہے۔ میں پورے وثوق سے اس کی صحت کی تصدیق
کرتاہوں کہ اس کے متن میں اعرابی لفظی اور رسم الخط کی کوئی
ایسی غلطی نہیں جس سے قرآنِ کریم کے عربی متن میں کوئی تبدیلی
واقع ہوتی ہو۔

حافظ قاری عطاء اللہ

عرضِ مؤلف

پارہ **قَدْ اَفْلَحَ (۱۸)** کا آسان گرامر کے ساتھ لفظی اور بامحاورہ ترجمہ پیش ہے۔
قرآن پاک کا ترجمہ سیکھنے کیلئے گرامر کا آنا بہت ضروری ہے۔ پہلے پارہ میں گرامر کے صفحات لگائے گئے ہیں۔ اسے پڑھیں یا کسی اور گرامر کی کتاب کا مطالعہ کریں۔

قرآن کے الفاظ کا گرامر کے ساتھ ترجمہ کیا گیا ہے۔ پھر الفاظ کے ترجمہ کو ملا کر بامحاورہ ترجمہ کی شکل دی گئی ہے۔ فعل کے مصادر اور ساتھ فعل ماضی واحد مذکر غائب اور فعل مضارع واحد مذکر غائب کے صیغے دیئے گئے ہیں تاکہ ترجمہ سیکھنے میں آسانی ہو۔

اگر کوئی کوتاہی نظر آئے تو آگاہ کریں تاکہ اصلاح کی جائے۔

پورے قرآن مجید کا اسی انداز میں ترجمہ کرنے کا ارادہ ہے دعا کریں اللہ پاک مجھے ہمت اور صحت عطا فرمائے اور یہ کوشش میری بخشش کا سبب بن جائے۔

چوہدری عبدالسّلام

435 رضا بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور

موبائل نمبر: 0322-4655866

رُکُوۡعَاتُهَا:٦	سُوۡرَةُ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ مَكِّيَّةٌ	اٰيَاتُهَا:۱۱۸

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ○

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

قَدۡ اَفۡلَحَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ ۙ﴿۱﴾	یقیناً ایمان والوں نے فلاح پائی

قَدۡ، کلمہ تحقیق (بے شک، یقیناً) اَفۡلَحَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَفۡلَحَ یُفۡلِحُ، مصدر اِفۡلَاحٌ، فلاح پانا، کامیابی حاصل کرنا (اس نے فلاح پائی)

اَلۡمُؤۡمِنُوۡنَ، اِیۡمَاناً مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ایمان والے، مومنوں) واحد، اَلۡمُؤۡمِنُ،

الَّذِيۡنَ هُمۡ فِىۡ صَلَاتِهِمۡ خٰشِعُوۡنَ ۙ﴿۲﴾	وہ جو اپنی نماز میں عاجزی کرنے والے ہیں

اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ جو) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

فِیۡ صَلَاتِهِمۡ (فِیۡ، صَلَاتِ، هِمۡ) فِیۡ، حرف جار میں، صَلَاتِ، مجرور، مضاف، نماز، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی نماز میں)

خٰشِعُوۡنَ، خُشُوۡعٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (عاجزی کرنے والے)

وَالَّذِيۡنَ هُمۡ عَنِ اللَّغۡوِ مُعۡرِضُوۡنَ ۙ﴿۳﴾	اور وہ جو لغویات سے منہ موڑنے والے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ جو) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

عَنِ اللَّغۡوِ، عَنۡ، حرف جار، سے، اَللَّغۡوِ، مجرور، لغویات، بیہودہ باتوں (لغویات سے)

مُعۡرِضُوۡنَ، اِعۡرَاضٌ مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (اعراض کرنے والے، منہ موڑنے والے)

وَالَّذِيۡنَ هُمۡ لِلزَّكٰوةِ فٰعِلُوۡنَ ۙ﴿۴﴾	اور وہ جو زکوٰۃ کو ادا کرنے والے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر جو (وہ جو) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

لِلزَّكٰوةِ (لِ۔ اَلزَّكٰوةِ) لِ، حرف جار کو، اَلزَّكٰوةِ، مجرور، زکوٰۃ (زکوٰۃ کو)

فٰعِلُوۡنَ، فِعلاً، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (کرنے والے، ادا کرنے والے)

وَالَّذِيۡنَ هُمۡ لِفُرُوۡجِهِمۡ حٰفِظُوۡنَ ۙ‏	اور وہ جو اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) الَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ جو) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

لِفُرُوۡجِهِمۡ (لِ۔ فُرُوۡجِ۔ هِمۡ) لِ، حرف جار، کی، فُرُوۡجِ، مجرور، مضاف، شرمگاہوں، واحد، فَرۡجٌ، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی شرمگاہوں کی)

حٰفِظُوۡنَ، حِفۡظٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، حفاظت کرنے والے، واحد، حَافِظٌ،

اِلَّا عَلٰٓى اَزۡوَاجِهِمۡ اَوۡ مَا مَلَكَتۡ اَيۡمَانُهُمۡ فَاِنَّهُمۡ غَيۡرُ مَلُوۡمِيۡنَ‌ ۚ‏	مگر اپنی بیویوں پر یا جن (لونڈیوں) کے مالک ان کے دائیں ہاتھ بنے ہیں تو بلاشبہ وہ ملامت کئے ہوئے نہیں ہیں

اِلَّا، حرف، استثنا (مگر، سوائے) عَلٰٓى اَزۡوَاجِهِمۡ (عَلٰى، اَزۡوَاجِ، هِمۡ) عَلٰى، حرف جار پر، اَزۡوَاجِ، مجرور، مضاف، بیویوں، واحد، زَوۡجٌ، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی بیویوں پر)

اَوۡ، حرف عطف (یا) مَا، اسم موصول (جن کے)

مَلَكَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب مَلَكَ يَمۡلِكُ، مصدر مَلۡكًا، مالک بننا (مالک بنا ہے)

اَيۡمَانُهُمۡ (اَيۡمَانُ، هُمۡ) اَيۡمَانُ، مضاف، دائیں ہاتھ، واحد، يَمِيۡنٌ، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے دائیں ہاتھ) فَاِنَّهُمۡ (فَ۔ اِنَّ۔ هُمۡ) فَ، حرف عطف، تو، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب وہ (تو بلاشبہ وہ)

غَيۡرُ مَلُوۡمِيۡنَ، غَيۡرُ، مضاف، نہیں، مَلُوۡمِيۡنَ، مضاف الیہ، لَوۡمٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر، ملامت کیے ہوئے، ملامت زدہ، واحد مَلُوۡمٌ (ملامت کئے ہوئے نہیں)

فَمَنِ ابۡتَغٰى وَرَآءَ ذٰ لِكَ فَاُولٰۤـئِكَ هُمُ الۡعٰدُوۡنَ‌ ۚ‏	پھر جو اس کے علاوہ تلاش کرے تو وہی لوگ حد سے تجاوز کرنے والے ہیں۔

فَمَنِ (فَ، مَنۡ) فَ، حرف عطف، پھر، مَنۡ، اسم موصول شرطیہ، جو (پھر جو)

اِبۡتَغٰی، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِبۡتَغٰی، یَبۡتَغِیۡ مصدر اِبۡتِغَاءٌ چاہنا، تلاش کرنا، مَنۡ، شرطیہ کی وجہ سے ترجمہ (وہ تلاش کرے)

وَرَآءَ ذٰلِكَ، وَرَآءَ، مضاف مصدر ہے، اس کا معنی ہے، آڑ، حد فاصل، کسی چیز کا آگے ہونا یا پیچھے ہونا، علاوہ اور سوا ہونا، ذٰلِكَ، مضاف الیہ اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس کے (اس کے علاوہ)

فَاُولٰٓئِكَ (فَ۔ اُولٰٓئِكَ) فَ، حرف عطف تو، اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید، وہی لوگ (تو وہی لوگ)

هُمُ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) اَلۡعٰدُوۡنَ، عُدۡوَانٌ، مصدر سے اسم فائل جمع مذکر، سرکش، حد سے تجاوز کرنے والے، واحد، عَادٍ،

وَالَّذِيۡنَ هُمۡ لِاَمٰنٰتِهِمۡ وَعَهۡدِهِمۡ رٰعُوۡنَ ۙ﴿۸﴾	اور وہ جو اپنی امانتوں اور اپنے عہد کی پاسداری کرنے والے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ جو) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

لِاَمٰنٰتِهِمۡ (لِ۔ اَمٰنٰتِ۔ هِمۡ) لِ، حرف جار، کی، اَمَانَتِ، مجرور، مضاف، امانتوں، واحد، اَمَانَةً،

هِمۡ، مضاف الیہ ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی امانتوں کی) وَ، حرف عطف (اور)

عَهۡدِهِمۡ، عَهۡدِ، مضاف، عہد، وعدہ، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے عہد)

رٰعُوۡنَ، رِعَايَةٌ، جس کے معنی نگہداشت کرنے اور نگرانی کرنے کے ہیں، اسم فاعل جمع مذکر (نبھانے والے، پاسداری کرنے والے، لحاظ کرنے والے)

وَالَّذِيۡنَ هُمۡ عَلٰى صَلَوٰتِهِمۡ يُحَافِظُوۡنَ ۘ﴿۹﴾	اور وہ جو اپنی نمازوں کی حفاظت کرتے ہیں

وقف لازم

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ جو) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

عَلٰى صَلَوٰتِهِمۡ (عَلٰى۔ صَلَوٰتِ۔ هِمۡ) عَلٰى، حرف جار بمعنی لِ، کی، صَلَوٰتِ، مجرور، مضاف، نمازوں، واحد، صَلٰوةٌ، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی نمازوں کی)

يُحَافِظُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب حَافَظَ يُحَافِظُ، مصدر مُحَافَظَةٌ، حفاظت کرنا (وہ حفاظت

کرتے ہیں)

اُولٰٓئِكَ هُمُ الۡوٰرِثُوۡنَ ۙ﴿۱۰﴾	وہی لوگ ہی وارث ہیں۔

اُولٰٓئِكَ،اسم اشارہ جمع مذکر بعید (وہی لوگ) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

اَلۡوٰرِثُوۡنَ،وِرَاثَةٌ،سے اسم فاعل جمع مذکر،ترکہ پانے والے، واحد،اَلۡوَارِثُ،وارث (وہی لوگ ہی وارث ہیں)

الَّذِيۡنَ يَرِثُوۡنَ الۡفِرۡدَوۡسَ ؕ	جو فردوس کے وارث ہوں گے

اَلَّذِيۡنَ،اسم موصول جمع مذکر (وہ جو)

يَرِثُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب وَرِثَ،يَرِثُ مصدر وِرۡثًا، وِرَاثَةٌ،وارث ہونا (وہ وارث ہوں گے)

اَلۡفِرۡدَوۡسَ،فردوس، وہ باغ جس کے درخت پھیلتے جائیں،اعلیٰ درجہ کی جنت جو وسط میں واقع ہے

هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿۱۱﴾	وہ اس میں ہمیشہ رہنے والے ہیں

هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

فِيۡهَا (فِيۡ،هَا) فِيۡ، حرف جار، میں،هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب ،اس، ضمیر کا مرجع اَلۡفِرۡدَوۡسَ ہے (اس میں) خٰلِدُوۡنَ، خُلُوۡدٌ مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ہمیشہ رہنے والے)

وَ لَقَدۡ خَلَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنۡ سُلٰلَةٍ مِّنۡ طِيۡنٍ ۚ﴿۱۲﴾	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے انسان کو مٹی کے جوہر سے پیدا کیا

وَ، حرف عطف (اور) لَقَدۡ (لَ۔قَدۡ) لَ،لام تاکید بلا شبہ ،قَدۡ، کلمہ تحقیق ،یقیناً (بلا شبہ یقیناً)

خَلَقۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم خَلَقَ ،يَخۡلُقُ مصدر خَلۡقًا پیدا کرنا (ہم نے پیدا کیا) اَلۡاِنۡسَانَ (انسان کو)

مِنۡ سُلٰلَةٍ،مِنۡ، حرف جار، سے ،سُلٰلَةٍ، مجرور، سَلٌّ، سے اسم مشتق چنی ہوئی، نچوڑی ہوئی، نچوڑ خلاصہ جوہر (جوہر سے) مِّنۡ طِيۡنٍ، مِنۡ، حرف جار، ضرور تاً ترجمہ کے کیا جاتا ہے،طِيۡنٍ، مجرور، مٹی (مٹی کے)

ثُمَّ جَعَلۡنٰهُ نُطۡفَةً فِيۡ قَرَارٍ	پھر ہم نے اسے نطفہ بنا کر ایک مضبوط ٹھکانے میں رکھا

مَّكِيْنٍ ﴿۱۳﴾	

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) جَعَلْنٰهُ (جَعَلْنَا، ہٗ) جَعَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا، رکھنا (ہم نے رکھا) ہٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (ہم نے اسے رکھا)

نُطْفَةً (ایک قطرہ نطفہ) فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ (فِيْ، قَرَارٍ، مَكِيْنٍ) فِيْ، حرف جار، میں، قَرَارٍ، مجرور، موصوف اسم مصدر، ٹھہرنا، ٹھہراؤ، ٹھہرانے کی جگہ، ٹھکانہ، مَكِيْنٍ، كَوْنًا، مصدر سے صفت مشبہ، عزت والا، مضبوط (ایک مضبوط ٹھکانہ میں)

ثُمَّ خَلَقْنَا النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ق	پھر ہم نے نطفہ کو جما ہوا خون (لوتھڑا) بنادیا، پھر ہم نے جمے ہوئے خون (لوتھڑے) کو گوشت کا ٹکڑا (بوٹی) بنادیا پھر ہم نے گوشت کے ٹکڑے (بوٹی) کو ہڈیاں بنادیا پھر ہم نے ہڈیوں کو گوشت پہنایا

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) خَلَقْنَا، فعل ماضی جمع متکلم خَلَقَ يَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا، بنا دینا (ہم نے بنادیا) اَلنُّطْفَةَ (نطفہ، ایک قطرہ) عَلَقَةً (لوتھڑا، رطوبت کے ساتھ جما ہوا خون)

فَخَلَقْنَا (فَ۔ خَلَقْنَا) فَ، حرف عطف، پھر، خَلَقْنَا، پیدا کرنا، بنادینا، ہم نے بنادیا (پھر ہم نے بنادیا)

اَلْعَلَقَةَ (جما ہوا خون، لوتھڑا) مُضْغَةً، اسم (منہ سے چبانے والی چیز، گوشت کا ٹکڑہ، بوٹی)

فَخَلَقْنَا (فَ۔ خَلَقْنَا) فَ، حرف عطف پھر، خَلَقْنَا، فعل ماضی جمع متکلم خَلَقَ يَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا، بنادینا (ہم نے بنادیا) اَلْمُضْغَةَ (گوشت کا ٹکڑا، بوٹی) عِظٰمًا (ہڈیاں) واحد، عَظْمٌ،

فَكَسَوْنَا (فَ، كَسَوْنَا) فَ، حرف عطف پھر، كَسَوْنَا، فعل ماضی جمع متکلم كَسَا يَكْسُوْ، مصدر كَسْوًا، پہنانا، کپڑے پہنانا، ہم نے پہنایا (پھر ہم نے پہنایا)

اَلْعِظٰمَ (ہڈیوں کو) لَحْمًا (گوشت)

ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ط	پھر ہم نے اسے دوسری صورت میں پیدا کر دیا

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) اَنْشَاْنٰهُ (اَنْشَاْنَا، هُ) اَنْشَاْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْشَاَ يُنْشِئُ، مصدر اِنْشَآءٌ، پیدا کرنا، ہم نے پیدا کر دیا، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (ہم نے اسے پیدا کر دیا)

خَلْقًا، مصدر (پیدائش، بناوٹ، صورت) اٰخَرَ (دوسری)

فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿١٤﴾	سو اللہ بہت برکت والا ہے وہ پیدا کرنے والوں میں سب سے بہتر ہے

فَتَبٰرَكَ (فَ، تَبٰرَكَ) فَ، حرف عطف، سو، تَبٰرَكَ، تَبٰرُكٌ، مصدر سے فعل ماضی واحد مذکر غائب، اس فعل کی گردان نہیں آتی اور صرف ماضی کا ایک صیغہ مستعمل ہے، جو اللہ تعالیٰ کے لیے آتا ہے وہ بہت برکت والا ہے، وہ بڑی برکت والا ہے (سو وہ بہت برکت والا ہے) اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

اَحْسَنُ، حُسْنٌ، سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ اچھا، بہترین، سب سے بہتر)

اَلْخٰلِقِيْنَ، خَلْقًا، مصدر سے اسم فاعل کا صیغہ جمع مذکر بحالت نصب (پیدا کرنے والے، بنانے والے)

ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ﴿١٥﴾	پھر بے شک تم اس کے بعد ضرور مرنے والے ہو

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) اِنَّكُمْ (اِنَّ۔ كُمْ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (بے شک تم) بَعْدَ ذٰلِكَ، بَعْدَ، مضاف، بعد، ذٰلِكَ، مضاف الیہ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس کے بعد) لَمَيِّتُوْنَ (لَ، مَيِّتُوْنَ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، مَيِّتُوْنَ، مرنے والے، واحد، مَيِّتٌ،

ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ ﴿١٦﴾	پھر بے شک تم قیامت کے دن اٹھائے جاؤ گے

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) اِنَّكُمْ (اِنَّ۔ كُمْ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (بے شک تم) يَوْمَ الْقِيٰمَةِ، يَوْمَ، مضاف دن، اَلْقِيٰمَةِ، مضاف الیہ، قیامت کے (قیامت کے دن)

تُبْعَثُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر بَعَثَ يَبْعَثُ، مصدر بَعْثٌ، بھیجنا، موت کے بعد اٹھانا، بیدار کرنا (تم اٹھائے جاؤ گے)

وَ لَقَدْ خَلَقْنَا فَوْقَكُمْ سَبْعَ طَرَآئِقَ ۖ	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے تمہارے اوپر سات راستے بنائے ہیں

وَ لَقَدْ (وَ، لَ، قَدْ) وَ، حرف عطف اور، لَ، لام تاکید، بلا شبہ، قَدْ، کلمہ تحقیق، یقیناً (اور بلا شبہ یقیناً)
خَلَقْنَا، فعل ماضی جمع متکلم خَلَقَ یَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا، بنانا (ہم نے بنائے ہیں)
فَوْقَكُمْ (فَوْقَ، كُمْ) فَوْقَ، مضاف، اوپر، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے اوپر) سَبْعَ (سات) طَرَآئِقَ (راستے) واحد، طَرِيقَةٌ، سَبْعَ طَرَآئِقَ، سے مراد سات آسمان ہیں، انہیں راستے اس لئے کہا گیا ہے کہ فرشتوں کی آمد و رفت ان میں سے ہوتی ہے۔

وَمَا كُنَّا عَنِ الْخَلْقِ غٰفِلِيْنَ ﴿۱۷﴾	اور ہم مخلوق سے غافل نہیں ہیں۔

وَ، حرف عطف اور، مَا، نافیہ (نہیں) كُنَّا، فعل ماضی جمع متکلم كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (ہم ہیں)
عَنِ الْخَلْقِ (عَنْ، اَلْخَلْقِ) عَنِ، حرف جار، سے، اَلْخَلْقِ، مجرور، تخلیق، پیدائش، مخلوق (مخلوق سے)
غٰفِلِيْنَ، غَفْلَةٌ، سے اسم فاعل جمع مذکر، غفلت کرنے والے، واحد، غَافِلٌ (غافل)

وَ اَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۢ بِقَدَرٍ فَاَسْكَنّٰهُ فِي الْاَرْضِ ۖ	اور ہم نے آسمان سے ایک اندازے سے پانی اتارا پھر ہم نے اسے زمین میں ٹھہرایا۔

وَ، حرف عطف (اور) اَنْزَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، اتارنا، نازل کرنا (ہم نے اتارا) مِنَ السَّمَآءِ (مِنْ، اَلسَّمَآءِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلسَّمَآءِ، مجرور، آسمان، جمع، اَلسَّمٰوٰتِ (آسمان سے) مَآءً (پانی) بِقَدَرٍ (بِ، قَدَرٍ) بِ، حرف جار، سے، قَدَرٍ، مجرور، ایک اندازے (ایک اندازے سے)
فَاَسْكَنّٰهُ (فَ، اَسْكَنَّا، هُ) فَ، حرف عطف، پھر، اَسْكَنَّا، فعل ماضی جمع متکلم اَسْكَنَ يُسْكِنُ، مصدر اِسْكَانًا، ٹھہرانا، ہم نے ٹھہرایا، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے، (پھر ہم نے اسے ٹھہرایا)
فِي الْاَرْضِ (فِيْ، اَلْاَرْضِ) فِي، حرف جار، میں، اَلْاَرْضِ، مجرور، زمین (زمین میں)

وَ اِنَّا عَلٰى ذَهَابٍ ۢ بِهٖ لَقٰدِرُوْنَ ﴿۱۸﴾	اور بے شک ہم اس کے لے جانے پر یقیناً قدرت رکھنے والے ہیں۔

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّا (اِنَّ، نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

عَلٰی ذَهَابٍ، عَلٰی، حرف جار، پر، ذَهَابٍ، مجرور، مصدر، ہے جانا، لے جانا (لے جانے پر)

بِهٖ (بِ،هٖ) بِ، حرف جار، کے، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس ضمیر کا مرجع مَآءً، ہے (اس کے)

لَقٰدِرُوْنَ (لَ، قٰدِرُوْنَ) لَ، لام تاکید، یقیناً، قٰدِرُوْنَ، قُدْرَةٌ، سے اسم فاعل جمع مذکر، قدرت رکھنے والے، واحد، قَادِرٌ (یقیناً قدرت رکھنے والے ہیں)

فَاَنْشَاْنَا لَكُمْ بِهٖ جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّ اَعْنَابٍ ۘ	پھر ہم نے تمہارے لئے اس کے ذریعے کھجوروں اور انگوروں کے باغات پیدا کئے

وقف لازم

فَاَنْشَاْنَا (فَ، اَنْشَاْنَا) فَ، حرف عطف، پھر، اَنْشَاْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْشَاَ يُنْشِئُ، مصدر اِنْشَآءٌ پیدا کرنا، ہم نے پیدا کئے (پھر ہم نے پیدا کئے)

لَكُمْ (لَ۔ كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

بِهٖ (بِ۔ هٖ) بِ، حرف جار، کے ذریعے، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس ضمیر کا مرجع مَآءً ہے (اس کے ذریعے) جَنّٰتٍ، باغات، واحد، جَنَّةٌ، مِّنْ نَّخِيْلٍ، مِنْ، حرف جار، سے، نَخِيْلٍ، مجرور، کھجوروں، (کھجوروں سے) وَ، حرف عطف (اور) اَعْنَابٍ (انگوروں)

لَكُمْ فِيْهَا فَوَاكِهُ كَثِيْرَةٌ وَّ مِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ﴿۱۹﴾	تمہارے لئے ان میں بہت سے پھل ہیں اور تم ان میں سے کھاتے ہو

لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع جَنّٰتٍ ہے (ان میں) فَوَاكِهُ (پھلوں) واحد، فَاكِهَةٌ، كَثِيْرَةٌ، كَثْرَةٌ، سے صفت مشبہ واحد مؤنث (بہت)

وَ، حرف عطف (اور) مِنْهَا (مِنْ، هَا) مِنْ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع فَوَاكِهُ ہے (ان میں سے)

تَاْكُلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَكَلَ يَاْكُلُ، مصدر اَكْلًا، کھانا (تم کھاتے ہو)

وَشَجَرَةً تَخْرُجُ مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ تَنْۢبُتُ بِالدُّهْنِ وَصِبْغٍ لِّلْاٰكِلِيْنَ ۝	اور ایک درخت (زیتون) طور سینا سے نکلتا ہے وہ تیل اور کھانے والوں کے لئے سالن لے کر اُگتا ہے۔

وَ شَجَرَةً، وَ، حرف عطف، اور، شَجَرَةً، ایک درخت (اور درخت)

تَخْرُجُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب خَرَجَ يَخْرُجُ، مصدر خُرُوْجٌ، نکلنا، شَجَرَةً، درخت، اردو میں مذکر عربی میں مؤنث ہے (وہ نکلتا ہے)

مِنْ طُوْرِ سَيْنَآءَ، مِنْ، حرف جار، سے، طُوْرِ، مجرور، مضاف، طور، سَيْنَآءَ، مضاف الیہ، سینا (طور سینا سے) تَنْۢبُتُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب نَبَتَ يَنْۢبُتُ، مصدر نَبْتٌ، اگانا، اُگنا (وہ اُگتا ہے)

بِالدُّهْنِ (بِ، اَلدُّهْنِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلدُّهْنِ، مجرور، اسم ہے روغن، تیل، چکنائی، جمع اَدْهَانٌ (تیل کے ساتھ، تیل لے کر) وَ، حرف عطف (اور)

صِبْغٍ، سالن، وہ سالن کہ جب روٹی اس میں ڈبوئی جائے تو روٹی کو رنگ دے، جمع، اَصْبَاغٌ،

لِّلْاٰكِلِيْنَ (لِ، اَلْاٰكِلِيْنَ) لِ، حرف جار، کے لئے، اَلْاٰكِلِيْنَ، مجرور، اَكْلٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر حالت نصب، کھانے والے، واحد، اٰكِلٌ (کھانے والوں کے لئے)

وَاِنَّ لَكُمْ فِى الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ	اور بلاشبہ تمہارے لئے چوپاوں میں یقیناً عبرت ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک، بلاشبہ)

لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

فِى الْاَنْعَامِ (فِىْ، اَلْاَنْعَامِ) فِىْ، حرف جار، میں، اَلْاَنْعَامِ، مجرور، چوپاؤں (چوپاؤں میں)

لَعِبْرَةً (لَ، عِبْرَةً) لَ، لام تاکید، یقیناً، عِبْرَةً، عبرت، نصیحت، (یقیناً عبرت)

نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِىْ بُطُوْنِهَا وَلَكُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ كَثِيْرَةٌ وَّمِنْهَا تَاْكُلُوْنَ ۝	ہم اس میں سے جو ان کے پیٹوں میں ہے تمہیں پلاتے ہیں اور تمہارے لئے ان میں بہت سے فائدے ہیں اور ان میں سے تم کھاتے ہو۔

نُسْقِيْكُمْ (نُسْقِيْ، كُمْ) نُسْقِيْ، فعل مضارع جمع متکلم اَسْقٰى يُسْقِيْ، مصدر اِسْقَآءٌ، پلانا، ہم پلاتے ہیں، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (ہم تمہیں پلاتے ہیں)

مِّمَّا (مِنْ، مَا) مِنْ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)

فِيْ بُطُوْنِهَا (فِيْ، بُطُوْنِ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، بُطُوْنِ، مجرور، مضاف، پیٹوں، واحد، بَطْنٌ، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، ضمیر کا مرجع اَلْاَنْعَامِ ہے (ان کے پیٹوں میں)

وَ، حرف عطف (اور) لَكُمْ (لَ۔ كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے، (تمہارے لئے) فِيْهَا (فِيْ۔ هَا) فِي، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مونث غائب، اس، ضمیر کا مرجع اَلْاَنْعَامِ ہے (ان میں) مَنَافِعُ، اسم جمع مرفوع، فائدے، واحد، مَنْفَعَةٌ،

كَثِيْرَةٌ، كَثْرَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت سے) وَ، حرف عطف (اور)

مِنْهَا (مِنْ، هَا) مِنْ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع اَلْاَنْعَامِ ہے (ان میں سے) تَاْكُلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَكَلَ يَاْكُلُ، مصدر اَكْلًا، کھانا (تم کھاتے ہو)

وَعَلَيْهَا وَعَلَى الْفُلْكِ تُحْمَلُوْنَ ۝	اور ان پر اور کشتیوں پر تم سوار کئے جاتے ہو

ع ۲۲ ۱

وَ، حرف عطف (اور) عَلَيْهَا (عَلٰى، هَا) عَلٰى، حرف جار، پر، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، اَلْاَنْعَامِ ہے (ان پر) وَ، حرف عطف (اور)

عَلَى الْفُلْكِ، عَلَى، حرف جار، پر، اَلْفُلْكِ، مجرور، کشتیوں، واحد، فَلَكٌ (کشتیوں پر)

تُحْمَلُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر حَمَلَ يَحْمِلُ، مصدر حَمْلًا، اٹھانا، سوار کرنا (تم سوار کئے جاتے ہو)

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا نُوْحًا اِلٰى قَوْمِهٖ فَقَالَ يٰقَوْمِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے (حضرت) نوح کو اس کی قوم کی طرف بھیجا تو اس نے کہا اے میری قوم! تم اللہ کی عبادت کرو تمہارے لئے اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے

وَ، حرف عطف (اور) لَقَدۡ (لَ ۔ قَدۡ) لَ، لام تاکید، بلا شبہ، قَدۡ، کلمہ تحقیق، یقیناً (بلا شبہ، یقیناً)

اَرۡسَلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَرۡسَلَ یُرۡسِلُ، مصدر اِرۡسَالًا، بھیجنا (ہم نے بھیجا) نُوۡحًا (حضرت نوح)

اِلٰی قَوۡمِهٖ (اِلٰی، قَوۡمِ، ہٖ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، قَوۡمِ، مجرور، مضاف، قوم، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (اس کی قوم کی طرف)

فَقَالَ (فَ ۔ قَالَ) فَ، حرف عطف، تو، قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، اس نے کہا (تو اس نے کہا)

یٰقَوۡمِ، اصل میں، یٰقَوۡمِیۡ، تھا (یَا، قَوۡمِ، یۡ) یَا، حرف ندا، اے، قَوۡمِیۡ، منادٰی، قَوۡمِ، مضاف، قوم، یۡ، مضاف الیہ، محذوف ہے، ضمیر واحد متکلم، میری (اے میری قوم)

اُعۡبُدُوا اللّٰهَ (اُعۡبُدُوۡا، اَللّٰهَ) اُعۡبُدُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر عَبَدَ یَعۡبُدُ، مصدر عِبَادَةٌ، عبادت کرنا تم عبادت کرو، اَللّٰهَ، اللہ (تم اللہ کی عبادت کرو) مَا، نافیہ (نہیں)

لَکُمۡ (لَ ۔ کُمۡ) لَ، حرف جار، لئے، کُمۡ، مجرور ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

مِّنۡ اِلٰهٍ، مِنۡ، حرف جار، زائد برائے عموم، اِلٰهٍ، مجرور (کوئی معبود)

غَیۡرُهٗ (غَیۡرُ، هٗ) غَیۡرُ، مضاف، سوا، علاوہ، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے سوا)

اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ ﴿۲۳﴾	تو کیا تم ڈرتے نہیں؟

اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ (اَ، فَ، لَا تَتَّقُوۡنَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو، لَا تَتَّقُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر اِتَّقٰی یَتَّقِیۡ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا (تم ڈرتے نہیں)

فَقَالَ الۡمَلَؤُا الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مِنۡ قَوۡمِهٖ مَا هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثۡلُكُمۡ ۙ يُرِيۡدُ اَنۡ يَّتَفَضَّلَ عَلَيۡكُمۡ ؕ	تو اس کی قوم میں سے ان سرداروں نے کہا جنھوں نے کفر کیا یہ نہیں ہے مگر تمہارے جیسا ایک بشر وہ چاہتا ہے کہ تم پر برتری حاصل کرے۔

فَقَالَ الۡمَلَؤُا (فَ ۔ قَالَ ۔ اَلۡمَلَؤُا) فَ، حرف عطف، تو، قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ،

مصدر قَوْلًا، کہنا، کہا، اَلْمَلَؤُا، سرداروں (تو سرداروں نے کہا)

اَلَّذِیْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان نے جنہوں نے)

کَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر کَفَرَ یَکْفُرُ، مصدر کُفْرًا، کفر کرنا، (انہوں نے کفر کیا)

مِنْ قَوْمِهٖ (مِنْ، قَوْمِ، ہٖ) مِنْ، حرف جار، سے، قَوْمِ، مجرور، مضاف، قوم، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (اس کی قوم میں سے) مَا، نافیہ (نہیں)

هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ) اِلَّا، حرف استثنا (مگر) بَشَرٌ (ایک بشر)

مِّثْلُكُمْ (مِثْلُ، کُمْ) مِثْلُ، مضاف، مثل، مانند، جیسا، کُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے جیسا) یُرِیْدُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَرَادَ یُرِیْدُ، مصدر، اِرَادَةٌ، ارادہ کرنا، چاہنا (وہ چاہتا ہے) اَنْ، مصدریہ (کہ) یَّتَفَضَّلَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب تَفَضَّلَ یَتَفَضَّلُ، مصدر تَفَضُّلٌ بڑا ہونا، برتری حاصل کرنا (وہ برتری حاصل کرے)

عَلَیْكُمْ (عَلٰی، کُمْ) عَلٰی، حرف جار، پر، کُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر (تم پر)

وَ لَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً ۚۖ	اور اگر اللہ چاہتا تو وہ ضرور فرشتے اتار دیتا۔

وَ، حرف عطف (اور) لَوْ، شرطیہ (اگر) شَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیْٓئَةٌ، چاہنا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ چاہتا) اَللّٰهُ، خالق کائنات کا نام (اللہ)

لَاَنْزَلَ (لَ، اَنْزَلَ) لَ، لام تاکید، ضرور، اَنْزَلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَنْزَلَ یُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، اتارنا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ "وہ اتارتا" (وہ ضرور اتار دیتا) مَلٰٓئِكَةً (فرشتے) واحد، اَلْمَلَكُ،

مَّا سَمِعْنَا بِهٰذَا فِیْٓ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِیْنَ ۚ۝	ہم نے اس (کلمہ توحید) کو اپنے پہلے آباؤ اجداد میں نہیں سنا

مَا، نافیہ (نہیں) سَمِعْنَا، فعل ماضی جمع متکلم سَمِعَ یَسْمَعُ، مصدر سَمْعًا، سننا (ہم نے سنا)

بِهٰذَا (بِ، هٰذَا) بِ، حرف جار، کو، هٰذَا، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر قریب، اس (اس کو)

فِيْٓ اٰبَآىِٕنَا (فِيْ، اٰبَآءِ، نَا) فِيْ، حرف جار، میں، اٰبَآءِ، مجرور، مضاف، آباؤاجداد، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، اپنے (اپنے آباؤاجداد میں) اَلْاَوَّلِيْنَ (اگلے، پہلے) واحد، اَلْاَوَّلُ،

اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلٌۢ بِهٖ جِنَّةٌ فَتَرَبَّصُوْا بِهٖ حَتّٰى حِيْنٍ ﴿۲۵﴾	وہ نہیں ہے مگر ایک آدمی، اس کو ایک جنون ہے سو تم ایک وقت تک اس کے بارے میں انتظار کرو

اِنْ، صلہ میں، اِلَّا ہے، اس لئے نافیہ (نہیں) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ) اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر) رَجُلٌ (ایک آدمی) بِهٖ (بِ۔ هٖ) بِ، حرف جار، کو، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کو) جِنَّةٌ، جُنُوْنٌ، سے مشتق (ایک جنون، دیوانگی) فَتَرَبَّصُوْا (فَ۔ تَرَبَّصُوْا) فَ، حرف عطف، سو، تَرَبَّصُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر تَرَبَّصَ يَتَرَبَّصُ، مصدر تَرَبُّصٌ، انتظار کرنا، تم انتظار کرو (سو تم انتظار کرو) بِهٖ (بِ۔ هٖ) بِ، حرف جار، کے بارے، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے بارے میں) حَتّٰى حِيْنٍ، حَتّٰى، حرف جار برائے غایت، اِلٰى، تک، حِيْنٍ، مجرور، ایک وقت، ایک زمانہ، مدت، جمع، اَحْيَانٌ (ایک وقت تک)

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ﴿۲۶﴾	اس (حضرت نوح) نے کہا اے میرے رب! تو میری مدد کر اس پر کہ اُنہوں نے مجھے جھٹلایا ہے

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس نے کہا)

رَبِّ، اصل میں، يَا رَبِّيْ، تھا (يَا۔ رَبِّ۔ يْ) يَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبِّيْ، منادٰی، رَبِّ، مضاف، رب، يْ، مضاف الیہ، محذوف، ضمیر واحد متکلم، میرے (اے میرے رب)

اُنْصُرْنِيْ (اُنْصُرْ، نِ، يْ) اُنْصُرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر نَصَرَ يَنْصُرُ، مصدر نَصْرًا، مدد کرنا، تو مدد کر، نِ، نون وقایہ، يْ، ضمیر واحد متکلم، میری (تو میری مدد کر)

بِمَا (بِ۔ مَا) بِ، حرف جار، پر، مَا، مجرور، مصدریہ، کہ (اس پر کہ)

كَذَّبُوْنِ، اصل میں، كَذَّبُوْنِيْ، تھا، وقف کی وجہ سے، يْ، حرف علت محذوف ہے۔

(كَذَّبُوْا۔نِ۔یْ) كَذَّبُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَذَّبَ يُكَذِّبُ، مصدر تَكْذِيْبٌ، جھٹلانا، اُنہوں نے جھٹلایا ہے، نِ، نون وقایہ، یْ، ضمیر واحد متکلم محذوف، مجھے (اُنہوں نے مجھے جھٹلایا ہے)

فَاَوْحَيْنَآ اِلَيْهِ اَنِ اصْنَعِ الْفُلْكَ بِاَعْيُنِنَا وَ وَحْيِنَا فَاِذَا جَآءَ اَمْرُنَا وَ فَارَ التَّنُّوْرُ ۙ فَاسْلُكْ فِيْهَا مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ وَ اَهْلَكَ اِلَّا مَنْ سَبَقَ عَلَيْهِ الْقَوْلُ مِنْهُمْ ۚ	تو ہم نے اس کی طرف وحی کی کہ تو ہماری آنکھوں کے سامنے اور ہماری وحی کے مطابق کشتی بنا پھر جب ہمارا حکم آجائے اور تنور اُبل پڑے تو تو اس میں ہر قسم (کے جانوروں) میں سے جوڑا جوڑا (نر،مادہ) اور اپنے گھر والے داخل کر سوائے ان میں سے وہ جس پر فرمان (عذاب) پہلے طے ہو چکا

فَاَوْحَيْنَا (فَ۔اَوْحَيْنَا) فَ، حرف عطف، تو، اَوْحَيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَوْحٰى يُوْحِيْ، مصدر اِيْحَآءٌ، وحی کرنا، ہم نے وحی کی (تو ہم نے وحی کی)

اِلَيْهِ (اِلٰى۔هِ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کی طرف)

اَنْ، مصدریہ (کہ) اِصْنَعِ، فعل امر واحد مذکر حاضر صَنَعَ يَصْنَعُ، مصدر صَنْعًا، بنانا، تیار کرنا (تو بنا)

اَلْفُلْكَ (کشتی) بِاَعْيُنِنَا (بِ۔اَعْيُنِ۔نَا) بِ، حرف جار، کے، اَعْيُنِ، مجرور، مضاف، آنکھوں، واحد، عَيْنٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری آنکھوں کے سامنے) وَ، حرف عطف (اور)

وَحْيِنَا (وَحْيِ۔نَا) وَحْيِ، مضاف، وحی، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری وحی کے مطابق)

فَاِذَا (فَ۔اِذَا) فَ، حرف عطف، پھر، اِذَا، اسم ظرف مستقبل بمعنی شرط، جب (پھر جب)

جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِيْٓءُ، مصدر مَجِيْٓءٌ، آنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ آجائے)

اَمْرُنَا (اَمْرُ۔نَا) اَمْرُ، مضاف، حکم، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارا (ہمارا حکم)

وَ، حرف عطف (اور) فَارَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب فَارَ يَفُوْرُ، مصدر فَوْرًا، فَوَرَانًا، اُبل پڑنا، بہہ نکلنا (وہ اُبل پڑا) اَلتَّنُّوْرُ (تنور) فَاسْلُكْ (فَ۔اُسْلُكْ) فَ، حرف عطف، تو، اُسْلُكْ، فعل امر واحد مذکر حاضر

سَلَكَ يَسۡلُكُ، مصدر، سَلۡكًا،وَسُلُوۡكًا، راستہ بنانا، چلنا، داخل کرنا، تو داخل کر (تو تو داخل کر)
فِيۡهَا (فِيۡ۔ هَا) فِيۡ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس (اس میں)
مِنۡ كُلٍّ زَوۡجَيۡنِ اثۡنَيۡنِ، مِنۡ، حرف جار، سے، كُلٍّ، مجرور، مضاف، ہر، ہر قسم کے جانوروں،
زَوۡجٌ، نر کے کئے بھی بولا جاتا ہے اور مادہ کے لئے بھی، زَوۡجَيۡنِ، زَوۡجٌ، کا تثنیہ ہے معنی ایک نر اور ایک مادہ کا جوڑا، نر اور مادہ، اِثۡنَيۡنِ، زَوۡجَيۡنِ، کی تاکید کے لئے دو، جوڑا ہر قسم (کے جانوروں) میں سے جوڑا جوڑا (نر اور مادہ) وَ، حرف عطف (اور)
اَهۡلَكَ (اَهۡلَ، كَ) اَهۡلَ، مضاف، گھر والے، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، اپنے (اپنے گھر والے) اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر، سوائے) مَنۡ، اسم موصول (وہ جس)
سَبَقَ فعل ماضی واحد مذکر غائب سَبَقَ يَسۡبِقُ، مصدر سَبۡقًا، پہل کرنا، پہلے طے کرنا (پہلے طے ہو چکا) عَلَيۡهِ (عَلٰى۔ هِ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس پر)
اَلۡقَوۡلُ، مصدر (بات، فرمان)
مِنۡهُمۡ (مِنۡ۔ هُمۡ) مِنۡ، حرف جار، سے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان میں سے)

وَلَا تُخَاطِبۡنِيۡ فِي الَّذِيۡنَ ظَلَمُوۡا ۚ	اور تو مجھ سے ان لوگوں کے بارے میں بات نہ کرنا جنہوں نے ظلم کیا

وَ، حرف عطف (اور) لَا تُخَاطِبۡنِيۡ (لَا تُخَاطِبۡ، نِ، يۡ) لَا تُخَاطِبۡ، فعل نہی واحد مذکر حاضر خَاطَبَ يُخَاطِبُ، مصدر مُخَاطَبَةٌ، مخاطب کرنا، گفتگو کرنا، بات کرنا، تو بات نہ کرنا، نِ، نون وقایہ، يۡ، ضمیر واحد متکلم، مجھ سے (تو مجھ سے بات نہ کرنا)
فِي الَّذِيۡنَ (فِيۡ اَلَّذِيۡنَ) فِيۡ، حرف جار، کے بارے میں، کے متعلق، اَلَّذِيۡنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جنہوں نے (ان لوگوں کے بارے میں جنہوں نے)
ظَلَمُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب ظَلَمَ يَظۡلِمُ، مصدر ظُلۡمًا، ظلم کرنا (اُنہوں نے ظلم کیا)

اِنَّهُمۡ مُّغۡرَقُوۡنَ ۝۲۷	بے شک وہ غرق کئے جانے والے ہیں

اِنَّهُمۡ (اِنَّ۔ هُمۡ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (بے شک وہ)
مُغۡرَقُوۡنَ، اِغۡرَاقٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر (غرق کئے جانے والے) واحد، مُغۡرَقٌ،

فَاِذَا اسۡتَوَيۡتَ اَنۡتَ وَمَنۡ مَّعَكَ عَلَى الۡفُلۡكِ فَقُلِ الۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِىۡ نَجّٰٮنَا مِنَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ۝۲۸	پھر جب تو اور جو تیرے ساتھ ہیں کشتی پر بیٹھ جائیں تو کہنا سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے ہمیں ظالم لوگوں سے نجات دی

فَاِذَا (فَ۔ اِذَا) فَ، حرف عطف، پھر، اِذَا، اسم ظرف مستقبل بمعنی شرط، جب (پھر جب)
اِسۡتَوَيۡتَ، فعل ماضی واحد مذکر حاضر اِسۡتَوٰى يَسۡتَوِىۡ، مصدر اِسۡتِوَآءٌ، چڑھنا، بیٹھ جانا (تو بیٹھ جائے) اَنۡتَ، ضمیر واحد مذکر حاضر (تو) وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، اسم موصول (جو)
مَّعَكَ (مَعَ۔ كَ) مَعَ، مضاف، ساتھ، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تیرے (تیرے ساتھ)
عَلَى الۡفُلۡكِ (عَلٰى، اَلۡفُلۡكِ) عَلٰى، حرف جار، پر، اَلۡفُلۡكِ، مجرور، کشتی (کشتی پر)
فَقُلِ (فَ۔ قُلِ) فَ، حرف عطف، تو، قُلِ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، تو کہہ (تو کہنا) اَلۡحَمۡدُ (سب تعریف)
لِلّٰهِ (لِ۔ اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کے لئے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کے لئے)
اَلَّذِىۡ، اسم موصول واحد مذکر (جس نے)
نَجّٰٮنَا (نَجّٰى۔ نَا) نَجّٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب نَجّٰى يُنَجِّىۡ، مصدر تَنۡجِيَةٌ، نجات دینا، اس نے نجات دی، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہمیں (اس نے ہمیں نجات دی)
مِنَ الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ، مِنۡ، حرف جار، سے، اَلۡقَوۡمِ، مجرور، موصوف، قوم، لوگوں، اَلظّٰلِمِيۡنَ، صفت، ظُلۡمٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ظلم کرنے والے، واحد، اَلظَّالِمُ، ظالم (ظالم لوگوں سے)

وَقُلۡ رَّبِّ اَنۡزِلۡنِىۡ مُنۡزَلًا مُّبٰرَكًا وَّ	اور تو کہہ اے میرے رب تو مجھے بابرکت منزل پر اتار اور

اَنۡتَ خَيۡرُ الۡمُنۡزِلِيۡنَ ﴿۲۹﴾	تو اتارنے والوں میں سب سے بہتر ہے

وَ، حرف عطف (اور) قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (تو کہنا، تو کہہ)

رَبِّ، اصل میں، يَارَبِّيۡ، تھا (يَا۔ رَبِّ۔ يۡ) يَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبِّيۡ، منادیٰ، رَبِّ، مضاف، رب، يۡ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم محذوف، میرے (اے میرے رب)

اَنۡزِلۡنِيۡ (اَنۡزِلۡ، نِ، يۡ) اَنۡزِلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر اَنۡزَلَ يُنۡزِلُ، مصدر اِنۡزَالًا، اتارنا، تو اتار، نِ، نون وقایہ، يۡ، ضمیر واحد متکلم، مجھے (تو مجھے اتار)

مُنۡزَلًا مُّبٰرَكًا، مُنۡزَلًا، موصوف، مصدر مجہول، اتارا جانا، یا ظرف مکان، اترنے کی جگہ، منزل، مُبٰرَكًا، صفت، مُبَارَكَةٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، بابرکت (بابرکت منزل) وَ، حرف عطف (اور)

اَنۡتَ، ضمیر واحد مذکر حاضر (تو) خَيۡرُ الۡمُنۡزِلِيۡنَ، خَيۡرُ، مضاف، خَيۡرُ، کا دو طرح کا استعمال ہے ایک اسم کے طور اور دوسرا وصف، وصف ہو کر افعل التفضیل کے معنی دیتا ہے (سب سے بہتر)

اَلۡمُنۡزِلِيۡنَ، اِنۡزَالًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، اتارنے والے، واحد، اَلۡمُنۡزِلُ (سب اتارنے والوں سے بہتر)

اِنَّ فِيۡ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ وَّ اِنۡ كُنَّا لَمُبۡتَلِيۡنَ ﴿۳۰﴾	بے شک اس میں یقیناً نشانیاں ہیں اور بلا شبہ ہم یقیناً آزمائش کرنے والے ہیں

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک)

فِيۡ ذٰلِكَ (فِيۡ، ذٰلِكَ) فِيۡ، حرف جار، میں، ذٰلِكَ، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر قریب، اس (اس میں)

لَاٰيٰتٍ (لَ، اٰيٰتٍ) لَ، لام تاکید، ضرور یقیناً، اٰيٰتٍ، نشانیاں، واحد، اٰيَةٌ (یقیناً نشانیاں ہیں)

وَ، حرف عطف (اور) اِنۡ، مخففہ ہے، اِنَّ، کی جگہ استعمال ہوا، اِنَّ، کی طرح تاکید اور یقین کے معنی دیتا ہے (بلا شبہ) كُنَّا، فعل ماضی جمع متکلم كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا (ہم ہیں)

لَمُبۡتَلِيۡنَ (لَ۔ مُبۡتَلِيۡنَ) لَ، لام تاکید، یقیناً، مُبۡتَلِيۡنَ، اِبۡتِلَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، آزمانے

والے، آزمائش کرنے والے (یقیناً آزمائش کرنے والے)

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قَرْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۳۱﴾	پھر ہم نے ان کے بعد دوسرے زمانے کے لوگ پیدا کئے

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) اَنْشَاْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْشَاَ يُنْشِئُ، مصدر اِنْشَآءٌ، پیدا کرنا (ہم نے پیدا کئے) مِنْۢ بَعْدِهِمْ (مِنْ، بَعْدِ، هِمْ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعْدِ، مجرور، مضاف، بعد، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے بعد)

قَرْنًا (ایک زمانے کے لوگ) اٰخَرِيْنَ (دوسرے) واحد، اٰخَرٌ،

فَاَرْسَلْنَا فِيْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ مَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ ؕ	پھر ہم نے ان میں انہی میں سے ایک رسول بھیجا یہ کہ تم اللہ کی عبادت کرو تمہارے لئے اس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے

فَاَرْسَلْنَا (فَ۔ اَرْسَلْنَا) فَ، حرف عطف، پھر، اَرْسَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَرْسَلَ يُرْسِلُ، مصدر اِرْسَالًا، بھیجنا (ہم نے بھیجا) فِيْهِمْ (فِيْ۔ هِمْ) فِيْ، حرف جار، میں، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان میں) رَسُوْلًا (ایک رسول) مِّنْهُمْ (مِنْ۔ هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان ہی میں سے) اَنْ، مصدریہ (یہ کہ)

اُعْبُدُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر عَبَدَ يَعْبُدُ، مصدر عِبَادَةٌ، عبادت کرنا (تم عبادت کرو)

اَللّٰهَ (اللہ کی) مَا، نافیہ (نہیں) لَكُمْ (لَ۔ كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے) مِّنْ اِلٰهٍ، مِنْ، حرف جار، زائد برائے عموم، اِلٰهٍ، معبود (کوئی معبود)

غَيْرُهٗ (غَيْرُ۔ هٗ) غَيْرُ، مضاف، سوا، علاوہ، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے سوا)

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿۳۲﴾ ع	تو کیا تم ڈرتے نہیں؟

اَفَلَا تَتَّقُوْنَ (اَ۔ فَ۔ لَا تَتَّقُوْنَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو، لَا تَتَّقُوْنَ، فعل مضارع

منفی جمع مذکر حاضر اِتَّقٰی یَتَّقِیْ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا، تم ڈرتے نہیں (تو کیا تم ڈرتے نہیں)

وَ قَالَ الْمَلَاُ مِنْ قَوْمِهِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَ كَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ وَ اَتْرَفْنٰهُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ	اور اس کی قوم میں سے ان سرداروں نے کہا جنہوں نے کفر کیا اور آخرت کی ملاقات کو جھٹلایا اور ہم نے انہیں دنیوی زندگی میں خوشحالی دے رکھی تھی

وَقَالَ الْمَلَاُ (وَ، قَالَ، اَلْمَلَاُ) وَ، حرف عطف، اور، قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا کہنا، کہا، اَلْمَلَاُ، سرداروں (اور سرداروں نے کہا)

مِنْ قَوْمِهٖ (مِنْ، قَوْمِ، هٖ) مِنْ، حرف جار، سے، قَوْمِ، مجرور، مضاف، قوم، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (اس کی قوم میں سے) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (ان نے جنہوں نے)

كَفَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا وَ كُفْرَانًا، کفر کرنا (انہوں نے کفر کیا)

وَ، حرف عطف (اور) كَذَّبُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَذَّبَ يُكَذِّبُ، مصدر تَكْذِيْبٌ، جھٹلانا (انہوں نے جھٹلایا) بِلِقَآءِ الْاٰخِرَةِ (بِ، لِقَآءِ، اَلْاٰخِرَةِ) بِ، حرف جار، کو، لِقَآءِ، مجرور، مضاف، حاصل مصدر ملاقات، اَلْاٰخِرَةِ، مضاف الیہ، آخرت کی (آخرت کی ملاقات کو) وَ، حرف عطف (اور)

اَتْرَفْنٰهُمْ (اَتْرَفْنَا۔ هُمْ) اَتْرَفْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَتْرَفَ يُتْرِفُ، مصدر اِتْرَافٌ، آرام دینا، خوشحالی دینا، آسودگی دینا، ہم نے خوشحالی دے رکھی تھی،

هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں خوشحالی دے رکھی تھی)

فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (فِىْ، اَلْحَيٰوةِ، اَلدُّنْيَا) فِىْ، حرف جار، میں، اَلْحَيٰوةِ، مجرور، موصوف، زندگی، اَلدُّنْيَا، صفت دنیوی (دنیوی زندگی میں)

مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۙ يَاْكُلُ مِمَّا تَاْكُلُوْنَ مِنْهُ وَ يَشْرَبُ مِمَّا تَشْرَبُوْنَ ۙ۝۳۳	یہ نہیں ہے مگر تمہارے جیسا ایک بشر وہ اس میں سے کھاتا ہے جس سے تم کھاتے ہو اور وہ اس میں سے پیتا ہے جو تم پیتے ہو

مَا هٰذَا (مَا، هٰذَا) مَا، نافیہ، نہیں، هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر، قریب، یہ (یہ نہیں ہے)
اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر) بَشَرٌ (ایک بشر، ایک انسان)
مِّثْلُكُمْ (مِثْلُ، كُمْ) مِثْلُ، مضاف، مانند، جیسا، مثل، طرح، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے جیسا) يَأْكُلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَكَلَ يَأْكُلُ، مصدر اَكْلًا، کھانا (وہ کھاتا ہے) مِمَّا (مِنْ۔ مَا) مِنْ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول جس (اس میں سے جس)
تَأْكُلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَكَلَ يَأْكُلُ، مصدر اَكْلًا، کھانا (تم کھاتے ہو)
مِنْهُ (مِنْ ۔ هُ) مِنْ، حرف جار، سے، هُ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس سے)
وَ، حرف عطف (اور) يَشْرَبُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَرِبَ يَشْرَبُ، مصدر شُرْبًا، پینا (وہ پیتا ہے) مِمَّا (مِنْ۔ مَا) مِنْ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول جو (اس میں سے جو)
تَشْرَبُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر شَرِبَ يَشْرَبُ، مصدر شُرْبًا، پینا (تم پیتے ہو)

وَلَىِٕنْ اَطَعْتُمْ بَشَرًا مِّثْلَكُمْ اِنَّكُمْ اِذًا لَّخٰسِرُوْنَ ﴿۳۴﴾	اور بلا شبہ اگر تم اپنے جیسے ایک بشر کی اطاعت کرو گے (تو) یقیناً تم اس وقت ضرور خسارہ پانے والے ہو جاؤ گے۔

وَلَىِٕنْ (وَ۔لَ۔اِنْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، بلا شبہ، اِنْ، شرطیہ، اگر (اور بلا شبہ اگر)
اَطَعْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اَطَاعَ يُطِيْعُ، مصدر اِطَاعَةٌ، اطاعت کرنا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ، (تم اطاعت کرو گے) بَشَرًا (ایک بشر)
مِثْلَكُمْ (مِثْلَ، كُمْ) مِثْلَ، مضاف، مانند، جیسے، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے جیسے) اِنَّكُمْ (اِنَّ، كُمْ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (یقیناً تم)
اِذًا، حرف جزا ہے، جواب اور جزا کیلئے آتا ہے (تب اس وقت)
لَّخٰسِرُوْنَ (لَ، خٰسِرُوْنَ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، خٰسِرُوْنَ، خُسْرَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، خسارہ پانے والے (ضرور خسارہ پانے والے)

اَيَعِدُكُمْ اَنَّكُمْ اِذَا مِتُّمْ وَ كُنْتُمْ تُرَابًا وَّ عِظَامًا اَنَّكُمْ مُّخْرَجُوْنَ ﴿۳۵﴾	کیا وہ تمہیں وعدہ دیتا ہے کہ بے شک جب تم مر جاؤ گے اور تم مٹی اور ہڈیاں ہو جاؤ گے (تو) بلا شبہ تم (دوبارہ) نکالے جانے والے ہو۔

اَيَعِدُكُمْ (اَ۔يَعِدُ۔كُمْ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، **يَعِدُ**، فعل مضارع واحد مذکر غائب **وَعَدَ يَعِدُ**، مصدر **وَعْدًا**، وعدہ دینا، وہ وعدہ دیتا ہے، **كُمْ**، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (کیا وہ تمہیں وعدہ دیتا ہے)

اَنَّكُمْ (اَنَّ ۔ كُمْ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک، **كُمْ**، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (کہ بے شک تم)

اِذَا، ظرف زمان مستقبل پر دلالت کرتا ہے اور کبھی ماضی کے لئے آتا ہے بمعنی شرط (جب)

مِتُّمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر **مَاتَ يَمُوْتُ**، مصدر **مَوْتًا**، مرنا، **اِذَا**، کی وجہ سے (تم مر جاؤ گے)

وَ حرف عطف (اور) **كُنْتُمْ**، فعل ماضی جمع مذکر حاضر **كَانَ يَكُوْنُ**، مصدر **كَوْنًا**، ہونا، **اِذَا**، کی وجہ سے ترجمہ (تم ہو جاؤ گے) **تُرَابًا** (مٹی) **وَ**، حرف عطف (اور) **عِظَامًا** (ہڈیاں) واحد، **عَظْمٌ**،

اَنَّكُمْ (اَنَّ۔كُمْ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک، کہ بلاشبہ، **كُمْ**، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (کہ بے شک تم، بلاشبہ تم) **مُخْرَجُوْنَ**، **اِخْرَاجًا**، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (نکالے جانے والے)

هَيْهَاتَ هَيْهَاتَ لِمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿۳۶﴾	دور ہے بہت دور ہے جس کا تم وعدہ دیئے جاتے ہو

هَيْهَاتَ، اسم فعل بمعنی ماضی بھی ہے یعنی، **بَعُدَ**، اور بمعنی مصدر بھی یعنی، **بُعْدٌ**، دور ہے، ناممکن ہے،

هَيْهَاتَ، اسم فعل بمعنی ماضی بھی ہے یعنی ، **بَعُدَ**، بمعنی مصدر بھی یعنی، **بُعْدٌ** ہے، بہت دور ہے، ناممکن ہے، **لِمَا** (لِ، مَا) لِ، حرف جار، کا، **مَا**، مجرور، اسم موصول، جس (جس کا)

تُوْعَدُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر **وَعَدَ يَعِدُ** مصدر **وَعْدًا** وعدہ دینا (تم وعدہ دیئے جاتے ہو)

اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا نَمُوْتُ وَ نَحْيَا وَ مَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ﴿۳۷﴾	وہ نہیں ہے مگر ہماری دنیا کی زندگی ہم مرتے ہیں اور ہم جیتے ہیں اور ہم ہرگز اٹھائے جانے والے نہیں ہیں

اِنْ، صلہ میں **اِلَّا** ہے اس لئے معنی (نہیں)

هِيَ، ضمیر واحد مؤنث غائب (وہ) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)

حَيَاتُنَا (حَيَاتُ۔نَا) حَيَاتُ، مضاف، زندگی، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری زندگی)

اَلدُّنْيَا (دنیا کی) نَمُوْتُ، فعل مضارع جمع متکلم مَاتَ يَمُوْتُ، مصدر مَوْتًا، مرنا (ہم مرتے ہیں)

وَ، حرف عطف (اور) نَحْيَا، فعل مضارع جمع متکلم حَيِيَ يَحْيٰى، مصدر حَيَاةٌ، زندہ رہنا، جینا (ہم جیتے ہیں)

وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہیں) نَحْنُ، ضمیر جمع متکلم (ہم)

بِمَبْعُوْثِيْنَ (بِ، مَبْعُوْثِيْنَ) بِ، حرف جار زائدہ تاکید برائے نفی، مَبْعُوْثِيْنَ، مجرور، بَعْثٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر مجرور (ہرگز اٹھائے جانے والے)

اِنْ هُوَ اِلَّا رَجُلُ ۨ افْتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا وَّ مَا نَحْنُ لَهٗ بِمُؤْمِنِيْنَ ۝۳۸	نہیں ہے وہ مگر ایک آدمی اس نے اللہ پر جھوٹ گھڑ لیا ہے اور ہم ہرگز اس پر ایمان لانے والے نہیں ہیں

اِنْ، نافیہ (نہیں) هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ) اِلَّا، کلمہ استثنا (مگر) رَجُلُ (ایک آدمی)

اِفْتَرٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِفْتَرٰى يَفْتَرِيْ، مصدر اِفْتِرَآءٌ، گھڑنا (اس نے گھڑ لیا ہے)

عَلَى اللّٰهِ (عَلٰى، اَللّٰهِ) عَلٰى، حرف جار، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر) كَذِبًا، مصدر (جھوٹ)

وَّ مَا، وَ، حرف عطف، اور، مَا، نافیہ، نہیں (اور نہیں) نَحْنُ، ضمیر جمع متکلم (ہم)

لَهٗ (لَ۔هٗ) لَ، حرف جار بمعنی، عَلٰى، پر، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس پر)

بِمُؤْمِنِيْنَ (بِ، مُؤْمِنِيْنَ) بِ، حرف جار زائدہ تاکید برائے نفی، مُؤْمِنِيْنَ، مجرور، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ہرگز ایمان لانے والے)

قَالَ رَبِّ انْصُرْنِيْ بِمَا كَذَّبُوْنِ ۝۳۹	اس نے کہا اے میرے رب تو میری مدد کر اس پر کہ اُنہوں نے مجھے جھٹلایا ہے

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (اس نے کہا)

رَبِّ، اصل میں، یَارَبِّیۡ، تھا(یَا۔رَبِّ۔یۡ)یَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبِّیۡ، منادٰی، رَبِّ، مضاف، رب، یۡ، مضاف الیہ، محذوف ہے، ضمیر واحد متکلم، میرے (اے میرے رب)

اُنۡصُرۡنِیۡ(اُنۡصُرۡ، نِ، یۡ)اُنۡصُرۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر نَصَرَ یَنۡصُرُ، مصدر نَصۡرًا، مدد کرنا، تو مدد کر، نِ، نون وقایہ، یۡ، ضمیر واحد متکلم، میری (تو میری مدد کر)

بِمَا(بِ۔مَا)بِ، حرف جار بمعنی، عَلٰی، پر، مَا، مجرور، مصدریہ، کہ (اس پر کہ)

کَذَّبُوۡنِ، اصل میں، کَذَّبُوۡنِیۡ، تھا، وقف کی وجہ سے، یۡ، حرف علت گری ہوئی ہے۔

(کَذَّبُوۡا۔نِ۔یۡ) کَذَّبُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب کَذَّبَ یُکَذِّبُ، مصدر تَکۡذِیۡبٌ، جھٹلانا، اُنہوں نے جھٹلایا، نِ، نون وقایہ، یۡ، ضمیر واحد متکلم محذوف ہے، مجھے (اُنہوں نے مجھے جھٹلایا ہے)

قَالَ عَمَّا قَلِیۡلٍ لَّیُصۡبِحُنَّ نٰدِمِیۡنَ ۚ﴿۴۰﴾	اس نے فرمایا یقیناً بہت تھوڑی (مدت) میں وہ ضرور پچھتانے والے ہو جائیں گے

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (اس (اللہ) نے کہا)

عَمَّا(عَنۡ، مَا)عَنۡ، حرف جار، ضرورتاً ترجمہ "میں" کیا جاتا ہے، مَا، مجرور، زائدہ ہے (میں)

قَلِیۡلٍ، قِلَّۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت تھوڑی)

لَیُصۡبِحُنَّ(لَ، یُصۡبِحُنَّ) لَ، لام تاکید، یقیناً، یُصۡبِحُنَّ، فعل مضارع جمع مذکر غائب بانون تاکید ثقیلہ اَصۡبَحَ یُصۡبِحُ، مصدر اِصۡبَاحٌ، ہونا، وہ ضرور ہو جائیں گے (یقیناً وہ ضرور ہو جائیں گے)

نٰدِمِیۡنَ، نَدَامَۃٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (نادم ہونے والے، پچھتانے والے) واحد، نَادِمٌ،

فَاَخَذَتۡہُمُ الصَّیۡحَۃُ بِالۡحَقِّ فَجَعَلۡنٰہُمۡ غُثَآءً ۚ	تو چیخ نے انہیں حق کے ساتھ آ پکڑا سو ہم نے انہیں کوڑا کر ڈالا

فَاَخَذَتۡہُمۡ (فَ، اَخَذَتۡ، ہُمۡ)فَ، حرف عطف، تو، اَخَذَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب اَخَذَ

يَاْخُذُ، مصدر اَخْذًا، پکڑنا، اس نے آ پکڑا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (تو اس نے انہیں آ پکڑا)
اَلصَّيْحَةُ، یہ مصدر اور بمعنی حاصل مصدر آتا ہے، لکڑی اور کپڑے کو پھاڑنے کی آواز (چیخ، کڑک، ہولناک آواز) بِالْحَقِّ (بِ۔ اَلْحَقِّ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلْحَقِّ، مجرور، حق (حق کے ساتھ)
فَجَعَلْنٰهُمْ (فَ۔ جَعَلْنَا۔ هُمْ) فَ، حرف عطف، سو، جَعَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ يَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا، ڈالنا، ہم نے کر ڈالا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (سو ہم نے انہیں کر ڈالا)
غُثَآءً (سیلاب کا کوڑا کرکٹ، کوڑا، گلے سڑے پتے)

فَبُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۱﴾	پس ظالم لوگوں کیلئے دوری (لعنت) ہے

فَبُعْدًا (فَ، بُعْدًا) فَ، حرف عطف، پس، بُعْدًا، مصدر، دوری، دور ہونا، قُرْبٌ، کی ضد (پس دوری)
لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ (لِ، اَلْقَوْمِ، اَلظّٰلِمِيْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلْقَوْمِ، مجرور، موصوف، قوم، لوگوں، اَلظّٰلِمِيْنَ، صفت ظُلْمًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ظلم کرنے والے، ظالموں، واحد، اَلظَّالِمُ، (ظالم لوگوں کیلئے)

ثُمَّ اَنْشَاْنَا مِنْۢ بَعْدِهِمْ قُرُوْنًا اٰخَرِيْنَ ﴿۴۲﴾	پھر ہم نے ان کے بعد دوسری امتیں پیدا کیں

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) اَنْشَاْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْشَاَ يُنْشِئُ، مصدر اِنْشَآءٌ، پیدا کرنا (ہم نے پیدا کیں) مِنْۢ بَعْدِهِمْ (مِنْ، بَعْدِ، هِمْ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعْدِ، مجرور مضاف، بعد، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے بعد)
قُرُوْنًا، جمع ہے، واحد، قَرْنًا، نکرہ حالت نصب (زمانے کے لوگ، امتیں، قوموں)
اٰخَرِيْنَ (دوسری) واحد، اٰخَرُ،

مَا تَسْبِقُ مِنْ اُمَّةٍ اَجَلَهَا وَمَا يَسْتَاْخِرُوْنَ ﴿۴۳﴾	کوئی امت اپنے مقررہ وقت سے نہ آگے بڑھ سکتی ہے اور نہ وہ (لوگ) پیچھے رہ سکتے ہیں

مَا، نافیہ (نہیں) تَسْبِقُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب سَبَقَ يَسْبِقُ، مصدر سَبْقًا، آگے نکلنا، پہل کرنا، آگے بڑھنا (وہ آگے بڑھ سکتی) مِنْ اُمَّةٍ، مِنْ، حرف جار زائدہ برائے عموم، اُمَّةٍ، مجرور (کوئی امت) اَجَلَهَا (اَجَلَ۔ هَا) اَجَلَ، مضاف، مدت مقررہ، وقت مقررہ، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مونث غائب، اپنے (اپنے وقت مقررہ) وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہ) يَسْتَاْخِرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِسْتَاْخَرَ يَسْتَاْخِرُ، مصدر اِسْتِيْخَارٌ، پیچھے رہنا (وہ پیچھے رہ سکتے ہیں)

ثُمَّ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا تَتْرَا ؕ	پھر ہم نے اپنے رسول پے در پے بھیجے

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) اَرْسَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَرْسَلَ يُرْسِلُ، مصدر اِرْسَالًا، بھیجنا (ہم نے بھیجے) رُسُلَنَا (رُسُلَ، نَا) رُسُلَ، مضاف، رسولوں واحد، رَسُوْلٌ، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، اپنے (اپنے رسول) تَتْرَا، پے در پے، مسلسل، لگا تار، یکے بعد دیگرے، اصل میں یہ، وَتْرٰی، تھا، واؤ کو تا سے بدل دیا گیا ہے۔

كُلَّمَا جَآءَ اُمَّةً رَّسُوْلُهَا كَذَّبُوْهُ فَاَتْبَعْنَا بَعْضَهُمْ بَعْضًا وَّ جَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ ۚ	جب بھی کسی امت پر اس کا رسول آیا اُنہوں نے اسے جھٹلایا تو ہم نے ان کے بعض کو بعض کے پیچھے چلتا (ہلاک) کیا اور ہم نے انہیں قصے کہانیاں بنا دیا

كُلَّمَا، كُلَّ، اور، مَا، کا مرکب، اسم ظرف زمان ہے (جب بھی، جس بار بھی) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِيْٓءُ، مصدر مَجِيْٓءٌ، آنا (وہ آیا) اُمَّةً (کسی امت (پر)) رَّسُوْلُهَا (رَسُوْلُ، هَا) رَسُوْلُ، مضاف، رسول، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مونث غائب، اس کا، ضمیر کا مرجع اُمَّةً ہے (اس کا رسول) كَذَّبُوْهُ (كَذَّبُوْا، هُ) كَذَّبُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَذَّبَ يُكَذِّبُ، مصدر تَكْذِيْبٌ، جھٹلانا، اُنہوں نے جھٹلایا، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (اُنہوں نے اسے جھٹلایا)

فَاَتْبَعْنَا (فَ، اَتْبَعْنَا) فَ، حرف عطف، تو، اَتْبَعْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَتْبَعَ يُتْبِعُ، مصدر اِتْبَاعًا، اتباع کرنا، پیروی کرنا، پیچھے چلنا، ہم نے پیچھے چلتا کیا (تو ہم نے پیچھے چلتا کیا)

بَعۡضَهُمۡ (بَعۡضَ۔ هُمۡ) بَعۡضَ، مضاف، کل کا حصہ کچھ، بعض، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر، ان کے، (ان کے بعض) بَعۡضًا، کل کے اعتبار سے شے کے کسی جز کو بعض کہتے ہیں (بعض، کچھ، ٹکڑا)

وَ، حرف عطف (اور) جَعَلۡنٰهُمۡ (جَعَلۡنَا، هُمۡ) جَعَلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ يَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، بنانا، ہم نے بنایا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں بنایا)

اَحَادِيۡثَ، ہر وہ کلام جو انسان تک پہنچے خواہ بذریعہ سماعت بذریعہ وحی، عالم خواب میں یا عالم بیداری میں، قصے کہانیاں، باتیں، واحد، حَدِيۡثٌ،

فَبُعۡدًا لِّقَوۡمٍ لَّا يُؤۡمِنُوۡنَ ۝۴۴	تو دوری (لعنت) ہے ان لوگوں کیلئے (جو) ایمان نہیں لاتے

فَبُعۡدًا (فَ، بُعۡدًا) فَ، حرف عطف، تو، بُعۡدًا، مصدر، دوری (تو دوری)

لِّقَوۡمٍ (لِ۔ قَوۡمٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، قَوۡمٍ، مجرور، قوم، لوگوں (لوگوں کیلئے) لَا يُؤۡمِنُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤۡمِنُ، مصدر اِيۡمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان نہیں لاتے)

ثُمَّ اَرۡسَلۡنَا مُوۡسٰى وَ اَخَاهُ هٰرُوۡنَ ۙ بِاٰيٰتِنَا وَ سُلۡطٰنٍ مُّبِيۡنٍ ۝۴۵	پھر ہم نے (حضرت) موسٰی اور اس کے بھائی (حضرت) ہارون کو اپنی نشانیوں اور واضح دلیل کے ساتھ بھیجا

ثُمَّ، حرف عطف (پھر) اَرۡسَلۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَرۡسَلَ يُرۡسِلُ، مصدر اِرۡسَالًا، بھیجنا (ہم نے بھیجا) مُوۡسٰى (حضرت موسٰی) وَ، حرف عطف (اور) اَخَاهُ (اَخَا، هُ) اَخَا، مضاف، بھائی، هُ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے بھائی) هٰرُوۡنَ (حضرت ہارون) بِاٰيٰتِنَا (بِ۔ اٰيٰتِ۔ نَا) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اٰيٰتِ، مجرور، مضاف، نشانیوں، واحد، اٰيَةٌ، نَا، مضاف الیہ ضمیر جمع متکلم، اپنی (اپنی نشانیوں کے ساتھ) وَ، حرف عطف (اور) سُلۡطٰنٍ مُّبِيۡنٍ، سُلۡطٰنٍ، موصوف، دلیل، مُبِيۡنٍ، صفت، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، واضح، کھولنے والا، ظاہر کرنے والا (واضح دلیل)

اِلٰى فِرْعَوْنَ وَ مَلَا۟ئِهٖ فَاسْتَكْبَرُوْا وَ كَانُوْا قَوْمًا عَالِيْنَ ۚ﴿۴۶﴾	فرعون اور اس کے سرداروں کی طرف تو اُنہوں نے تکبر کیا اور وہ سرکش لوگ تھے

اِلٰى فِرْعَوْنَ (اِلٰى ،فِرْعَوْنَ) اِلٰى، حرف جار، کی طرف، فِرْعَوْنَ، مجرور، فرعون (فرعون کی طرف)

وَ، حرف عطف (اور) مَلَا۟ئِهٖ (مَلَاْءِ، ہٖ) مَلَاْءِ، مضاف، سرداروں، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے سرداروں) فَاسْتَكْبَرُوْا (فَ-اِسْتَكْبَرُوْا) فَ، حرف عطف، تو، اِسْتَكْبَرُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِسْتَكْبَرَ يَسْتَكْبِرُ، مصدر اِسْتِكْبَارٌ، تکبر کرنا، اُنہوں نے تکبر کیا (تو اُنہوں نے تکبر کیا)

وَ، حرف عطف (اور) كَانُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)

قَوْمًا (قوم، لوگ) عَالِيْنَ، عُلُوٌّ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (سرکشی کرنے والے، سرکش)

فَقَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ لِبَشَرَيْنِ مِثْلِنَا وَ قَوْمُهُمَا لَنَا عٰبِدُوْنَ ۚ﴿۴۷﴾	تو اُنہوں نے کہا کیا ہم اپنے جیسے ان دو آدمیوں پر ایمان لائیں حالانکہ ان دونوں کی قوم کے لوگ ہماری عبادت (خدمت) کرنے والے ہیں۔

فَقَالُوْٓا (فَ-قَالُوْا) فَ، حرف عطف، تو، قَالُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اُنہوں نے کہا (تو اُنہوں نے کہا) اَنُؤْمِنُ (اَ، نُؤْمِنُ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، نُؤْمِنُ، فعل مضارع جمع متکلم اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ہم ایمان لائیں (کیا ہم ایمان لائیں)

لِبَشَرَيْنِ (لِ، بَشَرَيْنِ) لِ، حرف جار، پر، بَشَرَيْنِ، مجرور، بَشَرٌ، کا تثنیہ، دو آمیوں (دو آدمیوں پر)

مِثْلِنَا (مِثْلِ-نَا) مِثْلِ، مضاف، مانند، جیسے، طرح، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، اپنے (اپنے جیسے)

وَ، حالیہ (حالانکہ) قَوْمُهُمَا (قَوْمُ، هُمَا) قَوْمُ، مضاف، قوم، لوگ، هُمَا، مضاف الیہ، ضمیر تثنیہ مذکر غائب، ان دونوں کی (ان دونوں کی قوم)

لَنَا (لَ-نَا) لَ، حرف جار، کی، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہم (ہم کی، ہماری)

عٰبِدُوْنَ، عِبَادَۃٌ، سے اسم فاعل جمع مذکر (عبادت کرنے والے، خدمتگار، غلام، تابعدار)

فَكَذَّبُوْهُمَا فَكَانُوْا مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ ﴿۴۸﴾	سو انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا تو وہ ہلاک کیے جانے والوں میں سے ہو گئے

فَكَذَّبُوْهُمَا (فَ۔ كَذَّبُوْا۔ هُمَا) فَ، حرف عطف، سو، كَذَّبُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَذَّبَ يُكَذِّبُ، مصدر تَكْذِيْبٌ، جھٹلانا، اُنہوں نے جھٹلایا، هُمَا، ضمیر تثنیہ مذکر غائب، ان دونوں کو (سو انہوں نے ان دونوں کو جھٹلایا) **فَكَانُوْا** (فَ۔ كَانُوْا) فَ، حرف عطف، تو، كَانُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، وہ ہو گئے (تو وہ ہو گئے)

مِنَ الْمُهْلَكِيْنَ، مِنْ، حرف جار، سے، اَلْمُهْلَكِيْنَ، مجرور، اِهْلَاكٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر، ہلاک ہونے والے (ہلاک کیے جانے والوں میں سے)

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا مُوْسَى الْكِتٰبَ لَعَلَّهُمْ يَهْتَدُوْنَ ﴿۴۹﴾	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے (حضرت) موسٰی کو کتاب دی تاکہ وہ (لوگ) ہدایت پائیں

وَلَقَدْ (وَ۔ لَ۔ قَدْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، بلا شبہ، قَدْ، کلمہ تحقیق، یقیناً (اور بلا شبہ یقیناً) **اٰتَيْنَا**، فعل ماضی جمع متکلم اٰتٰى يُؤْتِيْ، مصدر اِيْتَآءٌ، دینا (ہم نے دی) **مُوْسٰى** (حضرت موسٰی کو) **اَلْكِتٰبَ** (کتاب) **لَعَلَّهُمْ** (لَعَلَّ، هُمْ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (تاکہ وہ) **يَهْتَدُوْنَ**، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِهْتَدٰى يَهْتَدِيْ، مصدر اِهْتِدَآءٌ، راہ پانا، ہدایت پانا (وہ ہدایت پائیں)

وَجَعَلْنَا ابْنَ مَرْيَمَ وَاُمَّهٗٓ اٰيَةً وَّاٰوَيْنٰهُمَآ اِلٰى رَبْوَةٍ ذَاتِ قَرَارٍ وَّمَعِيْنٍ ﴿۵۰﴾	اور ہم نے ابن مریم اور اس کی ماں کو ایک نشانی بنایا اور ہم نے ان دونوں کو ایک بلند زمین کی طرف سکون وقرار اور جاری چشمے والی جگہ دی

ع ۳ ۱۸

وَ، حرف عطف (اور) جَعَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم جَعَلَ یَجْعَلُ، مصدر جَعْلًا، بنانا (ہم نے بنایا)

اِبْنَ مَرْیَمَ ،اِبْنَ، مضاف، بیٹا، ابن، مَرْیَمَ، مضاف الیہ، حضرت مریم کا (حضرت مریم کا بیٹا، ابن مریم)

وَ، حرف عطف (اور) اُمَّهٗٓ (اُمَّ۔ ہٗ) اُمَّ، مضاف، ماں، ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (اس کی ماں) اٰیَةً (نشانی) جمع ،اٰیٰتٌ، وَ، حرف عطف (اور)

اٰوَیْنٰهُمَآ (اٰوَیْنَا۔ هُمَا) اٰوَیْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اٰوٰی یُؤْوِیْ، مصدر اِیْوَآءٌ، پناہ دینا، جگہ دینا، ہم نے جگہ دی، هُمَا، ضمیر تثنیہ مذکر غائب، ان دونوں کو (ہم نے ان دونوں کو جگہ دی)

اِلٰی رَبْوَةٍ ،اِلٰی، حرف جار، کی طرف، رَبْوَةٍ، مجرور، رُبُوٌّ، سے مشتق، بلندی، بلند جگہ، ٹیلا، بلند زمین (ایک بلند زمین کی طرف) ذَاتِ قَرَارٍ ،ذَاتِ، مضاف، ذُوْ، کا مونث، والی، صاحب، قَرَارٍ، مضاف الیہ، سکون وقرار، آرام کی جگہ، ٹھہرنے کی جگہ (سکون وقرار والی) وَ، حرف عطف (اور)

مَعِیْنٍ، صیغہ صفت (وہ جاری پانی جو نظر آئے، بہتا پانی، جاری چشمہ)

يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبٰتِ وَ اعْمَلُوْا صَالِحًا ؕ	اے رسولو! تم پاکیزہ چیزوں میں سے کھاؤ اور تم نیک عمل کرو

يٰٓاَيُّهَا الرُّسُلُ (یا، اَیُّهَا، اَلرُّسُلُ) یَا، حرف ندا، اے، اَیُّهَا، جب منادی میں، ال داخل ہو تو مذکر کیلئے، یَا، کے ساتھ، اَیُّهَا، لگاتے ہیں، اَلرُّسُلُ، منادٰی، جمع مکسر، رسولو، واحد رَسُوْلٌ (اے رسولو)

كُلُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَكَلَ یَاْكُلُ، مصدر اَكْلًا، کھانا (تم کھاؤ)

مِنَ الطَّيِّبٰتِ (مِنْ، اَلطَّيِّبٰتِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلطَّيِّبٰتِ، مجرور، پاکیزہ چیزوں، واحد، اَلطَّيِّبَةُ، (پاکیزہ چیزوں میں سے) وَ، حرف عطف (اور)

اِعْمَلُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر عَمِلَ یَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرو)

صَالِحًا، صَلَاحٌ، سے اسم فاعل واحد مذکر (نیک، اچھا)

اِنِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِیْمٌ ﴿۵۱﴾	بلا شبہ میں اس کو جو تم عمل کرتے ہو خوب جاننے والا ہوں

اِنِّیْ (اِنِّ، یْ) اِنِّ، اصل میں اِنَّ، ہے، یْ، سے ملانے کیلئے نون کو زیر دی گئی ہے، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلا شبہ، یْ، ضمیر واحد متکلم، میں (بلا شبہ میں)

بِمَا (بِ۔مَا) بِ، حرف جار، کو، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کو جو)

تَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ یَعْمَلُ، مصدر عَمَلاً، عمل کرنا (تم عمل کرتے ہو)

عَلِیْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

وَ اِنَّ هٰذِهٖٓ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّ اَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ ﴿۵۲﴾	اور بے شک یہ تمہاری امت ہے ایک ہی امت اور میں تمہارا رب ہوں سو تم مجھ سے ڈرو

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) هٰذِهٖ، اسم اشارہ واحد مؤنث قریب (یہ)

اُمَّتُكُمْ (اُمَّةُ، كُمْ) اُمَّةُ، مضاف، امت، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری امت)

اُمَّةً وَّاحِدَةً، اُمَّةً، موصوف، امت، وَاحِدَةً، صفت اسم فاعل واحد مؤنث، ایک، اکیلی (ایک ہی امت)

وَّ اَنَا، وَ، حرف عطف، اور، اَنَا، ضمیر واحد متکلم، میں (اور میں)

رَبُّكُمْ (رَبُّ، كُمْ) رَبُّ، مضاف، رب، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارا (تمہارا رب)

فَاتَّقُوْنِ، اصل میں، فَاتَّقُوْنِیْ، تھا (فَ، اِتَّقُوْا، نِ، یْ) فَ، حرف عطف، سو، اِتَّقُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اِتَّقٰی یَتَّقِیْ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا، تم ڈرو، نِ، نون وقایہ، یْ، محذوف ہے ضمیر واحد متکلم، مجھ سے (سو تم مجھ سے ڈرو)

فَتَقَطَّعُوْٓا اَمْرَهُمْ بَیْنَهُمْ زُبُرًا ؕ	پھر اُنھوں نے اپنے (دین کے) معاملے کو اپنے درمیان ٹکڑوں کی صورت میں جدا جدا کر لیا

فَتَقَطَّعُوْٓا (فَ، تَقَطَّعُوْا) فَ، حرف عطف، پھر، تَقَطَّعُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب تَقَطَّعَ یَتَقَطَّعُ،

مصدر تَقَطُّعٌ، جدا جدا کرنا، اُنہوں نے جدا جدا کر لیا (پھر اُنہوں نے جدا جدا کر لیا)

اَمْرَهُمْ (اَمْرَ، هُمْ) اَمْرَ، مضاف، معاملہ، کام، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے معاملے)

بَيْنَهُمْ (بَيْنَ، هُمْ) بَيْنَ، مضاف، درمیان، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے درمیان)

زُبُرًا، اسم جمع، پارہ پارہ، ٹکڑے ٹکڑے، دستاویزیں (ٹکڑوں کی صورت میں) واحد، زَبُوْرٌ،

كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا لَدَيْهِمْ فَرِحُوْنَ ۝	ہر گروہ والے اس پر جو ان کے پاس ہے خوش ہیں

كُلُّ حِزْبٍ، كُلُّ، مضاف، ہر، حِزْبٍ، مضاف الیہ، گروہ، جماعت، جمع، اَحْزَابٌ (ہر گروہ)

بِمَا (بِ۔ مَا) بِ، حرف جار، پر، مَا، اسم موصول، جو (اس پر جو)

لَدَيْهِمْ (لَدَیْ، هِمْ) لَدَیْ، مضاف ظرف مکان، پاس، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے، (ان کے پاس) **فَرِحُوْنَ**، فَرْحٌ، سے صفت مشبہ جمع مذکر (خوش، اترانے والے) واحد، فَرِحٌ،

فَذَرْهُمْ فِيْ غَمْرَتِهِمْ حَتّٰى حِيْنٍ ۝	سو آپ انہیں ان کی غفلت میں ایک وقت تک چھوڑ دیں

فَذَرْهُمْ (فَ، ذَرْ، هُمْ) فَ، حرف عطف، سو، ذَرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر وَذَرَ يَذَرُ، مصدر وَذْرًا، چھوڑنا ترک کرنا، نظر انداز کرنا، آپ چھوڑ دیں، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (سو آپ انہیں چھوڑ دیں)

فِيْ غَمْرَتِهِمْ (فِيْ، غَمْرَتِ، هِمْ) فِيْ، حرف جار، میں، غَمْرَتِ، مجرور، مضاف، وہ کثیر پانی جس کی تہ نظر نہ آئے بطور تشبیہ مراد جہالت، چھا جانے والی غفلت، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی غفلت میں) **حَتّٰى حِيْنٍ**، حَتّٰى، حرف جار برائے غایت، تک، حِيْنٍ، مجرور، حین کسی شے کے بلوغ اور حصول کا نام ہے، مدت، وقت، زمانہ (ایک وقت تک)

اَيَحْسَبُوْنَ اَنَّمَا نُمِدُّهُمْ بِهٖ مِنْ مَّالٍ وَّ بَنِيْنَ ۝	کیا وہ گمان کرتے ہیں کہ بے شک جو ہم ان کی مال اور بیٹوں کے ساتھ مدد کر رہے ہیں

اَيَحْسَبُوْنَ (اَ۔ يَحْسَبُوْنَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، يَحْسَبُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب حَسِبَ

یَحۡسَبُ، مصدر حِسۡبَانًا، گمان کرنا، خیال کرنا، سوچنا، وہ گمان کرتے ہیں (کیا وہ گمان کرتے ہیں)

اَنَّمَا(اَنَّ،مَا)اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل۔ کہ بے شک، مَا، اسم موصول، جو (کہ بے شک جو)

نُمِدُّھُمۡ (نُمِدُّ۔ ھُمۡ) نُمِدُّ، فعل مضارع جمع متکلم اَمَدَّ یُمِدُّ، مصدر اِمۡدَادٌ، مدد کرنا، ہم مدد کر رہے ہیں، ھُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ہم ان کی مدد کر رہے ہیں)

بِہٖ(بِ۔ہٖ)بِ، حرف جار، کے ساتھ، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے ساتھ)

مِنۡ مَّالٍ، مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، مَالٍ، مجرور، مال (مال)

وَ، حرف عطف (اور) بَنِیۡنَ (بیٹوں) واحد، اِبۡنٌ،

نُسَارِعُ لَهُمۡ فِى الۡخَيۡرٰتِ ؕ	ہم ان کیلئے بھلائیوں میں جلدی کر رہے ہیں۔

نُسَارِعُ، فعل مضارع جمع متکلم سَارَعَ یُسَارِعُ، مصدر مُسَارَعَۃٌ، جلدی کرنا (ہم جلدی کر رہے ہیں)

لَھُمۡ (لَ۔ ھُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، ھُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)

فِی الۡخَیۡرٰتِ(فِیۡ، اَلۡخَیۡرٰتِ) فِیۡ، حرف جار، میں، اَلۡخَیۡرٰتِ، مجرور، بھلائیوں، نیکیوں، واحد، خَیۡرَۃٌ، (بھلائیوں میں)

بَلۡ لَّا يَشۡعُرُوۡنَ ﴿۵۶﴾	بلکہ وہ شعور نہیں رکھتے

بَلۡ، حرف اضراب، ما قبل کی نفی کیلئے آتا ہے (بلکہ) لَّا یَشۡعُرُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب شَعُرَ یَشۡعُرُ، مصدر شُعُوۡرًا، شعور رکھنا (وہ شعور نہیں رکھتے)

اِنَّ الَّذِيۡنَ هُمۡ مِّنۡ خَشۡيَةِ رَبِّهِمۡ مُّشۡفِقُوۡنَ ۙ﴿۵۷﴾	بے شک وہ لوگ جو اپنے رب کے خوف سے ڈرنے والے ہیں

اِنَّ الَّذِیۡنَ(اِنَّ، اَلَّذِیۡنَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو، (بے شک وہ لوگ جو) ھُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

مِّنْ خَشْيَةِ(مِنْ، خَشْيَةِ)مِنْ، حرف جار، سے، خَشْيَةِ، مجرور، ڈر، خوف، ہیبت، خَشْيَةِ، ایسا خوف جس میں تعظیم ہو (خوف سے) رَبِّهِمْ (رَبِّ۔ هِمْ) رَبِّ، مضاف، رب، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب) مُّشْفِقُوْنَ، اِشْفَاقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ڈرنے والے)

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ يُؤْمِنُوْنَ ﴿۵۸﴾	اور وہ لوگ جو اپنے رب کی آیات پر ایمان رکھتے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

بِاٰيٰتِ(بِ۔ اٰيٰتِ) بِ، حرف جار، پر، اٰيٰتِ، مجرور، آیات، نشانیوں (آیات پر)

رَبِّهِمْ (رَبِّ۔ هِمْ) رَبِّ، مضاف، رب، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب)

يُؤْمِنُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان رکھنا (وہ ایمان رکھتے ہیں)

وَالَّذِيْنَ هُمْ بِرَبِّهِمْ لَا يُشْرِكُوْنَ ﴿۵۹﴾	اور وہ لوگ جو اپنے رب کے ساتھ شریک نہیں ٹھہراتے

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

بِرَبِّهِمْ (بِ، رَبِّ، هِمْ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب کے ساتھ)

لَا يُشْرِكُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اَشْرَكَ يُشْرِكُ، مصدر اِشْرَاكٌ، شرک کرنا، شریک ٹھہرانا (وہ شریک نہیں ٹھہراتے)

وَالَّذِيْنَ يُؤْتُوْنَ مَآ اٰتَوْا وَّ قُلُوْبُهُمْ وَجِلَةٌ اَنَّهُمْ اِلٰى رَبِّهِمْ رٰجِعُوْنَ ﴿۶۰﴾	اور وہ لوگ جو دیتے ہیں جو اُنہوں نے دیا اس حال میں کہ ان کے دل ڈرنے والے ہوتے ہیں کہ بلاشبہ وہ اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

یُؤۡتُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اٰتٰی یُؤۡتِیۡ، مصدر اِیۡتَآءٌ، دینا (وہ دیتے ہیں)

مَآ، اسم موصول، یُؤۡتُوۡنَ، کا مفعول (جو)

اٰتَوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰتٰی یُؤۡتِیۡ، مصدر اِیۡتَآءٌ، دینا (اُنہوں نے دیا) وَ، حالیہ (اس حال میں کہ)

قُلُوۡبُھُمۡ (قُلُوۡبُ، ھُمۡ) قُلُوۡبُ، مضاف، دلوں، واحد، قَلۡبٌ، ھُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے دل) وَجِلَۃٌ، وَجۡلٌ، سے صفت مشبہ واحد مؤنث، قلب، اردو میں مذکر ترجمہ ڈرنے والا مذکر کیلئے، وَجِلٌ، اَنَّھُمۡ (اَنَّ، ھُمۡ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک، بلا شبہ، ھُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ، (کہ بلا شبہ وہ) اِلٰی رَبِّھِمۡ (اِلٰی، رَبِّ، ھِمۡ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، رَبِّ، مجرور مضاف، رب، ھِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب کی طرف)

رٰجِعُوۡنَ، رُجُوۡعٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (لوٹنے والے)

اُولٰٓئِکَ یُسٰرِعُوۡنَ فِی الۡخَیۡرٰتِ وَھُمۡ لَھَا سٰبِقُوۡنَ ﴿۶۱﴾	یہی وہ لوگ ہیں کہ وہ بھلائیوں میں جلدی کرتے ہیں اور وہ ان کیلئے سبقت کرنے والے ہیں

اُولٰٓئِکَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (یہی لوگ)

یُسٰرِعُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب سَارَعَ یُسَارِعُ، مصدر مُسَارَعَۃٌ، جلدی کرنا (وہ جلدی کرتے ہیں) فِی الۡخَیۡرٰتِ، فِیۡ، حرف جار، میں، اَلۡخَیۡرٰتِ، مجرور، بھلائیوں، نیکیوں، واحد، خَیۡرَۃٌ (بھلائیوں میں)

وَ، حرف عطف (اور) ھُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

لَھَا (لَ۔ھَا) لَ، حرف جار، کیلئے، ھَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، ان ضمیر کا مرجع، اَلۡخَیۡرٰتِ ہے، (ان کیلئے) سٰبِقُوۡنَ، سَبۡقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (سبقت کرنے والے)

وَلَا نُکَلِّفُ نَفۡسًا اِلَّا وُسۡعَھَا وَ لَدَیۡنَا کِتٰبٌ یَّنۡطِقُ بِالۡحَقِّ وَھُمۡ	اور ہم کسی نفس کو تکلیف نہیں دیتے مگر اس کی وسعت کے مطابق اور ہمارے پاس ایک کتاب ہے وہ حق کے ساتھ

لَا يُظۡلَمُوۡنَ ۞	بولتی ہے اور وہ ظلم نہیں کئے جائیں گے

وَ، حرف عطف (اور) لَا نُكَلِّفُ، فعل مضارع منفی جمع متکلم كَلَّفَ يُكَلِّفُ، مصدر تَكۡلِيۡفًا، بوجھ ڈالنا، تکلیف دینا (ہم تکلیف نہیں دیتے) نَفۡسًا (کسی نفس، کسی جان) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)

وُسۡعَهَا (وُسۡعَ۔هَا) وُسۡعَ، مضاف اسم، وسعت، طاقت، گنجائش، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب اس کی، ضمیر کا مرجع نَفۡسًا، ہے (اس کی وسعت (کے مطابق)) وَ، حرف عطف (اور)

لَدَيۡنَا (لَدَیۡ۔نَا) لَدَیۡ، مضاف، پاس، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے پاس)

كِتٰبٌ (ایک کتاب ہے) يَنۡطِقُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب نَطَقَ يَنۡطِقُ، مصدر نُطۡقًا، بولنا، منہ سے آواز نکالنا، کتاب اردو میں مؤنث ہے اس لئے ترجمہ (وہ بولتی ہے)

بِالۡحَقِّ (بِ۔اَلۡحَقِّ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلۡحَقِّ، مجرور، حق، سچ (حق کے ساتھ)

وَ، حرف عطف (اور) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) لَا يُظۡلَمُوۡنَ، فعل مضارع منفی مجہول جمع مذکر غائب ظَلَمَ يَظۡلِمُ، مصدر ظُلۡمًا، ظلم کرنا (وہ ظلم نہیں کئے جائیں گے)

بَلۡ قُلُوۡبُهُمۡ فِيۡ غَمۡرَةٍ مِّنۡ هٰذَا وَ لَهُمۡ اَعۡمَالٌ مِّنۡ دُوۡنِ ذٰلِكَ هُمۡ لَهَا عٰمِلُوۡنَ ۞	بلکہ ان کے دل اس (قرآن) سے غفلت میں ہیں اور ان کے (برے) اعمال اس کے علاوہ ہیں وہ ان (اعمال) کو کرنے والے ہیں

بَلۡ، حرف اضراب (بلکہ) قُلُوۡبُهُمۡ (قُلُوۡبُ، هُمۡ) قُلُوۡبُ، مضاف، دلوں، واحد، قَلۡبٌ، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے دل)

فِيۡ غَمۡرَةٍ (فِيۡ، غَمۡرَةٍ) فِيۡ، حرف جار، میں، غَمۡرَةٍ، مجرور، جہالت، چھا جانے والی غفلت (غفلت میں)

مِّنۡ هٰذَا (مِنۡ، هٰذَا) مِنۡ، حرف جار، سے، هٰذَا، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر قریب، اس (اس سے)

وَ، حرف عطف (اور) لَهُمۡ (لَ، هُمۡ) لَ، حرف جار، کے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کے)

اَعۡمَالٌ (اعمال) واحد، عَمَلٌ، مِّنۡ دُوۡنِ ذٰلِكَ (مِنۡ، دُوۡنِ، ذٰلِكَ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، دُوۡنِ، مجرور، مضاف، سوا، علاوہ، ذٰلِكَ، مضاف الیہ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس کے علاوہ) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) لَهَا (لَ۔ هَا) لَ، حرف جار، کو، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع اَعۡمَالٌ ہے (ان کو) عٰمِلُوۡنَ، عَمَلًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (اعمال کرنے والے)

حَتّٰۤى اِذَاۤ اَخَذۡنَا مُتۡرَفِيۡهِمۡ بِالۡعَذَابِ اِذَا هُمۡ يَجۡـَٔرُوۡنَ ؕ﴿۶۴﴾	یہاں تک کہ جب ہم ان کے خوشحال لوگوں کو عذاب کے ساتھ پکڑیں گے (تو) اس وقت وہ چیخ و پکار کریں گے

حَتّٰۤى، حرف جار و غایت (یہاں تک کہ) اِذَا، اسم ظرف مستقبل پر دلالت کرتا ہے بمعنی شرط (جب) اَخَذۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَخَذَ يَاۡخُذُ، مصدر اَخۡذًا، پکڑنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (ہم پکڑیں گے) مُتۡرَفِيۡهِمۡ (مُتۡرَفِىۡ۔ هِمۡ) مُتۡرَفِىۡ، مضاف اصل میں، مُتۡرَفِيۡنَ، تھا، اضافت کی وجہ سے نون اعرابی گر گیا، دولتمند، خوشحال لوگ، آسودہ حال، هِمۡ، مضاف الیہ ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے خوشحال لوگوں کو) بِالۡعَذَابِ (بِ۔ اَلۡعَذَابِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلۡعَذَابِ، مجرور، عذاب (عذاب کے ساتھ) اِذَا، اسم ظرف مفاجاتیہ (اس وقت، اچانک) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) يَجۡـَٔرُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب جَاَرَ يَجۡـَٔرُ، مصدر جَاۡرٌ، جُؤَارٌ، چیخ و پکار کرنا، فریاد کرنا (وہ چیخ و پکار کریں گے)

لَا تَجۡـَٔرُوا الۡيَوۡمَ ۖ	آج تم مت چیخ و چلاؤ

لَاتَجۡـَٔرُوۡا، فعل نہی جمع مذکر حاضر جَاَرَ يَجۡـَٔرُ، مصدر جَاۡرٌ، جُؤَارٌ، چیخ و پکار کرنا، فریاد کرنا (تم مت چیخو چلاؤ) اَلۡيَوۡمَ (آج)

اِنَّكُمۡ مِّنَّا لَا تُنۡصَرُوۡنَ ﴿۶۵﴾	بے شک تم ہماری طرف سے مدد نہیں کئے جاؤ گے

اِنَّكُمۡ (اِنَّ، كُمۡ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (بے شک تم) مِّنَّا (مِنۡ، نَا) مِنۡ، حرف جار بمعنی اِلٰى، طرف سے، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری طرف سے)

لَاتُنْصَرُوْنَ، فعل مضارع منفی مجہول جمع مذکر حاضر نَصَرَ یَنْصُرُ، مصدر نَصْرًا، مدد کرنا (تم مدد نہیں کئے جاؤ گے)

قَدْ كَانَتْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ تَنْكِصُوْنَ ﴿۶۶﴾	یقیناً میری آیات تم پر پڑھی جاتی تھیں تو تم اپنی ایڑھیوں پر الٹے پھر جاتے تھے۔

قَدْ، کلمہ تحقیق (یقیناً) كَانَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھی)

اٰيٰتِيْ (اٰيٰتِ۔ یْ) اٰيٰتِ، مضاف، آیات، واحد، اٰيَةٌ، یْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میری (میری آیات)

تُتْلٰى، فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب تَلَا يَتْلُوْ، مصدر تِلَاوَةٌ، پڑھنا (پڑھی جاتی)

عَلَيْكُمْ (عَلٰى، كُمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر)

فَكُنْتُمْ (فَ، كُنْتُمْ) فَ، حرف عطف، تو، كُنْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، تم تھے (تو تم تھے) عَلٰٓى اَعْقَابِكُمْ (عَلٰى، اَعْقَابِ، كُمْ) عَلٰى، حرف جار، پر، اَعْقَابِ، مجرور، مضاف، ایڑھیوں، واحد، عَقِبٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنی (اپنی ایڑھیوں پر)

تَنْكِصُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر نَكَصَ يَنْكِصُ، نَكْصًا، باز رہنا، الٹا پھر جانا (تم الٹے پھر جاتے)

مُسْتَكْبِرِيْنَ ۖ بِهٖ سٰمِرًا تَهْجُرُوْنَ ﴿۶۷﴾	تکبر کرتے ہوئے، اس (قرآن) کے بارے میں افسانہ گوئی کرتے ہوئے تم بے ہودہ گفتگو کرتے تھے۔

مُسْتَكْبِرِيْنَ، اِسْتِكْبَارٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (تکبر کرنے والے، تکبر کرتے ہوئے)

بِهٖ (بِ۔ هٖ) بِ، حرف جار، بارے میں، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے بارے میں)

سٰمِرًا، سَمَرٌ، مصدر جس کے معنی رات میں قصہ گوئی کے ہیں اسم فاعل جمع مذکر (افسانہ گوئی کرنے والے، قصہ گو، افسانہ گوئی کرتے ہوئے) تَهْجُرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر هَجَرَ يَهْجُرُ، مصدر هَجْرًا، فضول گفتگو کرنا، بے ہودہ گفتگو کرنا، ہذیان بکنا (تم بے ہودہ گفتگو کرتے)

اَفَلَمۡ یَدَّبَّرُوا الۡقَوۡلَ اَمۡ جَآءَهُمۡ مَّا لَمۡ یَاۡتِ اٰبَآءَهُمُ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۶۸﴾	تو کیا اُنہوں نے اس کلام (حق) میں غور نہیں کیا بلکہ ان کے پاس وہ (دین) آیا ہے جو ان کے پہلے باپ دادوں کے پاس نہیں آیا تھا

اَفَلَمۡ یَدَّبَّرُوا (اَ۔فَ۔لَمۡ یَدَّبَّرُوا) اَ، ہمزہ استفہام انکاری، کیا، فَ، حرف عطف، تو، لَمۡ یَدَّبَّرُوا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب، یہ اصل میں، یَتَدَبَّرُوۡا، تھا، تا حذف ہے تَدَبَّرَ یَتَدَبَّرُ، مصدر تَدَبُّرٌ، تدبر کرنا، غور کرنا، لَمۡ، کی وجہ سے ترجمہ، اُنہوں نے غور نہیں کیا (تو کیا اُنہوں نے غور نہیں کیا)

اَلۡقَوۡلَ، اسم مصدر (بات، فرمان، کلام) اَمۡ، حرف عطف بمعنی، بَلۡ (بلکہ)

جَآءَهُمۡ (جَآءَ، هُمۡ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیۡٓءُ، مصدر مَجِیۡٓءٌ، آنا، وہ آیا ہے،

هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے پاس وہ آیا ہے) مَا، اسم موصول (جو)

لَمۡ یَاۡتِ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر غائب اَتٰی یَاۡتِیۡ، مصدر اِتۡیَانٌ، آنا (وہ نہیں آیا)

اٰبَآءَهُمُ (اٰبَآءَ۔هُمۡ) اٰبَآءَ، مضاف، باپ دادا، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے باپ دادا) اَلۡاَوَّلِیۡنَ (اگلے، پہلے) واحد، اَلۡاَوَّلُ،

اَمۡ لَمۡ یَعۡرِفُوۡا رَسُوۡلَهُمۡ فَهُمۡ لَهٗ مُنۡكِرُوۡنَ ﴿۶۹﴾	یا اُنہوں نے اپنے رسول کو نہیں پہچانا تو وہ اس کا انکار کرنے والے ہیں

اَمۡ، حرف عطف (یا) لَمۡ یَعۡرِفُوۡا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب عَرَفَ یَعۡرِفُ، مصدر عِرۡفَانًا جاننا، پہچاننا، تسلیم کرنا، لَمۡ، کی وجہ سے ترجمہ (اُنہوں نے نہیں پہچانا)

رَسُوۡلَهُمۡ (رَسُوۡلَ۔هُمۡ) رَسُوۡلَ، مضاف، رسول، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رسول (کو)) فَهُمۡ (فَ۔هُمۡ) فَ، حرف عطف، تو، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (تو وہ)

لَهٗ (لَ۔هٗ) لَ، حرف جار، کا، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کا)

مُنْكِرُوْنَ، اِنْكَارٌ، مصدر سے اسم اعل جمع مذکر (انکار کرنے والے)

اَمْ يَقُوْلُوْنَ بِهٖ جِنَّةٌ ؕ	یا وہ کہتے ہیں کہ اس کو کوئی جنون ہے

اَمْ، حرف عطف (یا) يَقُوْلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (وہ کہتے ہیں)

بِهٖ (بِ۔ہٖ) بِ، حرف جار، کو، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کو)

جِنَّةٌ، جِنٌّ، سے مشتق، ایسی بیماری جو عقل کو چھپا دیتی ہے (کوئی جنون، دیوانگی)

بَلْ جَآءَهُمْ بِالْحَقِّ وَ اَكْثَرُهُمْ لِلْحَقِّ كٰرِهُوْنَ ۝	بلکہ وہ ان کے پاس حق کے ساتھ آیا اور ان کے اکثر حق کو ناپسند کرنے والے ہیں

بَلْ، حرف اضراب، ما قبل کی نفی کیلئے آتا ہے (بلکہ)

جَآءَهُمْ (جَآءَ، هُمْ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِيْٓءُ، مصدر مَجِيْٓءٌ، آنا، وہ آیا،

هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (وہ ان کے پاس آیا)

بِالْحَقِّ (بِ۔اَلْحَقِّ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلْحَقِّ، مجرور، حق (حق کے ساتھ)

وَ، حرف عطف (اور) اَكْثَرُهُمْ (اَكْثَرُ، هُمْ) اَكْثَرُ، مضاف، كَثْرَةٌ، سے افعل التفضیل کا صیغہ، اکثر، بہت زیادہ، هُمْ، مضاف الیہ ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے اکثر)

لِلْحَقِّ (لِ۔اَلْحَقِّ) لِ، حرف جار، کو، اَلْحَقِّ، مجرور، حق (حق کو)

كٰرِهُوْنَ، كَرْهٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ناپسند کرنے والے)

وَ لَوِ اتَّبَعَ الْحَقُّ اَهْوَآءَهُمْ لَفَسَدَتِ السَّمٰوٰتُ وَ الْاَرْضُ وَ مَنْ فِيْهِنَّ ؕ	اور اگر حق ان کی خواہشات کی پیروی کرتا یقیناً سب آسمان اور زمین اور جو ان میں ہیں بگڑ جاتے

وَ لَوِ (وَ، لَوْ) وَ، حرف عطف، اور، لَوْ، شرطیہ، اگر (اور اگر)

اِتَّبَعَ الْحَقُّ (اِتَّبَعَ، اَلْحَقُّ) اِتَّبَعَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِتَّبَعَ يَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعٌ، پیروی کرنا،

لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ، پیری کرتا، اَلْحَقُّ، فاعل ہے، حق مراد باری تعالیٰ یا اس کا حکم (حق پیروی کرتا)

اَهْوَآءَهُمْ (اَهْوَآءَ، هُمْ) اَهْوَآءَ، مضاف، خیالات، خواہشات، واحد، هَوٰی، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی خواہشات)

لَفَسَدَتِ (لَ۔ فَسَدَتِ) لَ، لام تاکید، یقیناً، ضرور، فَسَدَتِ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب فَسَدَ يَفْسُدُ، مصدر فَسَادًا، فساد ہونا، بگڑ جانا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ، بگڑ جاتا (یقیناً بگڑ جاتا)

اَلسَّمٰوٰتُ (آسمانوں) واحد، اَلسَّمَآءِ، وَ، حرف عطف (اور)

اَلْاَرْضُ (زمین) وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، اسم موصول (جو)

فِيْهِنَّ (فِیْ۔ هِنَّ) فِیْ، حرف جار، میں، هِنَّ، مجرور، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان (ان میں)

بَلْ اَتَيْنٰهُمْ بِذِكْرِهِمْ فَهُمْ عَنْ ذِكْرِهِمْ مُّعْرِضُوْنَ ؕ	بلکہ ہم ان کے پاس ان کی نصیحت کو لائے ہیں تو وہ اپنی نصیحت سے منہ موڑنے والے ہیں

بَلْ، حرف اضراب (بلکہ) اَتَيْنٰهُمْ (اَتَيْنَا، هُمْ) اَتَيْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَتٰی يَاْتِیْ، مصدر اِتْيَانٌ، آنا صلہ میں، بَا، ہے، ترجمہ لانا، ہم لائے ہیں، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ہم ان کے پاس لائے ہیں)

بِذِكْرِهِمْ (بِ۔ ذِكْرِ۔ هِمْ) بِ، حرف جار، کو، ذِكْرِ، مجرور، مضاف، ذکر، نصیحت، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی نصیحت کو)

فَهُمْ (فَ۔ هُمْ) فَ، حرف عطف، تو، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (تو وہ)

عَنْ ذِكْرِهِمْ (عَنْ۔ ذِكْرِ۔ هِمْ) عَنْ، حرف جار، سے، ذِكْرِ، مجرور مضاف، ذکر، نصیحت، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی نصیحت سے)

مُعْرِضُوْنَ، اِعْرَاضٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (منہ موڑنے والے)

اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ خَرْجًا فَخَرَاجُ رَبِّكَ خَيْرٌ ۖ	یا آپ ان سے کسی اجرت کا سوال کرتے ہیں تو آپ

	کے رب کا اجر بہتر ہے

اَمْ، حرف عطف (یا) تَسْـَٔلُهُمْ (تَسْـَٔلُ، هُمْ) تَسْـَٔلُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب سَاَلَ یَسْـَٔلُ، مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، مانگنا، آپ سوال کرتے ہیں، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان سے (آپ ان سے سوال کرتے ہیں) خَرْجًا، اسم نکرہ (کسی اجرت، خرچہ، محصول، مزدوری) جمع، اَخْرَاجٌ،
فَخَرَاجُ (فَ، خَرَاجُ) فَ، حرف عطف، تو، خَرَاجُ، اسم، مزدوری، اجر، خرچہ، جمع، اَخْرَاجٌ (تو اجر) رَبِّكَ (رَبِّ۔ كَ) رَبِّ، مضاف، رب، كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ کی (آپ کے رب کا) خَیْرٌ (بہتر، اچھی)

وَّهُوَ خَیْرُ الرّٰزِقِیْنَ ۝	اور وہ سب رزق دینے والوں سے بہتر ہے

وَ، حرف عطف (اور) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ) خَیْرُ (بہتر)
اَلرّٰزِقِیْنَ، رِزْقًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (رزق دینے والے)

وَاِنَّكَ لَتَدْعُوْهُمْ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ۝	اور بلا شبہ آپ یقیناً انہیں سیدھے راستے کی طرف بلاتے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّكَ (اِنَّ، كَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلا شبہ، كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (بلا شبہ آپ) لَتَدْعُوْهُمْ (لَ۔ تَدْعُوْا۔ هُمْ) لَ، لام تاکید، یقیناً، تَدْعُوْا، فعل مضارع واحد مذکر حاضر دَعَا یَدْعُوْا، مصدر دُعَآءٌ، دَعْوَةٌ، پکارنا، بلانا، آپ بلاتے ہیں، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (یقیناً آپ انہیں بلاتے ہیں) اِلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (اِلٰی، صِرَاطٍ، مُسْتَقِیْمٍ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، صِرَاطٍ، مجرور، موصوف، راستے، مُسْتَقِیْمٍ، صفت، اِسْتِقَامَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، سیدھے (سیدھے راستے کی طرف)

وَاِنَّ الَّذِیْنَ لَا یُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ عَنِ	اور بے شک وہ لوگ جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے یقیناً

الصِّرَاطِ لَنٰكِبُوْنَ ﴿۷۴﴾	(سیدھے) راستے سے ہٹ جانے والے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّ الَّذِيْنَ، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، الَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (بے شک وہ لوگ جو) لَا يُؤْمِنُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا، ایمان رکھنا (وہ ایمان نہیں رکھتے)

بِالْاٰخِرَةِ (بِ۔ الْاٰخِرَةِ) بِ، حرف جار، پر، اَلْاٰخِرَةِ، مجرور، آخرت (آخرت پر)

عَنِ الصِّرَاطِ (عَنْ، اَلصِّرَاطِ) عَنْ، حرف جار، سے، اَلصِّرَاطِ، مجرور، راستے (راستے سے)

لَنٰكِبُوْنَ (لَ، نَاكِبُوْنَ) لَ، لام تاکید، یقیناً، نَاكِبُوْنَ، نَكَبَ نُكُوْبٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، پھر جانیوالے، مڑ جانیوالے، ہٹ جانے والے (یقیناً ہٹ جانے والے)

وَ لَوْ رَحِمْنٰهُمْ وَ كَشَفْنَا مَا بِهِمْ مِّنْ ضُرٍّ لَّلَجُّوْا فِيْ طُغْيَانِهِمْ يَعْمَهُوْنَ ﴿۷۵﴾	اور اگر ہم ان پر رحم کریں اور ان کو جو کوئی تکلیف ہے ہم دور کر دیں وہ ضرور اپنی سرکشی میں اصرار کریں (اور) وہ بھٹکتے رہیں

وَ لَوْ، وَ، حرف عطف، اور، لَوْ، شرطیہ، اگر (اور اگر)

رَحِمْنٰهُمْ (رَحِمْنَا۔ هُمْ) رَحِمْنَا، فعل ماضی جمع متکلم رَحِمَ يَرْحَمُ، مصدر رَحْمَةٌ، رحم کرنا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ، ہم رحم کریں، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ہم ان پر رحم کریں) وَ، حرف عطف (اور) كَشَفْنَا، فعل ماضی جمع متکلم كَشَفَ يَكْشِفُ، مصدر كَشْفًا، دور کرنا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ، ہم دور کر دیں، مَا، اسم موصول (جو) بِهِمْ (بِ۔ هِمْ) بِ، حرف جار، کو، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کو) مِّنْ ضُرٍّ (مِنْ، ضُرٍّ) مِنْ، حرف جار زائدہ، ترجمہ کی ضرورت نہیں، ضُرٍّ، مجرور، اسم نکرہ (کوئی تکلیف) لَّلَجُّوْا (لَ۔ لَجُّوْا) لَ، لام تاکید، ضرور، لَجُّوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب لَجَّ يَلِجُّ، مصدر لَجَاجَةٌ، اڑ جانا، اصرار کرنا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ وہ اصرار کریں (ضرور وہ اصرار کریں)

فِیْ طُغْیَانِهِمْ (فِیْ، طُغْیَانِ، هِمْ) فِیْ، حرف جار، میں، طُغْیَانِ، مجرور، مضاف، سرکشی، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی سرکشی میں) یَعْمَهُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَمِهَ یَعْمَهُ، مصدر عَمْهًا، سرگرداں پھرنا، سیدھا راستہ نہ پانا، بھٹکنا (وہ بھٹکتے رہیں)

وَ لَقَدْ اَخَذْنٰهُمْ بِالْعَذَابِ فَمَا اسْتَكَانُوْا لِرَبِّهِمْ وَمَا يَتَضَرَّعُوْنَ ۝۷۶	اور بلاشبہ یقیناً ہم نے انہیں عذاب کے ساتھ پکڑا تو وہ نہ اپنے رب کے سامنے جھکے اور نہ وہ عاجزی اختیار کرتے تھے

وَ لَقَدْ (وَ، لَ، قَدْ) وَ، حرف عطف، اور، لَ، لام تاکید، بلاشبہ، قَدْ، حرف تحقیق، یقیناً (اور بلاشبہ یقیناً)

اَخَذْنٰهُمْ (اَخَذْنَا۔ هُمْ) اَخَذْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَخَذَ یَاْخُذُ، مصدر اَخْذًا، پکڑنا، ہم نے پکڑا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (ہم نے انہیں پکڑا)

بِالْعَذَابِ (بِ، اَلْعَذَابِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَلْعَذَابِ، مجرور، عذاب (عذاب کے ساتھ)

فَمَا (فَ۔ مَا) فَ، حرف عطف، تو، مَا، نافیہ، نہ (تو نہ)

اِسْتَكَانُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اِسْتَكَانَ یَسْتَكِیْنُ، مصدر اِسْتِكَانَةٌ، عاجزی کرنا، جھکنا (وہ جھکے)

لِرَبِّهِمْ (لِ۔ رَبِّ۔ هِمْ) لِ، حرف جار، کیلئے، رَبِّ، مجرور، مضاف، رب، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے رب کیلئے، اپنے رب کے سامنے) وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہ)

یَتَضَرَّعُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب تَضَرَّعَ یَتَضَرَّعُ، مصدر تَضَرُّعٌ، زاری کرنا، عاجزی اختیار کرنا، (وہ عاجزی اختیار کرتے)

حَتّٰٓى اِذَا فَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَابًا ذَا عَذَابٍ شَدِيْدٍ اِذَا هُمْ فِيْهِ مُبْلِسُوْنَ ۝۷۷	یہاں تک کہ جب ہم نے ان پر سخت عذاب والا کوئی دروازہ کھول دیا اچانک وہ اس میں ناامید ہونے والے ہو گئے

ع ۴

حَتّٰی، حرف جار وغایت (یہاں تک کہ)اِذَا،اسم ظرف مستقبل بمعنی شرط (جب)

فَتَحْنَا، فعل ماضی جمع متکلم فَتَحَ یَفْتَحُ، مصدر فَتْحًا، کھول دینا (ہم نے کھول دیا)

عَلَیْهِمْ (عَلٰی۔هِمْ) عَلٰی، حرف جار، پر، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب،ان (ان پر) بَابًا (کوئی دروازہ)

ذَا عَذَابٍ شَدِیْدٍ(ذَا، عَذَابٍ، شَدِیْدٍ) ذَا، مضاف، والا، عَذَابٍ، مضاف الیہ، موصوف، عذاب،

شَدِیْدٍ، شَدٌّ، سے صفت مشبہ، سخت (سخت عذاب والا) اِذَا،اسم ظرف مفاجاتیہ (اچانک،اس وقت)

هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

فِیْهِ(فِیْ۔هِ)فِیْ، حرف جار، میں، هِ، مجرور ضمیر واحد مذکر غائب،اس (اس میں)

مُبْلِسُوْنَ، اِبْلَاسٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (مایوس ہونے والے، ناامید ہونے والے)

وَهُوَ الَّذِیْٓ اَنْشَاَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ	اور وہی ہے جس نے تمہارے لئے کان اور آنکھیں اور دل بنائے

وَ هُوَ، وَ، حرف عطف، اور، هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب، وہ، وہی (اور وہی ہے)

الَّذِیْ، اسم موصول واحد مذکر (جس نے)

اَنْشَاَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَنْشَاَ یُنْشِئُ، مصدر اِنْشَآءٌ، پیدا کرنا، بنانا (اس نے بنائے)

لَكُمْ (لَ۔كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

اَلسَّمْعَ، قوت سامعہ (کان) واحد اور جمع دونوں کیلئے استعمال ہوتا ہے جب معنی سننا ہو تو مصدر ہوتا ہے،

وَ، حرف عطف (اور) اَلْاَبْصَارَ (آنکھیں) واحد، بَصَرٍ، وَ، حرف عطف (اور) اَلْاَفْـِٕدَةَ (دل) واحد، فُؤَادٌ،

قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ۝۷۸	تم بہت کم شکر ادا کرتے ہو

قَلِیْلًا، قِلَّةٌ، مصدر سے صفت مشبہ واحد مذکر (بہت تھوڑا، بہت کم) مَا، زائدہ ہے۔

تَشْكُرُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر شَكَرَ یَشْكُرُ، مصدر شُكْرًا، شکر ادا کرنا (تم شکر ادا کرتے ہو)

اور وہی ہے جس نے تمہیں زمین میں پھیلایا اور اسی کی طرف تم جمع کئے جاؤ گے	وَهُوَ الَّذِیۡ ذَرَاَكُمۡ فِی الۡاَرۡضِ وَ اِلَيۡهِ تُحۡشَرُوۡنَ ۝۷۹

وَ هُوَ،وَ، حرف عطف،اور،هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب،وہ، وہی (اور وہی ہے)

الَّذِیۡ،اسم موصول واحد مذکر (جس نے)

ذَرَاَكُمۡ (ذَرَاَ۔ كُمۡ) ذَرَاَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ذَرَاَ۔ يَذۡرَءُ، مصدر ذَرۡءٌ، پیدا کرنا،بڑھانا،پھیلانا،اس نے پھیلایا، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (اس نے تمہیں پھیلایا)

فِی الۡاَرۡضِ (فِیۡ،اَلۡاَرۡضِ) فِیۡ، حرف جار، میں،اَلۡاَرۡضِ، مجرور، زمین (زمین میں) وَ، حرف عطف (اور)

اِلَيۡهِ (اِلٰی۔هِ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف،هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب،اس (اس کی طرف)

تُحۡشَرُوۡنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر حَشَرَ يَحۡشُرُ، مصدر حَشۡرًا، جمع کرنا، اکٹھے کرنا (تم جمع کئے جاؤ گے)

اور وہی ہے جو زندگی دیتا ہے اور موت دیتا ہے اور رات اور دن کا بدلنا اسی کے (اختیار میں) ہے	وَهُوَ الَّذِیۡ يُحۡیٖ وَ يُمِيۡتُ وَ لَهُ اخۡتِلَافُ الَّيۡلِ وَ النَّهَارِ ؕ

وَ هُوَ،وَ، حرف عطف،اور،هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب،وہ، وہی (اور وہی ہے)

الَّذِیۡ،اسم موصول واحد مذکر (جو) يُحۡیٖ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَحۡيٰی يُحۡيِیۡ، مصدر اِحۡيَآءٌ، زندہ کرنا، زندگی دینا (وہ زندگی دیتا ہے) وَ، حرف عطف (اور)

يُمِيۡتُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَمَاتَ يُمِيۡتُ، مصدر اِمَاتَةٌ، موت دینا (وہ موت دیتا ہے)

وَ، حرف عطف (اور) لَهُ (لَ،هُ) لَ، حرف جار برائے ملکیت، کے (اختیار میں)،هُ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اسی (اسی کے (اختیار میں) ہے) اِخۡتِلَافُ، مصدر (بدلتے رہنا، گردش کرنا، بدلنا)

الَّيۡلِ (رات) وَ، حرف عطف (اور) النَّهَارِ (دن)

اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ ۝	تو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے ؟

اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ (اَ۔ فَ۔ لَا تَعۡقِلُوۡنَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو،
لَا تَعۡقِلُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر عَقَلَ، یَعۡقِلُ مصدر عَقۡلًا سمجھنا، عقل رکھنا، عقل سے کام لینا، تم عقل سے کام نہیں لیتے ہو (تو کیا تم عقل سے کام نہیں لیتے ؟)

بَلۡ قَالُوۡا مِثۡلَ مَا قَالَ الۡاَوَّلُوۡنَ ۝	بلکہ اُنہوں نے اس کی مثل کہا جو پہلوں نے کہا تھا

بَلۡ، حرف اضراب (بلکہ) قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا)
مِثۡلَ (مثل، طرح) مَا، اسم موصول، جو (اس کی جو)
قَالَ الۡاَوَّلُوۡنَ (قَالَ، اَلۡاَوَّلُوۡنَ) قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، کہا،
اَلۡاَوَّلُوۡنَ، پہلوں، اگلے، واحد، اَلۡاَوَّلُ (پہلوں نے کہا)

قَالُوۡۤا ءَاِذَا مِتۡنَا وَ کُنَّا تُرَابًا وَّ عِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ ۝	اُنہوں نے کہا کیا جب ہم مر جائیں گے اور ہم مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے کیا واقعی ہم ضرور دوبارہ اٹھائے جانے والے ہیں

قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (اُنہوں نے کہا)
ءَاِذَا (ءَ، اِذَا) ءَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، اِذَا، اسم ظرف مستقبل پر دلالت کرتا ہے، بمعنی شرط، جب (کیا جب)
مِتۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم مَاتَ یَمُوۡتُ، مصدر مَوۡتًا، مرنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (ہم مر جائیں گے)
وَ، حرف عطف (اور) کُنَّا، فعل ماضی جمع متکلم کَانَ یَکُوۡنُ، مصدر کَوۡنًا، ہونا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (ہم ہو جائیں گے) تُرَابًا (مٹی) وَ، حرف عطف (اور) عِظَامًا (ہڈیاں) واحد، عَظۡمٌ،
ءَاِنَّا (ءَ، اِنَّ، نَا) ءَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، واقعی، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (کیا واقعی ہم) لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ (لَ، مَبۡعُوۡثُوۡنَ) لَ، لام تاکید، ضرور، مَبۡعُوۡثُوۡنَ، بَعۡثٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر، دوبارہ اٹھائے جانے والے (ضرور دوبارہ اٹھائے جانے والے)

لَقَدْ وُعِدْنَا نَحْنُ وَ اٰبَآؤُنَا هٰذَا مِنْ قَبْلُ اِنْ هٰذَآ اِلَّآ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۸۳﴾	بلا شبہ یقیناً ہم اور ہمارے باپ دادا اس سے پہلے یہ وعدہ دیئے گئے۔ نہیں ہیں یہ مگر پہلے لوگوں کے افسانے

لَقَدْ (لَ، قَدْ) لَ، لام تاکید، بلا شبہ، قَدْ، حرف تحقیق، یقیناً (بلا شبہ یقیناً)

وُعِدْنَا، فعل ماضی مجہول جمع متکلم وَعَدَ يَعِدُ، مصدر وَعْدًا، وعدہ کرنا (ہم وعدہ دئے گئے)

نَحْنُ، ضمیر جمع متکلم (ہم) وَ، حرف عطف (اور)

اٰبَآؤُنَا (اٰبَآؤُ۔ نَا) اٰبَآؤُ، مضاف، باپ، دادا، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے باپ دادا)

هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ) مِنْ قَبْلُ (مِنْ، قَبْلُ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلُ، مجرور، پہلے (اس سے پہلے) اِنْ، نافیہ (نہیں) هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ، اَسَاطِيْرُ، مضاف، وہ جھوٹی خبر جو گھڑ کر لکھ دی گئی ہو، قصے کہانیاں، افسانے، واحد، اُسْطُوْرَةٌ، اَلْاَوَّلِيْنَ، مضاف الیہ، پہلے لوگوں کے، واحد، اَلْاَوَّلُ (پہلے لوگوں کے افسانے)

قُلْ لِّمَنِ الْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهَآ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۸۴﴾	آپ کہہ دیجئے زمین اور جو اس میں ہے کس کا ہے اگر تم جانتے ہو؟

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ مصدر قَوْلًا کہنا (آپ کہہ دیجئے) لِّمَنِ (لِ، مَنْ) لِ، حرف جار، کا، مَنْ، مجرور، استفہامیہ، کس (کس کا ہے) اَلْاَرْضُ (زمین) وَ، حرف عطف (اور) مَنْ، اسم موصول (جو) فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع اَلْاَرْضُ ہے (اس میں) اِنْ، شرطیہ (اگر) كُنْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ (تم ہو) تَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (تم جانتے)

سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ	ضرور وہ کہیں گے اللہ کا ہے

سَيَقُوْلُوْنَ(سَ،يَقُوْلُوْنَ)سَ، مضارع کے ساتھ مخصوص ہے اور اس کو استقبال کیلئے خاص کرتا ہے، اب،قریب، عنقریب، یہاں اس میں ضرور کا مفہوم پایا جاتا ہے، ضرور،
يَقُوْلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا،وہ کہیں گے (ضرور وہ کہیں گے)
لِلّٰهِ(لِ۔اَللّٰهِ)لِ، حرف جار، کا،اَللّٰهِ، مجرور،اللہ (اللہ کا ہے)

قُلْ اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ۝۸۵	آپ کہہ دیجئے تو کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا(آپ کہہ دیجئے)اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ(اَ۔فَ۔لَا تَذَكَّرُوْنَ)اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا،فَ، حرف عطف، تو،لَا تَذَكَّرُوْنَ، تَذَكَّرُوْنَ، اصل میں،تَتَذَكَّرُوْنَ، تھا،اختصار کیلئے ایک تا محذوف ہے فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ مصدر تَذَكُّرٌ، نصیحت حاصل کرنا، تم نصیحت حاصل نہیں کرتے (تو کیا تم نصیحت حاصل نہیں کرتے)

قُلْ مَنْ رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝۸۶	آپ کہیے ساتوں آسمانوں کا رب اور عرش عظیم کا رب کون ہے؟

قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا(آپ کہیے) مَنْ،استفہامیہ (کون ہے؟)
رَّبُّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ(رَبُّ،اَلسَّمٰوٰتِ، اَلسَّبْعِ) رَبُّ، مضاف،رب،اَلسَّمٰوٰتِ، مضاف الیہ، موصوف، آسمانوں کا،واحد،اَلسَّمَآءِ،اَلسَّبْعِ،صفت اسم عدد مؤنث کیلئے آتا ہے،ساتوں (ساتوں آسمانوں کا رب)
وَ،حرف عطف (اور)رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ (رَبُّ،اَلْعَرْشِ،اَلْعَظِيْمِ) رَبُّ، مضاف،رب،
اَلْعَرْشِ، مضاف الیہ، موصوف، عرش کا،اَلْعَظِيْمِ ،عَظْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت بڑے، عظیم،
(عرش عظیم کا رب)

سَيَقُوْلُوْنَ لِلّٰهِ ؕ	ضرور وہ کہیں گے کہ اللہ کا ہے

سَيَقُوْلُوْنَ(سَ۔يَقُوْلُوْنَ)سَ، مضارع کے ساتھ مخصوص ہے اور اس کو مستقبل قریب کیلئے خاص

کرتا ہے، اب، قریب، عنقریب، یہاں اس میں ضرور کا مفہوم پایا جاتا ہے، ضرور،
یَقُوۡلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، وہ کہیں گے (ضرور وہ کہیں گے) لِلّٰهِ (لِ۔اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کا، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کا ہے)

قُلۡ اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ ۝	آپ کہہ دیجئے تو کیا تم ڈرتے نہیں؟

قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)
اَفَلَا تَتَّقُوۡنَ (اَ، فَ، لَا تَتَّقُوۡنَ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، فَ، حرف عطف، تو،
لَا تَتَّقُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر اِتَّقٰی یَتَّقِیۡ، مصدر اِتِّقَآءٌ، ڈرنا، تم ڈرتے نہیں (تو کیا تم ڈرتے نہیں)

قُلۡ مَنۡۢ بِیَدِهٖ مَلَکُوۡتُ کُلِّ شَیۡءٍ وَّ هُوَ یُجِیۡرُ وَلَا یُجَارُ عَلَیۡهِ اِنۡ کُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ۝	آپ کہہ دیجئے کون ہے کہ اس کے ہاتھ میں ہر چیز کی بادشاہی ہے اور وہ پناہ دیتا ہے اور اس کے خلاف پناہ نہیں دی جاسکتی اگر تم جانتے ہو؟

قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)
مَنۡ، استفہامیہ (کون) بِیَدِهٖ (بِ۔یَدِ۔هٖ) بِ، حرف جار بمعنی فِیۡ، میں، یَدِ، مجرور، مضاف، ہاتھ،
هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے ہاتھ میں)
مَلَکُوۡتُ، مصدر (اقتدار کامل، حکومت، بادشاہی)
کُلِّ شَیۡءٍ، کُلِّ، مضاف، ہر، شَیۡءٍ، مضاف الیہ، چیز کی (ہر چیز کی) وَ، حرف عطف (اور)
هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ) یُجِیۡرُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَجَارَ یُجِیۡرُ، مصدر اِجَارَةٌ، پناہ دینا (وہ پناہ دیتا ہے) وَ، حرف عطف (اور)
لَا یُجَارُ، فعل مضارع مجہول منفی واحد مذکر غائب اَجَارَ یُجِیۡرُ، مصدر اِجَارَةٌ پناہ دینا (پناہ نہیں دی جاسکتی)

عَلَيۡهِ (عَلٰى، هِ) عَلٰى، حرف جار، کے خلاف، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے خلاف)

اِنۡ، شرطیہ (اگر) كُنۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا، اِنۡ، کی وجہ سے ترجمہ (تم ہو) تَعۡلَمُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَلِمَ يَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا (تم جانتے)

سَيَقُوۡلُوۡنَ لِلّٰهِ ؕ	ضرور وہ کہیں گے کہ اللہ ہی کیلئے ہے

(سَ، يَقُوۡلُوۡنَ) سَ، مضارع کے ساتھ مخصوص ہے اور اس کو مستقبل کیلئے خاص کرتا ہے، اب، قریب، عنقریب، یہاں اس میں ضرور کا مفہوم پایا جاتا ہے، ضرور، يَقُوۡلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، وہ کہیں گے (ضرور وہ کہیں گے)

لِلّٰهِ (لِ، اَللّٰهِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ ہی کیلئے)

قُلۡ فَاَنّٰى تُسۡحَرُوۡنَ ﴿۸۹﴾	آپ کہہ دیجئے پھر کہاں سے تم جادو کئے جاتے ہو

قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

فَاَنّٰى (فَ، اَنّٰى) فَ، حرف عطف، پھر، اَنّٰى، اسم ظرف ہے، زمان اور مکان دونوں کیلئے آتا ہے یہاں ظرف مکان بمعنی (کہاں) ہے (پھر کہاں) تُسۡحَرُوۡنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر حاضر سَحَرَ يَسۡحَرُ، مصدر سَحۡرًا، جادو کرنا (تم جادو کئے جاتے ہو)

بَلۡ اَتَيۡنٰهُمۡ بِالۡحَقِّ وَ اِنَّهُمۡ لَكٰذِبُوۡنَ ﴿۹۰﴾	بلکہ ہم ان کے پاس حق کو لائے ہیں اور بے شک وہ یقیناً جھوٹے ہیں۔

بَلۡ، حرف اضراب (بلکہ) اَتَيۡنٰهُمۡ (اَتَيۡنَا، هُمۡ) اَتَيۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَتٰى يَاۡتِيۡ، مصدر اِتۡيَانٌ، آنا، لانا، ہم لائے ہیں، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ہم ان کے پاس لائے ہیں)

بِالۡحَقِّ (بِ، اَلۡحَقِّ) بِ، حرف جار، کو، اَلۡحَقِّ، مجرور، حق، سچ (حق کو) وَ، حرف عطف (اور)

اِنَّهُمۡ (اِنَّ۔ هُمۡ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (بے شک وہ)

لَكٰذِبُوْنَ (لَ،كَاذِبُوْنَ) لَ، لام تاکید، یقیناً، كَاذِبُوْنَ، كِذْبٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، جھوٹ بولنے والے، جھوٹے (یقیناً جھوٹے)

مَا اتَّخَذَ اللّٰهُ مِنْ وَّلَدٍ وَّمَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ اِلٰهٍۭ بِمَا خَلَقَ وَ لَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ ؕ	اللہ نے کوئی اولاد نہیں بنائی اور نہ اس کے ساتھ کوئی معبود ہے اس وقت ضرور ہر معبود اس کو لے جاتا جو اس نے پیدا کیا اور ضرور ان میں سے بعض بعض پر چڑھائی کرتا

مَا، نافیہ (نہیں) اِتَّخَذَ اللّٰهُ (اِتَّخَذَ، اَللّٰهُ) اِتَّخَذَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ، مصدر اِتِّخَاذٌ، بنانا، بنائی، اَللّٰهُ، اللہ (اللہ نے بنائی) مِنْ وَّلَدٍ (مِنْ، وَلَدٍ) مِنْ، حرف جار، زائدہ برائے عموم، وَلَدٍ، مجرور، اسم جنس نکرہ، کوئی بچہ، چند، لڑکا ہو یا لڑکی (کوئی اولاد) وَ، حرف عطف (اور) مَا، نافیہ (نہ) كَانَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہے)

مَعَهٗ (مَعَ۔ هٗ) مَعَ، مضاف، ساتھ، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے ساتھ)

مِنْ اِلٰهٍ (مِنْ، اِلٰهٍ) مِنْ، حرف جار، زائد برائے عموم، اِلٰهٍ، مجرور، اسم نکرہ (کوئی معبود)

اِذًا، حرف جزا، امتناعیہ ہے، جواب اور جزا کیلئے آتا ہے، تب (اس وقت) لَّذَهَبَ (لَ، ذَهَبَ) لَ، جواب شرط، ضرور، ذَهَبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ذَهَبَ يَذْهَبُ، مصدر ذَهَابًا، لے جانا، جانا، وہ لے جاتا (وہ ضرور لے جاتا) كُلُّ اِلٰهٍ، كُلُّ، مضاف، ہر، اِلٰهٍ، مضاف الیہ، معبود (ہر معبود)

بِمَا (بِ۔ مَا) بِ، حرف جار، کو، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کو جو)

خَلَقَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب خَلَقَ يَخْلُقُ، مصدر خَلْقًا، پیدا کرنا (اس نے پیدا کیا)

وَ، حرف عطف (اور) لَعَلَا (لَ، عَلَا) لَ، لام جواب شرط وتاکید، ضرور، عَلَا، فعل ماضی واحد مذکر غائب عَلَا يَعْلُوْ، مصدر عُلُوًّا، غالب آنا، چڑھائی کرنا، بڑائی حاصل کرنا (وہ چڑھائی کرتا)

بَعْضُهُمْ (بَعْضُ، هُمْ) بَعْضُ، مضاف، کل کے اعتبار سے شے کے کسی جز کو بعض کہتے ہیں، بعض،

کچھ، هُمْ، مضاف الیہ ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان میں سے بعض)

عَلٰى بَعْضٍ (عَلٰى، بَعْضٍ) عَلٰى، حرف جار، پر، بَعْضٍ، مجرور، بعض (بعض پر)

سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ۙ﴿۹۱﴾	اللہ اس سے پاک ہے جو وہ بیان کرتے ہیں

سُبْحٰنَ اللّٰهِ (سُبْحٰنَ، اَللّٰهِ) سُبْحٰنَ، مضاف، مصدر ہے بمعنی تسبیح، پاکی بیان کرنے کے، پاک ہے، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ (اللہ پاک ہے)

عَمَّا (عَنْ۔ مَا) عَنْ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)

يَصِفُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب وَصَفَ يَصِفُ، مصدر وَصْفٌ، بیان کرنا (وہ بیان کرتے ہیں)

عٰلِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ؑ﴿۹۲﴾	غائب اور حاضر کا جاننے والا ہے پس وہ اس سے بہت بلند ہے جو وہ شریک بناتے ہیں

ع ۵ ۱۵ ۵

عٰلِمِ الْغَيْبِ، عٰلِمِ، مضاف عِلْمًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، جاننے والا، اَلْغَيْبِ، مضاف الیہ، اسم مصدر، پوشیدہ ہونا، انسان کے علم واحساس سے بالاتر ہونا، وہ چیزیں جو انسان کی حسی اور عقلی رسائی سے خارج ہیں، جن کا علم انبیاء کی اطلاع کے بغیر نہیں ہو سکتا، غیب کا (غیب کا جاننے والا)

وَ، حرف عطف (اور) اَلشَّهَادَةِ، اسم مصدر (حاضر)

فَتَعٰلٰى (فَ۔ تَعَالٰى) فَ، حرف عطف، پس، تَعَالٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب تَعَالٰى يَتَعَالٰى، مصدر تَعَالِيٌ بہت بلند ہونا، وہ بہت بلند ہے (پس وہ بہت بلند ہے)

عَمَّا (عَنْ۔ مَا) عَنْ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)

يُشْرِكُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَشْرَكَ يُشْرِكُ، مصدر اِشْرَاكٌ، شرک کرنا، شریک بنانا (وہ شریک بناتے ہیں)

قُلْ رَّبِّ اِمَّا تُرِيَنِّيْ مَا يُوْعَدُوْنَ ۙ﴿۹۳﴾	آپ کہہ دیجئے اے میرے رب اگر واقعی تو مجھے (وہ عذاب) دکھائے جس کا وہ وعدہ دیئے جاتے ہیں

قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

رَّبِّ، اصل میں، یَارَبِّیۡ، ہے (یَا۔رَبِّ۔یۡ) یَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبِّیۡ، منادیٰ، رَبِّ، مضاف، رب، یۡ، مضاف الیہ، محذوف ہے، ضمیر واحد متکلم، میرے (اے میرے رب)

اِمَّا (اِنۡ۔مَا) اِنۡ، شرطیہ، اگر، مَا، زائدہ (اگر)

تُرِیَنِّیۡ (تُرِیَنِّ۔یۡ) تُرِیَنِّ، اصل میں تُرِیَنَّ ہے یَاء کی وجہ سے نون کے نیچے زیر دی گئی ہے فعل مضارع واحد مذکر حاضر بانون تاکید ثقیلہ اَرٰی یُرِیۡ، مصدر اِرَآءَۃٌ، دکھانا، واقعی تو دکھائے، یۡ، ضمیر واحد متکلم، مجھے (واقعی تو مجھے دیکھائے) مَا، اسم موصول (جس کا) یُوۡعَدُوۡنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب وَعَدَ یَعِدُ، مصدر وَعۡدًا، وعدہ دینا (وہ وعدہ دیئے جاتے ہیں)

رَبِّ فَلَا تَجۡعَلۡنِیۡ فِی الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۹۴﴾	اے میرے رب پس تو مجھے ظالم لوگوں میں شامل نہ کرنا

رَبِّ، اصل میں، یَارَبِّیۡ، ہے (یَا۔رَبِّ۔یۡ) یَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبِّیۡ، منادیٰ، رَبِّ، مضاف، رب، یۡ، مضاف الیہ، محذوف ہے ضمیر واحد متکلم، میرے (اے میرے رب)

فَلَا تَجۡعَلۡنِیۡ (فَ، لَا تَجۡعَلۡ، نِ، یۡ) فَ، حرف عطف، پس، لَا تَجۡعَلۡ، فعل نہی واحد مذکر حاضر جَعَلَ یَجۡعَلُ، مصدر جَعۡلًا، ڈالنا، رکھنا، بنانا، شامل کرنا، تو شامل نہ کرنا، نِ، نون وقایہ، یۡ، ضمیر واحد متکلم، مجھے (پس تو مجھے شامل نہ کرنا) فِی الۡقَوۡمِ الظّٰلِمِیۡنَ، فِیۡ، حرف جار، میں، اَلۡقَوۡمِ، مجرور، موصوف، قوم، لوگوں، اَلظّٰلِمِیۡنَ، صفت، ظُلۡمًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ظلم کرنے والے، ظالموں، واحد، اَلظَّالِمُ، ظالم، (ظالم لوگوں میں)

وَ اِنَّا عَلٰۤی اَنۡ نُّرِیَکَ مَا نَعِدُہُمۡ لَقٰدِرُوۡنَ ﴿۹۵﴾	اور بے شک ہم اس (بات) پر ضرور قادر ہیں کہ آپ کو (وہ عذاب) دکھائیں جس کا ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اِنَّا (اِنَّ۔ نَا) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (بے شک ہم)

عَلٰٓى اَنْ (عَلٰى، اَنْ) عَلٰى، حرف جار، اس (بات) پر، اَنْ، مجرور، مصدریہ، کہ (اس (بات) پر کہ)

نُّرِيَكَ (نُرِيَ، كَ) نُرِيَ، فعل مضارع جمع متکلم اَرٰى يُرِىْ، مصدر اِرَآءَةٌ، دکھانا، ہم دکھائیں،

كَ، ضمیر واحد مذکر حاضر، آپ (ہم آپ کو دکھائیں) مَا، اسم موصول (جس کا)

نَعِدُهُمْ (نَعِدُ، هُمْ) نَعِدُ، فعل مضارع جمع متکلم وَعَدَ يَعِدُ، مصدر وَعْدًا، وعدہ کرنا، ہم وعدہ کرتے ہیں، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان سے (ہم ان سے وعدہ کرتے ہیں)

لَقٰدِرُوْنَ (لَ۔ قٰدِرُوْنَ) لَ، لام تاکید، ضرور، یقیناً، قٰدِرُوْنَ، قُدْرَةٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، قدرت رکھنے والے، واحد، قَادِرٌ (ضرور قادر)

اِدْفَعْ بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ السَّيِّئَةَ ؕ	آپ اس (طریقے) سے برائی کو دور کریں جو سب سے بہتر ہو

اِدْفَعْ، فعل امر واحد مذکر حاضر دَفَعَ يَدْفَعُ، مصدر دَفْعًا، دفع کرنا، ہٹانا، دور کرنا (آپ دور کریں)

بِالَّتِىْ (بِ۔ اَلَّتِىْ) بِ، حرف جار، سے، اَلَّتِىْ، مجرور، اسم موصول واحد مؤنث، جو (اس سے جو)

هِىَ، ضمیر واحد مؤنث غائب (وہ)

اَحْسَنُ، حُسْنٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ، بہت اچھا، سب سے بہتر، زیادہ اچھا، اَلسَّيِّئَةَ (برائی)

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا يَصِفُوْنَ ﴿۹۶﴾	ہم اس کو زیادہ جاننے والے ہیں جو وہ بیان کرتے ہیں

نَحْنُ، ضمیر جمع متکلم (ہم) اَعْلَمُ، عِلْمًا، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ جاننے والا)

بِمَا (بِ۔ مَا) بِ، حرف جار، کو، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کو جو)

يَصِفُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب وَصَفَ يَصِفُ، مصدر وَصْفٌ، بیان کرنا (وہ بیان کرتے ہیں)

وَقُلْ رَّبِّ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ هَمَزٰتِ	اور آپ کہہ دیجئے اے میرے رب میں شیطانوں کے

الشَّیٰطِیۡنِ ﴿۹۷﴾	وسوسوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں

وَ، حرف عطف (اور) قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

رَبِّ، اصل میں، یَارَبِّیۡ، ہے (یَا۔ رَبِّ۔ یۡ) یَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبِّیۡ، منادٰی، رَبِّ، مضاف، رب، یۡ، مضاف الیہ، محذوف ہے، ضمیر واحد متکلم، میرے (اے میرے رب)

اَعُوۡذُ، فعل مضارع واحد متکلم عَاذَ یَعُوۡذُ، مصدر عَوۡذًا، پناہ مانگنا (میں پناہ مانگتا ہوں)

بِكَ (بِ، كَ) بِ، حرف جار، کی، كَ، مجرور، ضمیر واحد مذکر حاضر، تجھ (تجھ کی، تیری)

مِنۡ هَمَزٰتِ الشَّیٰطِیۡنِ، مِنۡ، حرف جار، سے، هَمَزٰتِ، مجرور، مضاف، وسوسوں، واحد، هَمَزَةٌ، اَلشَّیٰطِیۡنِ، مضاف الیہ، شیطانوں، واحد، اَلشَّیۡطٰنُ (شیطانوں کے وسوسوں سے)

وَ اَعُوۡذُ بِكَ رَبِّ اَنۡ یَّحۡضُرُوۡنِ ﴿۹۸﴾	اور اے میرے رب (اس سے) تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس حاضر ہوں

وَ، حرف عطف (اور) اَعُوۡذُ، فعل مضارع واحد متکلم عَاذَ، یَعُوۡذُ مصدر عَوۡذًا پناہ مانگنا (میں پناہ مانگتا ہوں)

بِكَ (بِ۔ كَ) بِ، حرف جار، کی، كَ، مجرور ضمیر واحد مذکر حاضر، تجھ (تجھ کی، تیری)

رَبِّ، اصل میں، یَارَبِّیۡ، ہے (یَا۔ رَبِّ۔ یۡ) یَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبِّیۡ، منادٰی، رَبِّ، مضاف، رب، یۡ، مضاف الیہ، محذوف ہے، ضمیر واحد متکلم، میرے (اے میرے رب) اَنۡ، مصدریہ (کہ)

یَحۡضُرُوۡنِ، اصل میں یَحۡضُرُوۡنِیۡ، تھا (یَحۡضُرُوۡا، نِ، یۡ) یَحۡضُرُوۡا فعل مضارع جمع مذکر غائب بوجہ اَنۡ نون اعرابی محذوف ہے حَضَرَ یَحۡضُرُ مصدر حُضُوۡرًا حاضر ہونا۔ وہ حاضر ہوں، نِ نون وقایہ یۡ ضمیر واحد متکلم محذوف ہے میرے (وہ میرے پاس حاضر ہوں)

حَتّٰۤی اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الۡمَوۡتُ قَالَ رَبِّ ارۡجِعُوۡنِ ﴿۹۹﴾	یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی ایک کو موت آئے گی وہ کہے گا اے میرے رب تو مجھے واپس لوٹا دے

حَتّٰی، حرف جار و غایت (یہاں تک کہ) اِذَا، اسم ظرف مستقبل پر دلالت کرتا ہے، بمعنی شرط (جب)

جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ یَجِیْٓءُ، مصدر مَجِیْٓءٌ، آنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (آئے گی)

اَحَدَهُمُ (اَحَدَ، هُمْ) اَحَدَ، مضاف، کسی ایک، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان میں (ان میں سے کسی ایک کو) اَلْمَوْتُ (موت)

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ کہے گا)

رَبِّ، اصل میں، یَارَبِّیْ، ہے (یَا۔رَبِّ۔یْ) یَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبِّیْ، منادٰی، رَبِّ، مضاف، رب، یْ، مضاف الیہ، محذوف ہے ضمیر واحد متکلم، میرے (اے میرے رب)

اِرْجِعُوْنِ، اصل میں، اِرْجِعُوْنِیْ، تھا (اِرْجِعُوْا، نِ، یْ) اِرْجِعُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر رَجَعَ یَرْجِعُ، مصدر رُجُوْعٌ، رجوع کرنا، واپس لوٹنا، خطاب اللہ تعالیٰ سے ہے اور جمع کا صیغہ تعظیمًا لایا گیا ہے، تو واپس لوٹا دے، نِ، نون وقایہ، یْ، ضمیر واحد متکلم، محذوف ہے، مجھے (تو مجھے واپس لوٹا دے)

لَعَلِّیْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِیْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ؕ	تاکہ میں اس (دنیا) میں نیک عمل کروں جسے میں چھوڑ آیا ہوں، ہرگز نہیں

لَعَلِّیْ (لَعَلِّ، یْ) لَعَلِّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، یْ، ضمیر واحد متکلم، میں (تاکہ میں)

اَعْمَلُ، فعل مضارع واحد متکلم عَمِلَ یَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (میں عمل کروں)

صَالِحًا، صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (نیک، اچھا)

فِیْمَا (فِیْ، مَا) فِیْ، حرف جار، میں، مَا، مجرور، اسم موصول، جسے (اس میں جسے)

تَرَكْتُ، فعل ماضی واحد متکلم تَرَكَ یَتْرُكُ، مصدر تَرْكًا، چھوڑنا، ترک کرنا (میں چھوڑ آیا ہوں)

كَلَّا، حرف ردع ہے ردع کا معنی روکنا، ہٹانا (ہرگز نہیں)

اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ؕ	بے شک وہ ایک بات ہے کہ وہ اس کا کہنے والا ہے

اِنَّهَا(اِنَّ۔ هَا)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، وہ (بے شک وہ)

كَلِمَةٌ (ایک بات) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ)

قَآئِلُهَا(قَآئِلُ، هَا)قَآئِلُ، مضاف، قَوْلًا، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، کہنے والا،

هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کا (اس کا کہنے والا)

وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿۱۰۰﴾	اور ان کے آگے ایک پردہ (برزخ) ہے اس دن تک کہ وہ دوبارہ اٹھائے جائیں گے

وَ، حرف عطف (اور) مِنْ وَّرَآئِهِمْ (مِنْ، وَرَآءِ، هِمْ) مِنْ، حرف جار، سے، وَرَآءِ، مجرور، مضاف، مصدر ہے، آگے ہونا، پیچھے ہونا یہ فصل اور حد بندی پر دلالت کرتا ہے، هِمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے آگے سے) بَرْزَخٌ، دو چیزوں کے درمیان آڑ اور رکاوٹ کو برزخ کہتے ہیں (ایک پردہ) (موت اور قیامت کا درمیانہ وقفہ)

اِلٰى يَوْمِ (اِلٰى، يَوْمِ) اِلٰى، حرف جار، تک، يَوْمِ، مجرور، اس دن (اس دن تک) يُبْعَثُوْنَ، فعل مضارع مجہول جمع مذکر غائب بَعَثَ يَبْعَثُ، مصدر بَعْثًا، دوبارہ اٹھانا (وہ دوبارہ اٹھائے جائیں گے)

فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَلَآ اَنْسَابَ بَيْنَهُمْ يَوْمَئِذٍ وَّلَا يَتَسَآءَلُوْنَ ﴿۱۰۱﴾	پھر جب صور میں پھونکا جائے گا تو اس دن ان کے درمیان نہ کوئی رشتے ہوں گے اور نہ وہ ایک دوسرے کو پوچھیں گے

فَاِذَا(فَ، اِذَا) فَ، حرف عطف، پھر، اِذَا، اسم ظرف زمان مستقبل پر دلالت کرتا ہے بمعنی شرط، جب (پھر جب) نُفِخَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب نَفَخَ يَنْفُخُ، مصدر نَفْخٌ، منہ سے پھونک مارنا، پھونکنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ پھونکا جائے گا)

فِي الصُّوْرِ (فِيْ، اَلصُّوْرِ) فِيْ، حرف جار، میں، اَلصُّوْرِ، مجرور، صور (صور میں)

فَلَآ اَنْسَابَ(فَ، لَا، اَنْسَابَ) فَ، حرف عطف، تو، لَا، نافیہ، نہ، اَنْسَابَ، ماں باپ یا دونوں میں سے

کسی ایک کی طرف سے قرابت میں اشتراک، قرابتیں، کوئی رشتے (تو نہ کوئی رشتے) واحد، نَسَبٌ،
بَيۡنَهُمۡ (بَيۡنَ، هُمۡ) بَيۡنَ، مضاف، درمیان، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے درمیان) يَوۡمَئِذٍ (يَوۡمَ۔اِذٍ) يَوۡمَ، مضاف اسم ظرف، دن، اِذٍ، مضاف الیہ، اس، ایسے واقعات (اس دن)
وَ، حرف عطف (اور) لَا يَتَسَآءَلُوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب تَسَآءَلَ يَتَسَآءَلُ، مصدر تَسَآءُلٌ، ایک دوسرے سے پوچھنا (وہ نہ ایک دوسرے کو پوچھیں گے)

فَمَنۡ ثَقُلَتۡ مَوَازِيۡنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الۡمُفۡلِحُوۡنَ ﴿۱۰۲﴾	پھر جس کے پلڑے بھاری ہو گئے تو وہی لوگ ہی فلاح پانے والے ہیں

فَمَنۡ (فَ۔مَنۡ) فَ، حرف عطف، پھر، مَنۡ، شرطیہ، اسم موصول، جس (پھر جس)
ثَقُلَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب ثَقَلَ يَثۡقُلُ، مصدر ثَقۡلًا، بھاری ہونا (وہ بھاری ہو گئے)
مَوَازِيۡنُهٗ (مَوَازِيۡنُ۔هٗ) مَوَازِيۡنُ، مضاف اسم آلہ، وزن کے آلات، ترازوئیں، پلڑے، واحد، مَوۡزُوۡنٌ، مِيۡزَانٌ، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کے (اس کے پلڑے)
فَاُولٰٓئِكَ (فَ۔اُولٰٓئِكَ) فَ، حرف عطف، تو، اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید، وہی لوگ (تو وہی لوگ)
هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)
اَلۡمُفۡلِحُوۡنَ، فَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (فلاح پانے والے) واحد، اَلۡمُفۡلِحُ،

وَمَنۡ خَفَّتۡ مَوَازِيۡنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيۡنَ خَسِرُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ فِيۡ جَهَنَّمَ خٰلِدُوۡنَ ﴿۱۰۳﴾	اور جس کے پلڑے ہلکے ہو گئے تو وہی لوگ ہیں جنہوں نے اپنی جانوں کا نقصان کیا جہنم میں ہمیشہ رہنے والے ہیں

وَمَنۡ (وَ، مَنۡ) وَ، حرف عطف، اور، مَنۡ، شرطیہ، اسم موصول، جس (اور جس)
خَفَّتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب خَفَّ يَخِفُّ، مصدر خَفًّا وَخِفَّةٌ، ہلکا ہونا (ہلکا ہو گئے)

مَوَازِيْنُهٗ(مَوَازِيْنُ۔ هٗ)مَوَازِيْنُ، مضاف، ترازوئیں، پلڑے، واحد، مَوْزُوْنٌ، مِيْزَانٌ، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے پلڑے)

فَاُولٰٓئِكَ(فَ۔ اُولٰٓئِكَ) فَ، حرف عطف، تو، اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید، وہی لوگ (تو وہی لوگ)

اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (جنہوں نے) خَسِرُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب خَسِرَ يَخْسَرُ، مصدر خُسْرًا وَخُسْرَانًا، خسارے میں ڈالنا، نقصان کرنا (انہوں نے نقصان کیا)

اَنْفُسَهُمْ (اَنْفُسَ۔ هُمْ) اَنْفُسَ، مضاف، جانوں، واحد، نَفْسٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی جانوں کا) فِيْ جَهَنَّمَ (فِيْ، جَهَنَّمَ) فِيْ، حرف جار، میں، جَهَنَّمَ، مجرور، جہنم (جہنم میں)

خٰلِدُوْنَ، خُلُوْدٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ہمیشہ رہنے والے) واحد، خَالِدٌ،

تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ﴿۱۰۴﴾	آگ ان کے چہروں کو جھلسائے گی اور وہ اس میں تیوری چڑھانے والے ہوں گے

تَلْفَحُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب لَفَحَ يَلْفَحُ، مصدر لَفْحٌ، جلنا، جھلسنا (وہ جھلسائے گی)

وُجُوْهَهُمْ (وُجُوْهَ، هُمْ) وُجُوْهَ، مضاف، چہرے، واحد، وَجْهٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے چہرے) اَلنَّارُ (آگ) وَ، حرف عطف (اور) هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ)

فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور ضمیر واحد مؤنث غائب، اس ضمیر کا مرجع اَلنَّارُ ہے (اس میں) كٰلِحُوْنَ، كُلُوْحٌ وَكَلَاحٌ، سے اسم فاعل جمع مذکر (منہ بگاڑنے والے، تیوری چڑھانے والے، ہونٹ سکیڑ کر دانت باہر نکالنے والے)

اَلَمْ تَكُنْ اٰيٰتِيْ تُتْلٰى عَلَيْكُمْ فَكُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۰۵﴾	کیا میری آیات تم پر پڑھی نہیں جاتی تھیں تو تم ان کو جھٹلایا کرتے تھے

اَلَمْ تَكُنْ (اَ۔ لَمْ تَكُنْ) اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، لَمْ تَكُنْ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مؤنث غائب

كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا، لَمۡ، کی وجہ سے ترجمہ، نہیں تھی (کیا نہیں تھی)

اٰيٰتِىۡ (اٰيٰتِ۔ ىۡ) اٰيٰتِ، مضاف، آیات، واحد، اٰيَةٌ، ىۡ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میری (میری آیات)

تُتۡلٰى، فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب تَلَا، يَتۡلُوۡ، مصدر تِلَاوَةٌ، تلاوت کرنا، پڑھنا (پڑھی جاتی)

عَلَيۡكُمۡ (عَلٰى، كُمۡ) عَلٰى، حرف جار، پر، كُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر)

فَكُنۡتُمۡ (فَ، كُنۡتُمۡ) فَ، حرف عطف، تو، كُنۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا، تم تھے (تو تم تھے) بِهَا (بِ۔ هَا) بِ، حرف جار، کو، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع اٰيٰتِ ہے (ان کو) تُكَذِّبُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر كَذَّبَ يُكَذِّبُ، مصدر تَكۡذِيۡبٌ، جھٹلانا (تم جھٹلایا کرتے)

قَالُوۡا رَبَّنَا غَلَبَتۡ عَلَيۡنَا شِقۡوَتُنَا وَكُنَّا قَوۡمًا ضَآلِّيۡنَ ﴿۱۰۶﴾	وہ کہیں گے اے ہمارے رب! ہم پر ہماری بدبختی غالب آگئی اور ہم گمراہ لوگ تھے

قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ، يَقُوۡلُ مصدر قَوۡلًا کہنا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ کہیں گے)

رَبَّنَا، یہ اصل میں يَا رَبَّنَا تھا (يَا۔ رَبَّ۔ نَا) يَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبَّنَا، منادیٰ، رَبِّ، مضاف، رب، پروردگار، نَا، مضاف الیہ ضمیر جمع متکلم، ہمارے (اے ہمارے رب)

غَلَبَتۡ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب غَلَبَ يَغۡلِبُ، مصدر غَلۡبًا وَغَلۡبَةٌ، غلبہ پانا، غالب آنا (غالب آگئی)

عَلَيۡنَا (عَلٰى، نَا) عَلٰى، حرف جار، پر، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہم (ہم پر)

شِقۡوَتُنَا (شِقۡوَةُ۔ نَا) شِقۡوَةُ، مضاف شَقِيَ يَشۡقٰى، کا مصدر شِقۡوَةٌ، بدبخت ہونا، بدبختی، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری بدبختی) وَ، حرف عطف (اور)

كُنَّا، فعل ماضی جمع متکلم كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا (ہم تھے) قَوۡمًا (قوم، لوگ)

ضَآلِّيۡنَ، ضَلٰلٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (گمراہ ہونے والے، گمراہ)

رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْهَا فَاِنْ عُدْنَا فَاِنَّا ظٰلِمُوْنَ ﴿۱۰۷﴾	اے ہمارے رب! تو ہمیں اس (آگ) سے نکال، پھر اگر ہم دوبارہ (ایسی گمراہی) کریں تو یقیناً ہم ظالم ہوں گے

رَبَّنَا، یہ اصل میں، یَا رَبَّنَا، تھا (یَا۔ رَبَّ۔ نَا) یَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبَّنَا، منادٰی، رَبَّ، مضاف، رب، پروردگار، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (اے ہمارے رب)

اَخْرِجْنَا (اَخْرِجْ۔ نَا) اَخْرِجْ، فعل امر واحد مذکر حاضر اَخْرَجَ يُخْرِجُ، مصدر اِخْرَاجًا، نکالنا، تو نکال، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہمیں (تو ہمیں نکال)

مِنْهَا (مِنْ۔ هَا) مِنْ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع اَلنَّارُ ہے، (اس سے) فَاِنْ (فَ۔ اِنْ) فَ، حرف عطف، پھر، اِنْ، شرطیہ، اگر (پھر اگر)

عُدْنَا، فعل ماضی جمع متکلم عَادَ يَعُوْدُ، مصدر عَوْدًا، واپس لوٹنا، دوبارہ کرنا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ (ہم دوبارہ کریں) فَاِنَّا (فَ۔ اِنَّ۔ نَا) فَ، حرف عطف، تو، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (تو یقیناً ہم)

ظٰلِمُوْنَ، ظُلْمًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ظلم کرنے والے، ظالموں) واحد، اَلظَّالِمُ (ظالم)

قَالَ اخْسَـُٔوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ ﴿۱۰۸﴾	وہ فرمائے گا تم اس میں ذلیل و خوار پڑے رہو اور تم مجھ سے کلام نہ کرو

قَالَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا، فرمانا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ فرمائے گا)

اِخْسَـُٔوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر خَسَأَ يَخْسَأُ، مصدر خَسْـًٔا، دھتکارے، ذلت کے ساتھ پڑے رہنا، ذلیل و خوار پڑے رہنا (تم ذلیل و خوار پڑے رہو)

فِيْهَا (فِيْ۔ هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع اَلنَّارُ ہے (اس میں) وَ، حرف عطف (اور) لَا تُكَلِّمُوْنِ اصل میں لَا تُكَلِّمُوْنِيْ تھا (لَا تُكَلِّمُوْا، نِ، یْ) لَا تُكَلِّمُوْا، فعل نہی

جمع مذکر حاضر کَلَّمَ یُکَلِّمُ، مصدر تَکْلِیْمًا، کلام کرنا، بات کرنا، تم کلام نہ کرو، نِ، نون وقایہ، یْ، ضمیر واحد متکلم، محذوف ہے، مجھ سے (تم مجھ سے کلام نہ کرو)

اِنَّهٗ كَانَ فَرِيْقٌ مِّنْ عِبَادِيْ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا وَ ارْحَمْنَا وَ اَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۰۹﴾	بے شک حقیقت یہ ہے میرے بندوں میں سے ایک گروہ تھا وہ کہتے تھے اے ہمارے رب ہم ایمان لائے پس تو ہم کو بخش دے اور تو ہم پر رحم کر اور تو سب رحم کرنے والوں سے بہتر ہے

اِنَّهٗ (اِنَّ۔ هٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، هٗ، ضمیر کے بعد جملہ مفسرہ ہے اس لئے یہ ضمیر شان ہے واحد مذکر غائب، بات یہ ہے، حقیقت یہ ہے (بے شک حقیقت یہ ہے)

كَانَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا ہونا (وہ تھا) فَرِيْقٌ (ایک گروہ)

مِّنْ عِبَادِيْ (مِنْ، عِبَادِ، يْ) مِنْ، حرف جار، سے، عِبَادِ، مجرور، مضاف، بندوں، واحد، عَبْدٌ، يْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میرے (میرے بندوں میں سے)

يَقُوْلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (وہ کہتے)

رَبَّنَا، اصل میں، يَارَبَّنَا، تھا، يَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبَّنَا، منادیٰ، رَبَّ، مضاف، رب، پروردگار، نَا، مضاف الیہ، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (اے ہمارے رب)

اٰمَنَّا، فعل ماضی جمع متکلم اٰمَنَ يُؤْمِنُ، مصدر اِيْمَانًا، ایمان لانا (ہم ایمان لائے)

فَاغْفِرْ (فَ۔ اِغْفِرْ) فَ، حرف عطف، پس، اِغْفِرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر غَفَرَ يَغْفِرُ، مصدر غَفْرًا، وَغُفْرَانًا، بخشنا، تو بخش دے (پس تو بخش دے)

لَنَا (لَ۔ نَا) لَ، حرف جار، کو، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہم (ہم کو) وَ، حرف عطف (اور)

اِرْحَمْنَا (اِرْحَمْ۔ نَا) اِرْحَمْ، فعل امر واحد مذکر حاضر رَحِمَ يَرْحَمُ، مصدر رَحْمًا وَرَحْمَةً، رحم کرنا،

تو رحم کر، نَا، ضمیر جمع متکلم، ہم (تو ہم پر رحم کر) وَ، حرف عطف (اور) اَنْتَ، ضمیر واحد مذکر حاضر (تو) خَيْرُ (بہتر) اَلرّٰحِمِيْنَ، رَحْمَةٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (رحم کرنے والے) واحد، اَلرّٰحِمُ،

فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ سِخْرِيًّا حَتّٰٓى اَنْسَوْكُمْ ذِكْرِيْ وَ كُنْتُمْ مِّنْهُمْ تَضْحَكُوْنَ ﴿۱۱۰﴾	تو تم نے ان کو مذاق بنایا یہاں تک کہ اُنہوں نے تمہیں میری یاد بھلا دی اور تم ان سے مذاق کرتے رہتے تھے

فَاتَّخَذْتُمُوْهُمْ (فَ، اِتَّخَذْتُمْ، وْ، هُمْ) فَ، حرف عطف، تو، اِتَّخَذْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اِتَّخَذَ يَتَّخِذُ، مصدر اِتِّخَاذٌ، بنانا، ٹھہرانا، تم نے بنایا، وْ، اشباع کا، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کو (تو تم نے ان کو بنایا) سِخْرِيًّا، سُخْرٌ، سے اسم ہے اور مصدر بھی (ہنسی، مذاق، ٹھٹھا، دل لگی)

حَتّٰى، حرف جار وغایت (یہاں تک کہ)

اَنْسَوْكُمْ (اَنْسَوْا۔ كُمْ) اَنْسَوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَنْسٰى يُنْسِيْ، مصدر اِنْسَآءٌ، بھلا دینا، اُنہوں نے بھلا دی، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (اُنہوں نے تمہیں بھلا دی)

ذِكْرِيْ (ذِكْرِ۔ يْ) ذِكْرِ، مضاف، ذکر، یاد، يْ، مضاف الیہ، ضمیر واحد متکلم، میری (میری یاد)

وَ، حرف عطف (اور) كُنْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (تم تھے)

مِنْهُمْ (مِنْ۔ هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان سے)

تَضْحَكُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر ضَحِكَ يَضْحَكُ، مصدر ضَحْكًا، مذاق کرنا، ہنسی کرنا (تم مذاق کرتے رہتے)

اِنِّيْ جَزَيْتُهُمُ الْيَوْمَ بِمَا صَبَرُوْٓا ۙ اَنَّهُمْ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ﴿۱۱۱﴾	یقیناً میں نے آج انہیں اس کا بدلہ دیا جو اُنہوں نے صبر کیا کہ بے شک وہی کامیاب ہونے والے ہیں

اِنِّيْ (اِنِّ۔ يْ) اِنِّ، اصل میں، اِنَّ، ہے، يْ، کی وجہ سے زیر دی گئی ہے، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً،

یۡ، ضمیر واحد متکلم، میں (یقیناً میں) جَزَیۡتُهُمُ (جَزَیۡتُ، هُمۡ) جَزَیۡتُ، فعل ماضی واحد متکلم جَزٰی یَجۡزِیۡ، مصدر جَزَآءٌ، بدلہ دینا، میں نے بدلہ دیا، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (میں نے انہیں بدلہ دیا) اَلۡيَوۡمَ (آج) بِمَا (بِ۔مَا) بِ، حرف جار، کا، مَا، مجرور، موصولہ، جو (اس کا جو)

صَبَرُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب صَبَرَ يَصۡبِرُ، مصدر صَبۡرًا، صبر کرنا (اُنہوں نے صبر کیا)

اَنَّهُمۡ (اَنَّ۔هُمۡ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک، هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب، وہ (کہ بے شک وہ) هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ) اَلۡفَآئِزُوۡنَ، فَوۡزٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (کامیاب ہونے والے)

قٰلَ كَمۡ لَبِثۡتُمۡ فِى الۡاَرۡضِ عَدَدَ سِنِيۡنَ ﴿۱۱۲﴾	وہ فرمائے گا تم زمین میں سالوں کی گنتی میں کتنی مدت ٹھہرے رہے؟

قٰلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، فرمانا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ فرمائے گا) كَمۡ، استفہامیہ (کتنی مقدار، کتنی تعداد، کتنی مدت) لَبِثۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر لَبِثَ يَلۡبَثُ، مصدر لَبۡثٌ، ٹھہرے رہنا، قیام کرنا (تم ٹھہرے رہے) فِى الۡاَرۡضِ (فِىۡ، اَلۡاَرۡضِ) فِىۡ، حرف جار، میں، اَلۡاَرۡضِ، مجرور، زمین (زمین میں) عَدَدَ سِنِيۡنَ (عَدَدَ، سِنِيۡنَ) عَدَدَ، مضاف اسم ہے، شمار، تعداد، گنتی، گنا ہوا، سِنِيۡنَ، مضاف الیہ، سالوں، برسوں، واحد، سَنَةٌ، سال (سالوں کی گنتی)

قَالُوۡا لَبِثۡنَا يَوۡمًا اَوۡ بَعۡضَ يَوۡمٍ فَسۡئَلِ الۡعَآدِّيۡنَ ﴿۱۱۳﴾	وہ کہیں گے ہم ایک دن یا دن کا کچھ حصہ ٹھہرے رہے پس تو شمار کرنے والوں سے پوچھ لے

قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ کہیں گے) لَبِثۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم لَبِثَ يَلۡبَثُ، مصدر لَبۡثٌ، ٹھہرے رہنا (ہم ٹھہرے رہے) يَوۡمًا (ایک دن) اَوۡ، حرف عطف (یا) بَعۡضَ يَوۡمٍ، بَعۡضَ، مضاف، کل کا کچھ حصہ، بعض، يَوۡمٍ، مضاف الیہ، دن کا (دن کا کچھ حصہ) فَسۡئَلِ (فَ۔اِسۡئَلِ) فَ، حرف عطف، پس، اِسۡئَلِ، فعل امر واحد مذکر حاضر سَاَلَ يَسۡئَلُ،

مصدر سُؤَالًا، سوال کرنا، پوچھنا (پس تو پوچھ لے) اَلۡعَآدِّيۡنَ، عَدًّا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (شمار کرنے والے)

قٰلَ اِنۡ لَّبِثۡتُمۡ اِلَّا قَلِيۡلًا لَّوۡ اَنَّكُمۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ۝	وہ فرمائے گا تم نہیں ٹھہرے مگر بہت تھوڑا۔ کاش تم واقعی جانتے ہوتے

قٰلَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا، فرمانا، ترجمہ بحوالہ قیامت (وہ فرمائے گا)
اِنۡ، نافیہ (نہیں) لَبِثۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر لَبِثَ، يَلۡبَثُ، مصدر لَبۡثٌ، ٹھہرنا (تم ٹھہرے)
اِلَّا، حرف استثنا (مگر) قَلِيۡلًا، قِلَّةٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت کم، بہت تھوڑا) لَوۡ، تمنائی (کاش)
اَنَّكُمۡ (اَنَّ۔ كُمۡ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، واقعی، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (واقعی تم)
كُنۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا، لَوۡ، کی وجہ سے ترجمہ (تم ہوتے)
تَعۡلَمُوۡنَ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر عَلِمَ يَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا (تم جانتے)

اَفَحَسِبۡتُمۡ اَنَّمَا خَلَقۡنٰكُمۡ عَبَثًا وَّ اَنَّكُمۡ اِلَيۡنَا لَا تُرۡجَعُوۡنَ ۝	تو کیا تم نے گمان کر لیا کہ ہم نے تمہیں محض بے مقصد پیدا کیا ہے اور یہ کہ بے شک تم ہماری طرف نہیں لوٹائے جاؤ گے

اَفَحَسِبۡتُمۡ (اَ۔ فَ۔ حَسِبۡتُمۡ) اَ، ہمزہ استفہام انکاری، کیا، فَ، حرف عطف، تو، حَسِبۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر حَسِبَ يَحۡسَبُ، مصدر حِسۡبَانًا، خیال کرنا، گمان کرنا، سمجھنا، تم نے گمان کر لیا (تو کیا تم نے گمان کر لیا) اَنَّمَا، اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل ماکافہ ہے حصر کے معنی دیتی ہے بے شک تحقیق۔ محض۔
خَلَقۡنٰكُمۡ (خَلَقۡنَا۔ كُمۡ) خَلَقۡنَا، فعل ماضی جمع متکلم خَلَقَ يَخۡلُقُ، مصدر خَلۡقًا، پیدا کرنا، ہم نے پیدا کیا ہے، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (ہم نے تمہیں پیدا کیا ہے)
عَبَثًا، مصدر ہے (بیکار کھیلنا، بے مقصد) وَ، حرف عطف (اور)
اَنَّكُمۡ (اَنَّ۔ كُمۡ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (یہ کہ بے شک تم)

اِلَيۡنَا(اِلٰى۔نَا)اِلٰى، حرف جار، طرف،نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہماری (ہماری طرف)

لَا تُرۡجَعُوۡنَ، فعل مضارع مجہول منفی جمع مذکر حاضر رَجَعَ يَرۡجِعُ، مصدر رُجُوۡعٌ، لوٹانا (تم لوٹائے نہیں جاؤ گے)

فَتَعٰلَى اللّٰهُ الۡمَلِكُ الۡحَقُّ ۚ	پس اللہ بہت بلند ہے بادشاہ حقیقی ہے

فَتَعٰلَى(فَ،تَعٰلَى)فَ، حرف عطف، پس،تَعَالَى، فعل ماضی واحد مذکر غائب تَعَالٰى يَتَعَالٰى، مصدر تَعَالِيٌّ ، بہت بلند ہونا، وہ بہت بلند ہے (پس وہ بہت بلند ہے) اَللّٰهُ (اللہ)

اَلۡمَلِكُ، صیغہ صفت معرفہ ،اللہ کا صفاتی نام (بادشاہ، بااقتدار) اَلۡحَقُّ،اللہ کا صفاتی نام (سچا، حقیقی)

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ	اس کے سوا کوئی معبود نہیں

لَا، نفی جنس (نہیں) اِلٰهَ (کوئی معبود) اِلَّا، حرف استثنا بمعنی غَيۡرَ (سوا)

هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (اس کے)

رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡكَرِيۡمِ ۝	عزت والے عرش کا رب ہے

رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡكَرِيۡمِ ،رَبُّ، مضاف، رب،اَلۡعَرۡشِ، مضاف الیہ، موصوف، عرش کا،

اَلۡكَرِيۡمِ ،صفت، كَرَمٌ ، سے صفت مشبہ، عزت والا (عزت والے عرش کا رب ہے)

وَمَنۡ يَّدۡعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرۡهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنۡدَ رَبِّهٖ ؕ	اور جو اللہ کے ساتھ کوئی دوسرا معبود پکارتا ہے اس کے پاس اس بات کی کوئی دلیل نہیں ہے تو بے شک بس اس کا حساب اس کے رب کے پاس ہے

وَمَنۡ(وَ،مَنۡ) وَ، حرف عطف، اور، مَنۡ، شرطیہ، اسم موصول جو (اور جو)

يَدۡعُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب دَعَا يَدۡعُوۡ، مصدر دَعۡوَةٌ، پکارنا، بلانا (وہ پکارتا ہے)

مَعَ اللّٰهِ(مَعَ، اَللّٰهِ) مَعَ، مضاف، ساتھ ،اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے ساتھ)

اِلٰهًا (کوئی معبود) اٰخَرَ (دوسرا) جمع، اٰخَرُوْنَ،

لَا بُرْهَانَ، لَا، نہیں، بُرْهَانَ، مصدر، کوئی دلیل، وہ دلیل جو تمام دلائل میں زور آور ہو (کوئی دلیل نہیں)

لَهٗ (لَ۔ هٗ) لَ، حرف جار، کے، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کے پاس)

بِهٖ (بِ۔ هٖ) بِ، حرف جار، کی، هٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس (بات) کی)

فَاِنَّمَا (فَ۔ اِنَّمَا) فَ، حرف عطف، تو، اِنَّمَا، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک اور، مَا، کافہ کا مرکب (تو بے شک بس) حِسَابُهٗ (حِسَابُ۔ هٗ) حِسَابُ، مضاف، حساب، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کا (اس کا حساب) عِنْدَ (پاس، ہاں)

رَبِّهٖ (رَبِّ۔ هٖ) رَبِّ، مضاف، رب، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے رب)

اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾	بلا شبہ حقیقت یہ ہے کہ کافر فلاح نہیں پائیں گے

اِنَّهٗ (اِنَّ، هٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلا شبہ، هٗ، ضمیر شان واحد مذکر غائب، بات یہ ہے، حقیقت یہ ہے (بلا شبہ حقیقت یہ ہے)

لَا يُفْلِحُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب اَفْلَحَ يُفْلِحُ، مصدر اِفْلَاحٌ، فلاح پانا (وہ فلاح نہیں پائے گا)

اَلْكٰفِرُوْنَ، كُفْرًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، کفر کرنے والے، کافروں، واحد، اَلْكَافِرُ (کافر)

وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾	اور آپ کہیے اے میرے رب! تو بخش دے اور تو رحم کر اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے بہتر ہے

ع ۲

وَ، حرف عطف (اور) قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہیے)

رَبِّ، اصل میں، يَارَبِّیْ، تھا (يَا، رَبِّ، یْ) يَا، حرف ندا، اے، محذوف ہے، رَبِّیْ، منادیٰ، رَبِّ، مضاف، رب، پروردگار، یْ، مضاف الیہ، محذوف ہے، ضمیر واحد متکلم، میرے (اے میرے رب)

اِغْفِرْ، فعل امر واحد مذکر حاضر غَفَرَ يَغْفِرُ، مصدر غَفْرًا وَ غُفْرَانًا، بخشنا (تو بخش دے)

وَ، حرف عطف (اور) اِرۡحَمۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر رَحِمَ یَرۡحَمُ، مصدر رَحۡمَةٌ، رحم کرنا (تو رحم کر)

وَ، حرف عطف (اور) اَنۡتَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر حاضر (تو)

خَیۡرُ، وصف ہے افعل التفضیل کے معنی ہوں گے (سب سے بہتر)

اَلرّٰحِمِیۡنَ، رَحۡمَةٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (سب رحم کرنے والے) واحد، اَلرّٰحِمُ،

رُكُوْعَاتُهَا: ۹	سُوْرَةُ النُّوْرِ مَدَنِيَّةٌ	اٰيَاتُهَا: ۶۴

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اللہ کے نام سے جو نہایت مہربان بہت رحم کرنے والا ہے۔

سُوْرَةٌ اَنْزَلْنٰهَا وَ فَرَضْنٰهَا وَ اَنْزَلْنَا فِيْهَآ اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ لَّعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ①	(یہ) ایک سورت ہے ہم نے اسے نازل کیا اور ہم نے اسے فرض کیا اور ہم نے اس میں واضح آیات نازل کی ہیں تاکہ تم نصیحت حاصل کرو

سُوْرَةٌ (ایک سورت) اَنْزَلْنٰهَا (اَنْزَلْنَا، هَا) اَنْزَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، اُتارنا، نازل کرنا، ہم نے نازل کیا، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اسے، ضمیر کا مرجع سُوْرَةٌ ہے (ہم نے اسے نازل کیا) وَ، حرف عطف (اور) فَرَضْنٰهَا (فَرَضْنَا، هَا) فَرَضْنَا، فعل ماضی جمع متکلم فَرَضَ يَفْرِضُ، مصدر فَرْضًا، فرض کرنا، نافذ کرنا لاگو کرنا، ہم نے فرض کیا، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اسے، ضمیر کا مرجع سُوْرَةٌ ہے (ہم نے اسے فرض کیا) وَ، حرف عطف (اور)

اَنْزَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا نازل کرنا (ہم نے نازل کی ہیں)

فِيْهَا (فِيْ۔ هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس ضمیر کا مرجع سُوْرَةٌ ہے (اس میں) اٰيٰتٍۭ بَيِّنٰتٍ، اٰيٰتٍ، موصوف، آیات، واحد، اٰيَةٌ، بَيِّنٰتٍ، صفت، واضح، روشن، کھلی، واحد، بَيِّنَةٌ، ہے (واضح آیات) لَعَلَّكُمْ (لَعَلَّ۔ كُمْ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم، (تاکہ تم) تَذَكَّرُوْنَ، اصل میں، تَتَذَكَّرُوْنَ، تھا، ایک تا اختصار کیلئے حذف ہے۔ فعل مضارع جمع مذکر حاضر تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ، مصدر تَذَكُّرٌ، نصیحت حاصل کرنا (تم نصیحت حاصل کرو)

اَلزَّانِيَةُ وَالزَّانِيْ فَاجْلِدُوْا كُلَّ	(جو) زنا کرنے والی عورت اور زنا کرنے والا مرد ہے پس

وَاحِدٍ مِّنۡهُمَا مِائَةَ جَلۡدَةٍ ۖ	تم ان دونوں میں سے ہر ایک کو سو (سو) کوڑے مارو

اَلزَّانِيَةُ، زِنًا وَ زِنَآءٌ، سے اسم فاعل واحد مؤنث (زنا کرنے والی عورت) وَ، حرف عطف (اور)

الزَّانِيۡ، زِنَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (زنا کرنے والا مرد)

فَاجۡلِدُوۡا (فَ۔اِجۡلِدُوۡا) فَ، حرف عطف، پس، اِجۡلِدُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر جَلَدَ يَجۡلِدُ، مصدر جَلۡدًا، کوڑے مارنا، تم کوڑے مارو (پس تم کوڑے مارو)

كُلَّ وَاحِدٍ، كُلَّ، مضاف، ہر، وَاحِدٍ، مضاف الیہ، اسم گنتی کا سب سے پہلا عدد، ایک (ہر ایک)

مِّنۡهُمَا (مِنۡ۔هُمَا) مِنۡ، حرف جار، سے، هُمَا، مجرور، ضمیر تثنیہ مذکر/مؤنث غائب، ان دونوں (ان دونوں میں سے) مِائَةَ (سو) جَلۡدَةٍ، مصدر (کوڑے مارنا، کوڑے)

وَّلَا تَاۡخُذۡكُمۡ بِهِمَا رَاۡفَةٌ فِيۡ دِيۡنِ اللّٰهِ اِنۡ كُنۡتُمۡ تُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ ۚ	اور تمہیں ان دونوں کے متعلق اللہ کے دین میں کوئی نرمی نہ پکڑے اگر تم اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتے ہو

وَ، حرف عطف (اور) لَا تَاۡخُذۡكُمۡ (لَا تَاۡخُذۡ، كُمۡ) لَا تَاۡخُذۡ، فعل مضارع منفی واحد مؤنث غائب اَخَذَ يَاۡخُذُ، مصدر اَخۡذًا، پکڑنا، وہ نہ پکڑے، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ تمہیں نہ پکڑے)

بِهِمَا (بِ، هِمَا) بِ، حرف جار، کے متعلق، هِمَا، مجرور، ضمیر تثنیہ مذکر/مؤنث غائب، ان دونوں (ان دونوں کے متعلق) رَاۡفَةٌ، مصدر ہے (ترس، مہربانی، نرمی، شفقت)

فِيۡ دِيۡنِ اللّٰهِ (فِيۡ، دِيۡنِ، اَللّٰهِ) فِيۡ، حرف جار، میں، دِيۡنِ، مجرور، مضاف، دین، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے، (اللہ کے دین میں) اِنۡ، شرطیہ (اگر)

كُنۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا، اِنۡ، کی وجہ سے ترجمہ (تم ہو)

تُؤۡمِنُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اٰمَنَ يُؤۡمِنُ، مصدر اِيۡمَانًا، ایمان لانا، ایمان رکھنا (تم ایمان رکھتے)

بِاللّٰهِ(بِ۔اَللّٰهِ)بِ، حرف جار، پر، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ پر) وَ، حرف عطف (اور)

اَلْيَوْمِ الْاٰخِرِ، اَلْيَوْمِ، موصوف، دن، یوم، اَلْاٰخِرِ، صفت، آخرت، قیامت (یوم آخرت)

وَ لْيَشْهَدْ عَذَابَهُمَا طَآئِفَةٌ مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۝	اور چاہیے کہ ان دونوں کی سزا کے وقت مومنوں میں سے ایک جماعت موجود ہو

وَ لْيَشْهَدْ(وَ، لْ، يَشْهَدْ) وَ، حرف عطف، اور، لْ، لام امر جازم، چاہیے کہ، يَشْهَدْ، فعل مضارع مجزوم واحد مذکر غائب شَهِدَ يَشْهَدُ، مصدر شَهَادَةٌ، موجود ہونا، حاضر ہونا، موجود ہو (اور چاہیے کہ وہ موجود ہو) عَذَابَهُمَا(عَذَابَ۔هُمَا) عَذَابَ، مضاف، عذاب، سزا، هُمَا، مضاف الیہ، ضمیر تثنیہ مذکر/مؤنث غائب، ان دونوں (ان دونوں کی سزا) طَآئِفَةٌ (ایک جماعت، ایک گروہ)

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ (مِنْ، اَلْمُؤْمِنِيْنَ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْمُؤْمِنِيْنَ، مجرور، مومنوں، واحد، اَلْمُؤْمِنُ، (مومنوں میں سے)

اَلزَّانِيْ لَا يَنْكِحُ اِلَّا زَانِيَةً اَوْ مُشْرِكَةً ۫	زانی مرد نکاح نہیں کرتا مگر زانیہ عورت کے ساتھ یا مشرکہ عورت کے ساتھ

اَلزَّانِيْ، زِنًا وَ زِنَآءٌ، سے اسم فاعل واحد مذکر (زنا کرنے والا مرد، زانی)

لَا يَنْكِحُ، فعل مضارع، منفی واحد مذکر غائب نَكَحَ يَنْكِحُ، مصدر نِكَاحٌ، نکاح کرنا، شادی کرنا (وہ نکاح نہیں کرتا) اِلَّا، حرف استثنا (مگر)

زَانِيَةً، زِنَآءٌ مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث (زنا کرنے والی عورت، زانیہ) اَوْ، حرف عطف (یا)

مُشْرِكَةً، اِشْرَاكٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث (شرک کرنے والی عورت، مشرکہ)

وَّ الزَّانِيَةُ لَا يَنْكِحُهَآ اِلَّا زَانٍ اَوْ مُشْرِكٌ ۚ	اور زانیہ (عورت) اس سے نکاح نہیں کرتا مگر کوئی زانی یا کوئی مشرک (مرد)

وَ، حرف عطف (اور) اَلزَّانِيَةُ، زِنَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مؤنث (زنا کرنے والی عورت، زانیہ)

لَايَنْكِحُهَآ (لَايَنْكِحُ، هَا) لَا يَنْكِحُ، فعل مضارع منفی واحد مذکر غائب نَكَحَ يَنْكِحُ، مصدر نِكَاحٌ، نکاح کرنا، شادی کرنا، وہ نکاح نہیں کرتا، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس سے، ضمیر کا مرجع اَلزَّانِيَةُ ہے،

(وہ نکاح نہیں کرتا اس سے) اِلَّا، حررف استثنا (مگر) زَانٍ، زِنَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل (زنا کرنے والا مرد، کوئی زانی) اَوْ، حرف عطف (یا)

مُشْرِكٌ، اِشْرَاكٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (شرک کرنے والا، کوئی مشرک)

وَحُرِّمَ ذٰلِكَ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ ۝	اور یہ (کام) ایمان والوں پر حرام کر دیا گیا ہے

وَ، حرف عطف (اور) حُرِّمَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب حَرَّمَ يُحَرِّمُ، مصدر تَحْرِيْمٌ، حرام کرنا (حرام کر دیا گیا ہے) ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ)

عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ (عَلٰى، اَلْمُؤْمِنِيْنَ) عَلٰى، حرف جار، پر، اَلْمُؤْمِنِيْنَ، مجرور، اِيْمَانٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ایمان والے، مومنوں، واحد، اَلْمُؤْمِنُ (ایمان والوں پر)

وَالَّذِيْنَ يَرْمُوْنَ الْمُحْصَنٰتِ ثُمَّ لَمْ يَاْتُوْا بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ فَاجْلِدُوْهُمْ ثَمٰنِيْنَ جَلْدَةً وَّلَا تَقْبَلُوْا لَهُمْ شَهَادَةً اَبَدًا ۚ	اور وہ لوگ جو پاکدامن عورتوں پر (زنا کی) تہمت لگائیں پھر چار گواہوں کو نہ لائیں تو تم انہیں اسّی کوڑے مارو اور ان کی کبھی بھی گواہی قبول نہ کرو

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

يَرْمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب رَمٰى يَرْمِيْ، مصدر رَمْيًا وَّ رِمَايَةٌ، الزام لگانا، تہمت لگانا (وہ تہمت لگائیں) اَلْمُحْصَنٰتِ، اِحْصَانٌ، سے اسم مفعول جمع مؤنث (پاکدامن عورتیں، شوہر والی عورتیں) واحد، مُحْصَنَةٌ، ثُمَّ، حرف عطف (پھر)

لَمْ يَاْتُوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب اَتٰى يَاْتِيْ، مصدر اِتْيَانٌ، لانا (وہ نہ لائیں)

بِاَرْبَعَةِ شُهَدَآءَ (بِ، اَرْبَعَةِ، شُهَدَآءَ) بِ، حرف جار، کو، اَرْبَعَةِ، مجرور، مضاف، چار، شُهَدَآءَ، مضاف الیہ، شَهَادَةٌ وَّ شُهُوْدًا، سے اسم فاعل جمع مذکر، موجودین، حاضرین، گواہوں، شاہد (چار گواہوں کو) فَاجْلِدُوْهُمْ (فَ، اِجْلِدُوْا۔ هُمْ) فَ، حرف عطف، تو، اِجْلِدُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر جَلَدَ يَجْلِدُ، مصدر جَلْدًا، کوڑے مارنا، تم کوڑے مارو، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (تو تم انہیں کوڑے مارو) ثَمٰنِيْنَ، اسم عدد (اسّی) جَلْدَةً، مصدر (کوڑے مارنا، کوڑے) وَ، حرف عطف (اور)

لَا تَقْبَلُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر قَبِلَ يَقْبِلُ، مصدر قُبُوْلًا، قبول کرنا (تم قبول نہ کرو)

لَهُمْ (لَ، هُمْ) لَ، حرف جار، کی، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کی)

شَهَادَةً، مصدر ہے (گواہی دینا، گواہی) اَبَدًا، زمانہ مستقبل غیر محدود (ہمیشہ، کبھی بھی)

وَ اُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿۴﴾	اور وہ لوگ ہی فاسق ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (وہ لوگ) هُمُ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ، وہی)

اَلْفٰسِقُوْنَ، فِسْقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (نافرمانی کرنے والے، فاسق، نافرمان، بدکردار)

اِلَّا الَّذِيْنَ تَابُوْا مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ وَ اَصْلَحُوْا ۚ	مگر وہ لوگ جنہوں نے اس (تہمت لگانے) کے بعد توبہ کرلی اور انہوں نے (اپنی) اصلاح کرلی

اِلَّا، حرف استثنا (مگر) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)

تَابُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب تَابَ يَتُوْبُ، مصدر تَوْبَةٌ، توبہ کرنا (اُنہوں نے توبہ کرلی)

مِنْۢ بَعْدِ ذٰلِكَ، مِنْ، حرف جار، زائدہ، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعْدِ، مجرور، بعد، ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید، اس (اس کے بعد) وَ، حرف عطف (اور)

اَصْلَحُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اَصْلَحَ يُصْلِحُ، مصدر اِصْلَاحٌ، اصلاح کرنا (اُنہوں نے اصلاح کرلی)

فَاِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۵﴾	تو بے شک اللہ بہت بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے

فَاِنَّ اللّٰہَ (فَ ،اِنَّ ،اَللّٰہَ) فَ ، حرف عطف ، تو ،اِنَّ ، حرف مشبہ بالفعل ، بے شک ،اَللّٰہَ ، اللہ (تو بے شک اللہ)

غَفُوْرٌ ، اللہ کا صفاتی نام ،غُفْرَانٌ ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا)

رَحِیْمٌ ، اللہ کا صفاتی نام ، رَحْمَۃٌ ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

وَالَّذِیْنَ یَرْمُوْنَ اَزْوَاجَهُمْ وَلَمْ یَكُنْ لَّهُمْ شُهَدَآءُ اِلَّاۤ اَنْفُسُهُمْ فَشَهَادَةُ اَحَدِهِمْ اَرْبَعُ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الصّٰدِقِیْنَ ۝	اور وہ لوگ جو اپنی بیویوں پر (زنا کی) تہمت لگائیں اور ان کیلئے (اس پر) اپنی ذات کے سوا گواہ نہ ہوں تو ان میں سے ہر ایک کی گواہی اللہ (کی قسم) کے ساتھ چار گواہیاں ہیں کہ بلا شبہ وہ یقیناً سچوں میں سے ہے

وَ الَّذِیْنَ (وَ ،اَلَّذِیْنَ) وَ ، حرف عطف ، اور ،اَلَّذِیْنَ ، اسم موصول جمع مذکر ، وہ لوگ جو (اور وہ لوگ جو)

یَرْمُوْنَ ، فعل مضارع جمع مذکر غائب رَمٰی یَرْمِیْ ، مصدر رَمْیًا وَّ رَمَایَۃٌ ، الزام لگانا ، تہمت لگانا (وہ (زنا کی) تہمت لگائیں) اَزْوَاجَھُمْ (اَزْوَاجَ ،ھُمْ) اَزْوَاجَ ، مضاف ، بیویوں ، واحد ، زَوْجٌ ، ھُمْ ، مضاف الیہ ، ضمیر جمع مذکر غائب ، اپنی (اپنی بیویوں (پر)) وَ ، حرف عطف (اور)

لَمْ یَکُنْ ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوْنُ ، مصدر کَوْنًا ، ہونا (نہ ہوں)

لَھُمْ (لَ ۔ ھُمْ) لَ ، حرف جار ، کیلئے ، ھُمْ ، ضمیر جمع مذکر غائب ، ان (ان کیلئے)

شُھَدَآءُ ، شَھَادَۃٌ وَّ شُھُوْدٌ ، سے اسم فاعل جمع مذکر (موجودین ، حاضرین ، گواہوں ، شاہد)

اِلَّا ، حرف استثنا (مگر ، سوا) اَنْفُسُھُمْ (اَنْفُسُ ۔ ھُمْ) اَنْفُسُ ، مضاف ، نفسوں ، جانوں ، ذات ، واحد ، نَفْسٌ ، ھُمْ ، مضاف الیہ ضمیر جمع مذکر غائب ، اپنی (اپنی ذات کے)

فَشَھَادَۃُ (فَ ، شَھَادَۃُ) فَ ، حرف عطف ، تو ، شَھَادَۃُ ، گواہی ، شہادت (تو گواہی)

اَحَدِھِمْ (اَحَدِ ۔ ھِمْ) اَحَدِ ، مضاف (ہر) ایک ، ھِمْ ، مضاف الیہ ، ضمیر جمع مذکر غائب ، ان کے (ان کے (ہر) ایک کی ، ان میں سے ہر ایک کی) اَرْبَعُ (چار) شَھٰدٰتٍ (شہادتیں ، گواہیاں) واحد ، شَھَادَۃٌ ،

بِاللّٰهِ(بِ۔اَللّٰهِ)بِ، حرف جار، کے ساتھ ،اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ (کی قسم) کے ساتھ)

اِنَّهٗ(اِنَّ۔هٗ)اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلا شبہ، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (بلا شبہ وہ)

لَمِنَ الصّٰدِقِيۡنَ(لَ، مِنۡ، اَلصّٰدِقِيۡنَ)لَ، لام تاکید، یقیناً، مِنۡ، حرف جار، سے، اَلصّٰدِقِيۡنَ، مجرور، صِدۡقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، سچ بولنے والے، سچوں، واحد، صَادِقٌ (یقیناً سچوں میں سے)

وَالۡخَامِسَةُ اَنَّ لَعۡنَتَ اللّٰهِ عَلَيۡهِ اِنۡ كَانَ مِنَ الۡكٰذِبِيۡنَ ۝	اور پانچویں یہ کہ بے شک اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹوں میں سے ہو۔

وَ الۡخَامِسَةُ(وَ، اَلۡخَامِسَةُ)وَ، حرف عطف، اور، اَلۡخَامِسَةُ، اسم عدد، پانچویں (اور پانچویں)

اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل (کہ بے شک)

لَعۡنَتَ اللّٰهِ(لَعۡنَتَ، اَللّٰهِ) لَعۡنَتَ، مضاف، لعنت، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کی (اللہ کی لعنت)

عَلَيۡهِ(عَلٰى۔هِ)عَلٰى، حرف جار، پر، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس پر)اِنۡ، شرطیہ (اگر)

كَانَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوۡنُ، مصدر كَوۡنًا، ہونا، اِنۡ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ ہو)

مِنَ الۡكٰذِبِيۡنَ(مِنۡ، اَلۡكٰذِبِيۡنَ) مِنۡ، حرف جار، سے، اَلۡكٰذِبِيۡنَ، مجرور، كِذۡبٌ مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، جھوٹ بولنے والے، جھوٹوں، واحد، اَلۡكَاذِبُ (جھوٹوں میں سے)

وَ يَدۡرَؤُا عَنۡهَا الۡعَذَابَ اَنۡ تَشۡهَدَ اَرۡبَعَ شَهٰدٰتٍۭ بِاللّٰهِ ۙ اِنَّهٗ لَمِنَ الۡكٰذِبِيۡنَ ۙ۸	اور اس عورت سے سزا کو (یہ بات) ٹال دی گی یہ کہ وہ گواہی دے اللہ کی قسم کے ساتھ چار گواہیاں کہ بلا شبہ وہ (مرد) یقیناً جھوٹوں میں سے ہے

وَ، حرف عطف (اور) يَدۡرَؤُا، فعل مضارع واحد مذکر غائب دَرَاَ يَدۡرَاُ، مصدر دَرۡءٌ، دور کرنا، ٹال دینا (وہ ٹال دے گا) عَنۡهَا(عَنۡ، هَا)عَنۡ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس (اس (عورت) سے) اَلۡعَذَابَ (عذاب، سزا) اَنۡ، مصدریہ (یہ کہ)

تَشْهَدَ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب شَهِدَ یَشْهَدُ، مصدر شَهَادَۃٌ، گواہی دینا (وہ گواہی دے)

اَرْبَعَ، اسم عدد (چار) شَھٰدٰتٍ (گواہیاں) واحد، شَهَادَۃٌ،

بِاللّٰهِ (بِ، اَللّٰهِ) بِ، حرف جار، کے ساتھ، اَللّٰهِ، مجرور اللہ (اللہ (کی قسم) کے ساتھ)

اِنَّهٗ (اِنَّ۔ هٗ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلا شبہ، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (بلا شبہ وہ)

لَمِنَ الْكٰذِبِيْنَ (لَ، مِنْ، اَلْكٰذِبِيْنَ) لَ، لام تاکید، یقیناً، مِنْ، حرف جار، سے، اَلْكٰذِبِيْنَ، مجرور،

كِذْبٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، جھوٹ بولنے والے، جھوٹوں، واحد اَلْكَاذِبُ (یقیناً جھوٹوں میں سے)

وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَآ اِنْ كَانَ مِنَ الصّٰدِقِيْنَ ۝۹	اور پانچویں یہ کہ بے شک اس (عورت) پر اللہ کا غضب ہو اگر وہ (مرد) سچوں میں سے ہو

وَ، حرف عطف (اور) اَلْخَامِسَةَ، اسم عدد (پانچویں) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل (کہ بے شک)

غَضَبَ اللّٰهِ (غَضَبَ، اَللّٰهِ) غَضَبَ، مضاف اسم فاعل حالت نصب، غضب، ناراضگی، عذاب،

اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا غضب)

عَلَيْهَا (عَلٰى، هَا) عَلٰى، حرف جار، پر، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس (اس (عورت) پر)

اِنْ، شرطیہ (اگر) كَانَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ

(وہ ہو) مِنَ الصّٰدِقِيْنَ، مِنْ، حرف جار، سے، اَلصّٰدِقِيْنَ، مجرور، صِدْقٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر

سچ بولنے والے، سچوں، واحد، صَادِقٌ (سچوں میں سے)

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيْمٌ ۝۱۰ ع	اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی (تو دنیا میں جھوٹوں کو ضرور سزا ملتی) اور یقیناً اللہ بہت توبہ قبول کرنے والا، بڑی حکمت والا ہے

وَلَوْلَا (وَ، لَوْ، لَا) وَ، حرف عطف، اور، لَوْ، شرطیہ، اگر، لَا، نافیہ، نہ (اور اگر نہ)

فَضْلُ اللّٰهِ (فَضْلُ، اَللّٰهِ) فَضْلُ، مضاف، فضل، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا فضل)

عَلَيْكُمْ (عَلٰی، كُمْ) عَلٰی، حرف جار، پر، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر) وَ، حرف عطف (اور)

رَحْمَتُهٗ (رحْمَةُ، هٗ) رَحْمَةُ، مضاف، رحمت، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (اس کی رحمت)

وَ، حرف عطف (اور) اَنَّ اللّٰهَ (اَنَّ، اَللّٰهَ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، یقیناً، اَللّٰهَ، خالق کائنات کا ذاتی

نام، اللہ (یقیناً اللہ) تَوَّابٌ، اللہ کا صفاتی نام، تَوْبَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت توبہ قبول کرنے والا)

حَكِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، حِكْمَةٌ، سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

اِنَّ الَّذِيْنَ جَآءُوْ بِالْاِفْكِ عُصْبَةٌ مِّنْكُمْ ؕ	بے شک وہ لوگ جو بہتان کو (گھڑ) لائے تم میں سے ایک ٹولہ ہے

اِنَّ الَّذِيْنَ (اِنَّ، اَلَّذِيْنَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو،

(بے شک وہ لوگ جو) جَآءُوْ، فعل ماضی جمع مذکر غائب جَآءَ يَجِيْٓءُ، مصدر مَجِيْٓءٌ، صلہ میں بَاء ہے اس

لئے معنی ہوگا لانا (وہ لائے)

بِالْاِفْكِ (بِ۔ اَلْاِفْكِ) بِ، حرف جار، کو، اَلْاِفْكِ، مجرور، جو بات اپنی اصلی صورت سے پھر جائے اسے

افک کہتے ہیں، جھوٹ، بہتان (بہتان کو) عُصْبَةٌ (ایک گروہ، ایک ٹولہ، ایک جماعت)

مِنْكُمْ (مِنْ۔ كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم میں سے)

لَا تَحْسَبُوْهُ شَرًّا لَّكُمْ ؕ	تم اسے اپنے لئے برا گمان نہ کرو

لَا تَحْسَبُوْهُ (لَا تَحْسَبُوْا، هُ) لَا تَحْسَبُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر حَسِبَ يَحْسَبُ، مصدر حِسْبَانٌ،

خیال کرنا، گمان کرنا، تم گمان نہ کرو، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (تم اسے گمان نہ کرو)

شَرًّا (برا، شر، برائی) جس سے سب کو نفرت ہو، خَيْرٌ، کی ضد ہے۔

لَكُمْ (لَ۔ كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے لئے)

بَلْ هُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ ؕ	بلکہ وہ تمہارے لئے بہتر ہے

بَلْ، حرف اضراب (بلکہ) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ) خَيْرٌ (بہتر، بھلائی)

لَكُمْ (لَ۔كُمْ) لَ، حرف جار، لئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ مَّا اكْتَسَبَ مِنَ الْاِثْمِ ۚ	ان میں سے ہر شخص کیلئے (سزا) ہے جو اس نے گناہ کمایا

لِكُلِّ امْرِئٍ (لِ، كُلِّ، اِمْرِئٍ) لِ، حرف جار، کیلئے، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، اِمْرِئٍ، مضاف الیہ، شخص، مرد، انسان، حالت جر میں ہے حالت رفع میں، اِمْرُؤٌ، اور حالت نصب میں، اِمْرَاً، ہے (ہر شخص کیلئے ہے) مِنْهُمْ (مِنْ، هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان میں سے)

مَا، اسم موصول (جو) اِكْتَسَبَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اِكْتَسَبَ يَكْتَسِبُ، مصدر اِكْتِسَابٌ، کمانا، حصہ لینا (اس نے کمایا) مِنَ الْاِثْمِ (مِنْ۔ اَلْاِثْمِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلْاِثْمِ، مجرور، گناہ (گناہ سے)

وَالَّذِیْ تَوَلّٰى كِبْرَهٗ مِنْهُمْ لَهٗ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ۝۱۱	اور ان میں سے وہ جو اس کے بڑے حصے کا ذمہ دار بنا اس کیلئے بہت بڑا عذاب ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِیْ، اسم موصول واحد مذکر (وہ جو)

تَوَلّٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب تَوَلّٰى يَتَوَلّٰى، مصدر تَوَلِّیٌ، کا تعدیہ جب بلاواسطہ ہو تو اس کے معنی دوستی رکھنے، کسی کام کو اٹھانے، والی، ذمہ دار، متولی بننا کے ہوتے ہیں (وہ ذمہ دار بنا)

كِبْرَهٗ (كِبْرَ، هٗ) كِبْرَ، اسم مصدر، مضاف، بڑا بوجھ، بڑا حصہ، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے بڑے حصے کا) مِنْهُمْ (مِنْ، هُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان، (ان میں سے) لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کیلئے، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کیلئے)

عَذَابٌ عَظِيْمٌ (عَذَابٌ، عَظِيْمٌ) عَذَابٌ، موصوف، عذاب، سزا، عَظِيْمٌ، صفت، عَظْمَةٌ، سے صفت مشبہ، عظیم، بہت بڑا (بہت بڑا عذاب)

لَوۡ لَاۤ اِذۡ سَمِعۡتُمُوۡهُ ظَنَّ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ وَ الۡمُؤۡمِنٰتُ بِاَنۡفُسِهِمۡ خَيۡرًا ۙ وَّ قَالُوۡا هٰذَاۤ اِفۡكٌ مُّبِيۡنٌ ﴿۱۲﴾	جب تم نے اسے سنا مومن مردوں اور مومن عورتوں نے اپنے نفسوں میں کیوں نہ اچھا گمان کیا اور (کیوں نہیں) انہوں نے کہا کہ یہ واضح بہتان ہے

لَوۡ لَا، برائے زجر و توبیخ (کیوں نہ) اِذۡ، اسم ظرف زمان (جب)

سَمِعۡتُمُوۡهُ (سَمِعۡتُمۡ، وۡ، هُ) سَمِعۡتُمۡ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر سَمِعَ يَسۡمَعُ، مصدر سَمۡعًا، سننا، تم نے سنا، وۡ، اشباع کا، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (تم نے اسے سنا)

ظَنَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ظَنَّ يَظُنُّ، مصدر ظَنًّا، خیال کرنا، گمان کرنا (گمان کیا)

اَلۡمُؤۡمِنُوۡنَ، اِيۡمَانٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ایمان والوں نے، مومن مردوں نے) واحد، اَلۡمُؤۡمِنُ

وَ، حرف عطف (اور) اَلۡمُؤۡمِنٰتُ، اِيۡمَانٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (ایمان والیاں، مومن عورتوں) واحد اَلۡمُؤۡمِنَةِ، بِاَنۡفُسِهِمۡ (بِ، اَنۡفُسِ، هِمۡ) بِ، حرف جار بمعنی، فِيۡ، میں، اَنۡفُسِ، مجرور، مضاف، نفسوں، جانوں، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنے (اپنے نفسوں میں) خَيۡرًا (بہتر، اچھا)

وَ، حرف عطف (اور) قَالُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (انہوں نے کہا)

هٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ)

اِفۡكٌ مُّبِيۡنٌ، اِفۡكٌ، موصوف، ہر وہ چیز جو اپنے صحیح رخ سے پھیر دی گئی ہو، جھوٹ، بہتان، مُبِيۡنٌ، صفت، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر، واضح، ظاہر، کھولنے والا (واضح بہتان)

لَوۡ لَا جَآءُوۡ عَلَيۡهِ بِاَرۡبَعَةِ شُهَدَآءَ ۚ	وہ اس پر چار گواہوں کو کیوں نہ لائے

لَوۡ لَا، برائے زجر و توبیخ (کیوں نہ)

جَآءُوۡ، فعل ماضی جمع مذکر غائب جَآءَ يَجِيۡٓءُ، مصدر مَجِيۡٓءٌ، لانا (وہ لائے)

عَلَيۡهِ (عَلٰى، هِ) عَلٰى، حرف جار، پر، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس پر)

بِاَرۡبَعَةِ شُهَدَآءَ(بِ،اَرۡبَعَةِ،شُهَدَآءَ)بِ، حرف جار، کو،اَرۡبَعَةِ، مجرور، مضاف، چار،شُهَدَآءَ، مضاف الیہ،شَهَادَةٌ وَّ شُهُوۡدًا، سے اسم فاعل جمع مذکر، گواہوں، موجودین، شاہد، حاضرین (چار گواہوں کو)

فَاِذۡ لَمۡ يَاۡتُوۡا بِالشُّهَدَآءِ فَاُولٰٓئِكَ عِنۡدَ اللّٰهِ هُمُ الۡكٰذِبُوۡنَ ۝۱۳	تو جب وہ گواہوں کو نہیں لائے تو اللہ کے نزدیک وہ لوگ ہی جھوٹے ہیں

فَاِذۡ(فَ،اِذۡ)فَ، حرف عطف، تو،اِذۡ،اسم ظرف زمان، جب (توجب)

لَمۡ يَاۡتُوۡا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر غائب اَتٰى يَاۡتِىۡ، مصدر اِتۡيَانٌ، صلہ میں، با، معنی لانا،لَمۡ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ نہیں لائے)

بِالشُّهَدَآءِ(بِ،اَلشُّهَدَآءِ)بِ، حرف جار، کو،اَلشُّهَدَآءِ، مجرور، گواہوں، حاضرین، موجودین (گواہوں کو)

فَاُولٰٓئِكَ(فَ،اُولٰٓئِكَ)فَ، حرف عطف، تو،اُولٰٓئِكَ،اسم اشارہ جمع مذکر بعید، وہ لوگ (تو وہ لوگ)

عِنۡدَ اللّٰهِ(عِنۡدَ۔اَللّٰهِ)عِنۡدَ، مضاف، پاس، نزدیک، ہاں،اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے نزدیک)

هُمۡ، ضمیر جمع مذکر غائب (وہ، وہی)

اَلۡكٰذِبُوۡنَ، كِذۡبٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (جھوٹ بولنے والے، جھوٹے) واحد،اَلۡكَاذِبُ،

وَلَوۡلَا فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَتُهٗ فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ لَمَسَّكُمۡ فِىۡ مَاۤ اَفَضۡتُمۡ فِيۡهِ عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ۝۱۴	اور اگر دنیا اور آخرت میں تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو جو تم نے اس بات میں چرچا کیا اس کی وجہ سے ضرور تمہیں بڑا عذاب پہنچتا

وَلَوۡلَا(وَ،لَوۡ،لَا) وَ، حرف عطف، اور،لَوۡ، شرطیہ، اگر،لَا، نافیہ، نہ کا مرکب (اور اگر نہ)

فَضۡلُ اللّٰهِ(فَضۡلُ،اَللّٰهِ) فَضۡلُ، مضاف، فضل،اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا فضل)

عَلَيۡكُمۡ(عَلٰى،كُمۡ)عَلٰى، حرف جار، پر،كُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر)وَ، حرف عطف (اور)

رَحۡمَتُهٗ(رَحۡمَةُ،هٗ)رَحۡمَةُ، مضاف، رحمت،هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (اس کی رحمت)

فِي الدُّنْيَا (فِيْ، اَلدُّنْيَا) فِيْ، حرف جار، میں، اَلدُّنْيَا، مجرور، دنیا (دنیا میں)

وَ، حرف عطف (اور) اَلْاٰخِرَةِ (آخرت)

لَمَسَّكُمْ (لَ، مَسَّ، كُمْ) لَ، لام تاکید، ضرور، مَسَّ، فعل ماضی واحد مذکر غائب مَسَّ يَمُسُّ، مصدر مَسًّا، چھونا، پہنچنا، لَوْ، کی وجہ سے ترجمہ، وہ پہنچتا، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (وہ ضرور پہنچتا تمہیں)

فِيْ مَا (فِيْ، مَا) فِيْ، حرف جار برائے سبب، وجہ سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس وجہ سے جو)

اَفَضْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر اَفَاضَ يُفِيْضُ، مصدر اِفَاضَةٌ، منتشر ہونا، چرچا کرنا، پھیلانا، مشغول ہونا (تم نے چرچا کیا) فِيْهِ (فِيْ، هِ) فِيْ، حرف جار، میں، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس (بات) میں) عَذَابٌ عَظِيْمٌ، عَذَابٌ، موصوف، عذاب، عَظِيْمٌ، صفت، عَظْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، عظیم، بہت بڑا (بہت بڑا عذاب)

جب تم اس (بات) کو (ایک دوسرے سے سن کر) اپنی زبانوں پر لاتے رہے اور اپنے مونہوں سے کہتے رہے جس کا تم کو کوئی علم نہیں تھا اور تم اس کو معمولی سمجھ رہے تھے	اِذْ تَلَقَّوْنَهٗ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَ تَقُوْلُوْنَ بِاَفْوَاهِكُمْ مَّا لَيْسَ لَكُمْ بِهٖ عِلْمٌ وَّ تَحْسَبُوْنَهٗ هَيِّنًا

اِذْ، اسم ظرف زمان (جب) تَلَقَّوْنَهٗ (تَلَقَّوْنَ، هٗ) تَلَقَّوْنَ، اصل میں، تَتَلَقَّوْنَ، تھا، ایک تا اختصار کیلئے حذف ہے، فعل مضارع جمع مذکر حاضر تَلَقّٰى يَتَلَقّٰى، مصدر تَلَقِّيٌّ، کسی چیز کا لانا، اخذ کرنا، عام کرنا، ذکر کرنا، تم لاتے رہے، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کو (تم لاتے رہے اس (بات) کو)

بِاَلْسِنَتِكُمْ (بِ، اَلْسِنَتِ، كُمْ) بِ، حرف جار، پر، اَلْسِنَتِ، مجرور، مضاف، زبانوں، واحد، لِسَانٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنی (اپنی زبانوں پر) وَ، حرف عطف (اور)

تَقُوْلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (تم کہتے رہے)

بِاَفْوَاهِكُمْ (بِ، اَفْوَاهِ، كُمْ) بِ، حرف جار، سے، اَفْوَاهِ، مجرور مضاف، مونہوں، واحد فَمٌ، کی اصل،

فُوْہٌ، تھا،ہ، کو گراکر واؤ کو میم سے بدل دیا گیا تو فَمٌ، ہو گیا، کُمْ، مضاف الیہ ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے مونہوں سے) مَا، اسم موصول (جو، جس)

لَیْسَ، فعل ناقص ماضی واحد مذکر غائب (نہیں تھا) اس کے فعل مضارع اور فعل امر کے صیغے نہیں آتے،

لَکُمْ (لَ۔ کُمْ) لَ، حرف جار، کو، کُمْ، مجرور ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم کو)

بِہٖ (بِ۔ ہٖ) بِ، حرف جار، کا، ہٖ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس کا) عِلْمٌ، مصدر (کوئی علم)

وَ، حرف عطف (اور) تَحْسَبُوْنَہٗ (تَحْسَبُوْنَ، ہٗ) تَحْسَبُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر حَسِبَ یَحْسَبُ، مصدر حِسْبَانًا، سمجھنا، خیال کرنا، گمان کرنا، تم سمجھ رہے تھے، ہٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (تم اس کو سمجھ رہے تھے) ھَیِّنًا، ھَوْنٌ مصدر سے صفت مشبہ (معمولی)

وَّھُوَ عِنْدَ اللّٰہِ عَظِیْمٌ ﴿۱۵﴾	حالانکہ وہ اللہ کے نزدیک بہت بڑی (بات) تھی

وَ، حالیہ (حالانکہ) ھُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ)

عِنْدَ اللّٰہِ (عِنْدَ، اَللّٰہِ) عِنْدَ، مضاف، پاس، ہاں، نزدیک، اَللّٰہِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے نزدیک)

عَظِیْمٌ، عَظْمَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ (عظیم، بہت بڑی)

وَلَوْلَآ اِذْ سَمِعْتُمُوْہُ قُلْتُمْ مَّا یَکُوْنُ لَنَآ اَنْ نَّتَکَلَّمَ بِھٰذَا ۗ	اور جب تم نے اسے سنا تم نے کیوں نہ کہا ہمارے لئے (جائز) نہیں ہے کہ ہم اس کے متعلق کلام کریں

وَ، حرف عطف (اور) لَوْلَا، برائے زجر و توبیخ (کیوں نہ)

اِذْ، اسم ظرف زمان ماضی کے واقعہ سے پہلے آتا ہے (جب)

سَمِعْتُمُوْہُ (سَمِعْتُمْ، وْ، ہُ) سَمِعْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر سَمِعَ یَسْمَعُ، مصدر سَمْعٌ، سننا، تم نے سنا، وْ، اشباع کا، ہُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (تم نے اسے سنا)

قُلْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر قَالَ یَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (تم نے کہا)

مَا، نافیہ (نہیں) یَکُوْنُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب کَانَ یَکُوْنُ، مصدر کَوْنًا، ہونا (وہ ہے)

لَنَا (لَ۔نَا) لَ، حرف جار، لئے، نَا، مجرور، ضمیر جمع متکلم، ہمارے (ہمارے لئے) اَنْ (کہ)

نَتَکَلَّمَ، فعل مضارع جمع متکلم تَکَلَّمَ یَتَکَلَّمُ، مصدر تَکَلُّمٌ، کلام کرنا (ہم کلام کریں)

بِھٰذَا (بِ، ھٰذَا) بِ، حرف جار، کے متعلق، ھٰذَا، مجرور، اسم اشارہ واحد مذکر قریب، اس (اس (بات) کے متعلق)

سُبْحٰنَكَ هٰذَا بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۶﴾	(پروردگار) تو پاک ہے یہ بہت بڑا بہتان ہے

سُبْحٰنَكَ (سُبْحَانَ، كَ) سُبْحَانَ، مضاف، مصدر ہے بمعنی تسبیح، پاکی بیان کرنے کے، پاک ہے،

كَ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر حاضر، تو (تو پاک ہے) ھٰذَا، اسم اشارہ واحد مذکر قریب (یہ)

بُهْتَانٌ عَظِيْمٌ، بُهْتَانٌ، موصوف، ایسا جھوٹ جسے سن کر سننے والا حیران رہ جائے، بہتان، جھوٹ،

عَظِيْمٌ، صفت، عَظْمَةٌ، مصدر سے صفت مشبہ، بہت بڑا (بہت بڑا بہتان)

يَعِظُكُمُ اللّٰهُ اَنْ تَعُوْدُوْا لِمِثْلِهٖٓ اَبَدًا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿۱۷﴾	اللہ تمہیں نصیحت کرتا ہے کہ تم اس جیسے (کام) کو دوبارہ کبھی بھی (نہ) کرو اگر تم ایمان والے ہو

يَعِظُكُمُ اللّٰهُ (يَعِظُ، كُمْ، اَللّٰهُ) يَعِظُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب وَعَظَ يَعِظُ، مصدر وَعْظًا، انتباہ کرنا، نصیحت کرنا، نصیحت کرتا ہے، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں، اَللّٰهُ، اللہ (اللہ تمہیں نصیحت کرتا ہے) اَنْ، مصدریہ (کہ) تَعُوْدُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَادَ يَعُوْدُ، مصدر عَوْدًا، واپس لوٹنا، دوبارہ کرنا (تم دوبارہ کرو) لِمِثْلِهٖ (لِ، مِثْلِ، هٖ) لِ، حرف جار، کو، مِثْلِ، مجرور، مضاف، جیسا، مانند، طرح،

هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس (اس جیسے (کام) کو)

اَبَدًا، زمانہ مستقبل غیر محدود (ہمیشہ، کبھی بھی) اِنْ، شرطیہ (اگر)

كُنْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ (تم ہو)

مُؤۡمِنِیۡنَ، اِیۡمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ایمان والے) واحد، مُؤۡمِنٌ،

وَ یُبَیِّنُ اللّٰہُ لَکُمُ الۡاٰیٰتِ ؕ	اور اللہ تمہارے لئے آیات کھول کر بیان کرتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) یُبَیِّنُ اللّٰہُ (یُبَیِّنُ، اَللّٰہُ) یُبَیِّنُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب بَیَّنَ یُبَیِّنُ، مصدر تَبۡیِیۡنٌ، کھول کر بیان کرنا، کھول کر بیان کرتا ہے، اَللّٰہُ، خالق کائنات کا ذاتی نام، اللہ (اللہ کھول کر بیان کرتا ہے) لَکُمۡ (لَ، کُمۡ) لَ، حرف جار، لئے، کُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے) اَلۡاٰیٰتِ (آیات) واحد، اَلۡاٰیَۃِ،

وَاللّٰہُ عَلِیۡمٌ حَکِیۡمٌ ﴿۱۸﴾	اور اللہ خوب جاننے والا، بڑی حکمت والا ہے

وَ اللّٰہُ (وَ، اَللّٰہُ) وَ، حرف عطف، اور، اَللّٰہُ، خالق کائنات کا ذاتی نام، اللہ (اور اللہ)

عَلِیۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلۡمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

حَکِیۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، حِکۡمَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بڑی حکمت والا)

اِنَّ الَّذِیۡنَ یُحِبُّوۡنَ اَنۡ تَشِیۡعَ الۡفَاحِشَۃُ فِی الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَہُمۡ عَذَابٌ اَلِیۡمٌ ۙ فِی الدُّنۡیَا وَ الۡاٰخِرَۃِ ؕ	بے شک وہ لوگ جو پسند کرتے ہیں کہ ان لوگوں میں جو ایمان لائے بے حیائی پھیلے ان کیلئے دنیا اور آخرت میں دردناک عذاب ہے

اِنَّ الَّذِیۡنَ (اِنَّ، اَلَّذِیۡنَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو، (بے شک وہ لوگ جو) یُحِبُّوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اَحَبَّ یُحِبُّ، مصدر اِحۡبَابٌ، پسند کرنا (وہ پسند کرتے ہیں) اَنۡ، مصدریہ (کہ)

تَشِیۡعَ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب شَاعَ یَشِیۡعُ، مصدر شُیُوۡعٌ، پھیلنا (وہ پھیلے)

اَلۡفَاحِشَۃُ، حد سے بڑھی ہوئی بدی (بے حیائی، جس کا اثر دوسروں پر پڑے)

فِی الَّذِیۡنَ (فِیۡ، اَلَّذِیۡنَ) فِیۡ، حرف جار، میں، اَلَّذِیۡنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (ان لوگوں

میں جو) اٰمَنُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤْمِنُ، مصدر اِیْمَانًا، ایمان لانا (وہ ایمان لائے)

لَھُمْ (لَ۔ھُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، ھُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)

عَذَابٌ اَلِیْمٌ، عَذَابٌ، موصوف، عذاب، اَلِیْمٌ، صفت، اَلَمٌ، مصدر سے بمعنی فاعل صفت مشبہ، دکھ دینے والا، دردناک (دردناک عذاب) فِی الدُّنْیَا (فِیْ، اَلدُّنْیَا) فِیْ، حرف جار، میں، اَلدُّنْیَا، مجرور، دنیا (دنیا میں)

وَ الْاٰخِرَۃِ (وَ، اَلْاٰخِرَۃِ) وَ، حرف عطف، اور، اَلْاٰخِرَۃِ، آخرت (اور آخرت)

وَاللّٰہُ یَعْلَمُ وَ اَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴿۱۹﴾	اور اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰہُ (اللہ)

یَعْلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جانتا ہے)

وَ، حرف عطف (اور) اَنْتُمْ، ضمیر منفصلہ جمع مذکر حاضر (تم)

لَا تَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر عَلِمَ یَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (تم نہیں جانتے)

وَ لَوْ لَا فَضْلُ اللّٰہِ عَلَیْکُمْ وَ رَحْمَتُہٗ وَ اَنَّ اللّٰہَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ ﴿۲۰﴾ ع	اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی اور (یہ) کہ بے شک اللہ بہت شفقت کرنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے (تو تہمت لگانے والوں پر عذاب آتا)

النصف ع ۸ ۲

وَ، حرف عطف (اور) لَوْ لَا، لَوْ، شرطیہ، اگر، لَا، نافیہ، نہ، کا مرکب (اگر نہ)

فَضْلُ اللّٰہِ (فَضْلُ، اَللّٰہِ) فَضْلُ، مضاف، فضل، اَللّٰہِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا فضل)

عَلَیْکُمْ (عَلٰی، کُمْ) عَلٰی، حرف جار، پر، کُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر) وَ، حرف عطف (اور) رَحْمَتُہٗ (رَحْمَۃُ، ہٗ) رَحْمَۃُ، مضاف، رحمت، ہٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (اس کی رحمت)

وَ، حرف عطف (اور) اَنَّ اللّٰہَ، اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک، اَللّٰہَ، اللہ (کہ بے شک اللہ)

رَءُوْفٌ، اللہ کا صفاتی نام، رَاْفَۃٌ، مصدر سے صفت مشبہ (بہت شفقت کرنے والا)

رَحِيۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، رَحۡمَةٌ، سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَتَّبِعُوۡا خُطُوٰتِ الشَّیۡطٰنِ ؕ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! تم شیطان کے قدموں کی پیروی نہ کرو

یٰۤاَیُّهَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا، یٰۤاَیُّهَا، یَا، حرف ندا، اے، اَیُّهَا، جب منادی میں ال داخل ہو تو مذکر کیلئے، یا کے ساتھ اَیُّهَا بڑھا دیتے ہیں، اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا، منادی، اَلَّذِیۡنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو،
اٰمَنُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ یُؤۡمِنُ، مصدر اِیۡمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) لَا تَتَّبِعُوۡا، فعل نہی جمع مذکر حاضر اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعٌ، پیروی کرنا (تم پیروی نہ کرو)
خُطُوٰتِ الشَّیۡطٰنِ، خُطُوٰتِ، مضاف، قدموں، واحد، خُطۡوَةٌ، اَلشَّیۡطٰنِ، مضاف الیہ، شیطان کے، (شیطان کے قدموں کی)

وَمَنۡ یَّتَّبِعۡ خُطُوٰتِ الشَّیۡطٰنِ فَاِنَّهٗ یَاۡمُرُ بِالۡفَحۡشَآءِ وَالۡمُنۡکَرِ ؕ	اور جو شیطان کے قدموں کی پیروی کرتا ہے تو بلاشبہ وہ بے حیائی اور برائی کا حکم دیتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) مَنۡ، شرطیہ اسم موصول، (جو)
یَتَّبِعۡ، فعل مضارع مجزوم واحد مذکر غائب اِتَّبَعَ یَتَّبِعُ، مصدر اِتِّبَاعًا، پیروی کرنا (وہ پیروی کرتا ہے)
خُطُوٰتِ الشَّیۡطٰنِ، خُطُوٰتِ، مضاف، قدموں، واحد، خُطۡوَةٌ،
اَلشَّیۡطٰنِ، مضاف الیہ، شیطان کے (شیطان کے قدموں کی)
فَاِنَّهٗ (فَ، اِنَّ، هٗ) فَ، حرف عطف، تو، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، بلاشبہ، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، وہ (تو بلاشبہ وہ) یَاۡمُرُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَمَرَ یَاۡمُرُ، مصدر اَمۡرًا، حکم دینا (وہ حکم دیتا ہے)
بِالۡفَحۡشَآءِ (بِ، اَلۡفَحۡشَآءِ) بِ، حرف جار، کا، اَلۡفَحۡشَآءِ، مجرور، حد سے بڑھی ہوئی بدی جس کا اثر دوسروں پر پڑے، بے حیائی (بے حیائی کا) وَ، حرف عطف (اور)

اَلۡمُنۡكَرِ ،اِنۡكَارٌ، مصدر سے اسم مفعول واحد مذکر، وہ قول و فعل جس کو عقل برا جانتی ہو اور شریعت نے اسے برا قرار دیا ہو (برائی)

وَ لَوۡلَا فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ وَ رَحۡمَتُهٗ مَا زَكٰى مِنۡكُمۡ مِّنۡ اَحَدٍ اَبَدًا ۙ وَّ لٰكِنَّ اللّٰهَ يُزَكِّىۡ مَنۡ يَّشَآءُ ؕ	اور اگر تم پر اللہ کا فضل اور اس کی رحمت نہ ہوتی تو تم میں سے کوئی ایک کبھی بھی پاک نہ ہوتا اور لیکن اللہ پاک کرتا ہے جسے وہ چاہتا ہے

وَ لَوۡ لَا ،وَ، حرف عطف،اور،لَوۡلَا ،امتناعیہ، لَوۡ، شرطیہ، اگر،لَا ،نافیہ، نہ (اور اگر نہ)

فَضۡلُ اللّٰهِ(فَضۡلُ۔اَللّٰهِ)فَضۡلُ، مضاف، فضل ،اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کا (اللہ کا فضل)

عَلَيۡكُمۡ (عَلٰى، كُمۡ)عَلٰى، حرف جار، پر، كُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر)وَ، حرف عطف (اور) رَحۡمَتُهٗ(رَحۡمَةُ۔ هٗ)رَحۡمَةُ، مضاف، رحمت، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کی (اس کی رحمت)مَا، نافیہ (نہ)زَكٰى، فعل ماضی واحد مذکر غائب زَكٰى يَزۡكٰى، مصدر زَكَآءًا، پاک ہونا،لَوۡ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ پاک ہوتا)مِنۡكُمۡ (مِنۡ، كُمۡ)مِنۡ، حرف جار، سے، كُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم سے)مِّنۡ اَحَدٍ ،مِنۡ، حرف جار زائدہ برائے عموم ،اَحَدٍ، مجرور (کوئی ایک)

اَبَدًا، ہمیشہ، زمانہ مستقبل غیر محدود (کبھی بھی)وَ، حرف عطف (اور) لٰكِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (لیکن) اَللّٰهَ (اللہ)يُزَكِّىۡ، فعل مضارع واحد مذکر غائب زَكّٰى يُزَكِّىۡ، مصدر تَزۡكِيَةٌ، پاک کرنا (وہ پاک کرتا ہے)

مَنۡ، اسم موصول (جسے)

يَشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ، مصدر مَشِيۡئَةٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے)

وَاللّٰهُ سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ﴿۲۱﴾	اور اللہ خوب سننے والا، خوب جاننے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

سَمِيۡعٌ، اللہ کا صفاتی نام، سَمۡعٌ، سے صفت مشبہ (خوب سننے والا)

عَلِیْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

وَ لَا یَاْتَلِ اُولُوا الْفَضْلِ مِنْكُمْ وَ السَّعَةِ اَنْ یُّؤْتُوْۤا اُولِی الْقُرْبٰى وَ الْمَسٰكِیْنَ وَ الْمُهٰجِرِیْنَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ ۪ۖ	اور تم میں سے فضل والے اور وسعت والے قسم نہ کھالیں کہ وہ (بہتان میں شریک) قرابت والوں اور مسکینوں اور اللہ کی راہ میں ہجرت کرنے والوں کو (امداد نہ) دیں گے

وَ، حرف عطف (اور) لَا یَاْتَلِ، اصل میں، یَاْتَلِیْ، تھا، لَا، ناہیہ کی وجہ سے، یْ، حرف علت گر گئی، فعل نہی واحد مذکر غائب اِیْتَلَا یَاْتَلِیْ، مصدر اِیْتِلَآءٌ، قسم کھانا، جمع کے معنی میں استعمال ہوا ہے ترجمہ (وہ قسم نہ کھالیں) اُولُوا الْفَضْلِ (اُولُوْا، الْفَضْلِ) اُولُوْا، مضاف، والے، اَلْفَضْلِ، مضاف الیہ، فضل (فضل والے)

مِنْكُمْ (مِنْ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم میں سے)

وَ، حرف عطف (اور) اَلسَّعَةِ، وسعت (والے) مال ودولت (والے) اَنْ، مصدریہ (کہ)

یُؤْتُوْا، فعل مضارع جمع مذکر غائب اٰتٰی یُؤْتِیْ، مصدر اِیْتَآءٌ، دینا (وہ دیں گے)

اُولِی الْقُرْبٰى (اُولِیْ، اَلْقُرْبٰى) اُولِیْ، مضاف، والے، اَلْقُرْبٰى، مضاف الیہ، قرابت، رشتہ (قرابت والے)

وَ، حرف عطف (اور) اَلْمَسٰكِیْنَ (مسکینوں) واحد، مِسْكِیْنٌ، وَ، حرف عطف (اور)

اَلْمُهٰجِرِیْنَ، دین کیلئے ہجرت کرنے والے (مہاجرین)

فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ (فِیْ، سَبِیْلِ، اَللّٰهِ) فِیْ، حرف جار، میں، سَبِیْلِ، مجرور، مضاف، راہ، راستہ، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ (اللہ کی راہ میں)

وَ لْیَعْفُوْا وَ لْیَصْفَحُوْا ؕ	اور چاہیے کہ وہ معاف کر دیں اور چاہیے کہ وہ در گزر کریں

وَ لْیَعْفُوْا (وَ، لْ، یَعْفُوْا) وَ، حرف عطف، اور، لْ، لام امر جازم، چاہیے کہ، یَعْفُوْا، فعل مضارع مجزوم جمع مذکر غائب عَفَا یَعْفُوْ، مصدر عَفْوًا، معاف کر دینا، وہ معاف کر دیں (اور چاہیے کہ وہ معاف کر دیں)

وَلۡيَصۡفَحُوۡا (وَ،لۡ،يَصۡفَحُوۡا) وَ، حرف عطف، اور، لۡ، لام امر، چاہیے کہ، يَصۡفَحُوۡا، فعل مضارع مجزوم جمع مذکر غائب صَفَحَ يَصۡفَحُ، مصدر صَفۡحًا، در گزر کرنا، وہ در گزر کریں (اور چاہیے کہ وہ در گزر کریں)

اَلَا تُحِبُّوۡنَ اَنۡ يَّغۡفِرَ اللّٰهُ لَكُمۡ ؕ	کیا تم پسند نہیں کرتے کہ اللہ تم کو بخش دے

اَلَا تُحِبُّوۡنَ، اَ، ہمزہ استفہامیہ، کیا، لَا تُحِبُّوۡنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر حاضر اَحَبَّ يُحِبُّ، مصدر اِحۡبَابٌ، پسند کرنا، تم پسند نہیں کرتے (کیا تم پسند نہیں کرتے) اَنۡ، مصدریہ (کہ)

يَغۡفِرَ اللّٰهُ (يَغۡفِرَ، اَللّٰهُ) يَغۡفِرَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب غَفَرَ يَغۡفِرُ، مصدر غَفۡرًا، غُفۡرَانًا، بخشنا، وہ بخش دے، اَللّٰهُ، اللہ (اللہ بخش دے)

لَكُمۡ (لَ، كُمۡ) لَ، حرف جار، کو، كُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم کو)

وَاللّٰهُ غَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ۝	اور اللہ بہت بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

غَفُوۡرٌ، اللہ کا صفاتی نام، غُفۡرَانًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا)

رَحِيۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، رَحۡمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

اِنَّ الَّذِيۡنَ يَرۡمُوۡنَ الۡمُحۡصَنٰتِ الۡغٰفِلٰتِ الۡمُؤۡمِنٰتِ لُعِنُوۡا فِى الدُّنۡيَا وَالۡاٰخِرَةِ ۖ	بے شک وہ لوگ جو پاک دامن، بے خبر اور مومن عورتوں پر تہمت لگاتے ہیں وہ دنیا اور آخرت میں لعنت کئے گئے

اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل (بے شک) اَلَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

يَرۡمُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب رَمٰى يَرۡمِىۡ، مصدر رَمۡيًا، الزام لگانا، بہتان لگانا، تہمت لگانا، (وہ تہمت لگاتے ہیں) اَلۡمُحۡصَنٰتِ، اِحۡصَانٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مؤنث، واحد، مُحۡصَنَةٌ، (پاکدامن عورتیں، شوہر والی عورتیں)

اَلۡغٰفِلٰتِ،غَفۡلَةٌ ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (بے خبر عورتیں، بھولی بھالی عورتیں) واحد، غَافِلَةٌ ،

اَلۡمُؤۡمِنٰتِ،اِیۡمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث (ایمان والی عورتیں، مومن عورتیں) واحد، اَلۡمُؤۡمِنَةُ،

لُعِنُوۡا، فعل ماضی مجہول جمع مذکر غائب لَعَنَ یَلۡعَنُ، مصدر لَعۡنًا، لعنت کرنا (وہ لعنت کئے گئے)

فِی الدُّنۡیَا (فِیۡ، اَلدُّنۡیَا) فِیۡ، حرف جار، میں، اَلدُّنۡیَا، مجرور، دنیا (دنیا میں)

وَ الۡاٰخِرَةِ، وَ، حرف عطف، اور، اَلۡاٰخِرَةِ، آخرت (اور آخرت)

وَ لَهُمۡ عَذَابٌ عَظِیۡمٌ ﴿۲۳﴾	اور ان کیلئے بہت بڑا عذاب ہے

وَ، حرف عطف (اور) لَهُمۡ (لَ، هُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)

عَذَابٌ عَظِیۡمٌ (عَذَابٌ، عَظِیۡمٌ) عَذَابٌ، موصوف، عذاب، عَظِیۡمٌ، صفت، عَظۡمَةٌ، سے صفت مشبہ، عظیم، بہت بڑا (بہت بڑا عذاب)

یَّوۡمَ تَشۡهَدُ عَلَیۡهِمۡ اَلۡسِنَتُهُمۡ وَ اَیۡدِیۡهِمۡ وَ اَرۡجُلُهُمۡ بِمَا كَانُوۡا یَعۡمَلُوۡنَ ﴿۲۴﴾	جس دن ان کی زبانیں اور ان کے ہاتھ اور ان کے پاؤں ان کے خلاف اس کی گواہی دیں گے جو وہ عمل کیا کرتے تھے

یَوۡمَ (جس) دن، تَشۡهَدُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب شَهِدَ یَشۡهَدُ، مصدر شَهَادَةٌ، گواہی دینا، (وہ گواہی دے گی) عَلَیۡهِمۡ (عَلٰی۔ هِمۡ) عَلٰی، حرف جار، پر، کے خلاف، هِمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کے خلاف) اَلۡسِنَتُهُمۡ (اَلۡسِنَتُ، هُمۡ) اَلۡسِنَتُ، مضاف، زبانیں، واحد، لِسَانٌ،

هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کی (ان کی زبانیں) وَ، حرف عطف (اور)

اَیۡدِیۡهِمۡ (اَیۡدِیۡ، هِمۡ) اَیۡدِیۡ، مضاف، ہاتھوں، واحد، یَدٌ، ہاتھ، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے ہاتھ) وَ، حرف عطف (اور)

اَرۡجُلُهُمۡ (اَرۡجُلُ، هُمۡ) اَرۡجُلُ، مضاف، پاؤں، واحد، رِجۡلٌ، هُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان

کے (ان کے پاؤں) بِمَا (بِ۔ مَا) بِ، حرف جار، کی، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کی جو)
كَانُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ تھے)
يَعْمَلُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (وہ عمل کیا کرتے)

يَوْمَىٕذٍ يُّوَفِّيْهِمُ اللّٰهُ دِيْنَهُمُ الْحَقَّ وَ يَعْلَمُوْنَ اَنَّ اللّٰهَ هُوَ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ ۝۲۵	اس دن اللہ انہیں ان کا ٹھیک بدلہ پورا پورا دے گا اور وہ جان لیں گے کہ بے شک اللہ ہی بر حق (اور حق کو) ظاہر کرنے والا ہے

يَوْمَىٕذٍ (يَوْمَ، اِذٍ) يَوْمَ، مضاف، دن، اِذٍ، مضاف الیہ، اس (اس دن)
يُوَفِّيْهِمُ (يُوَفِّيْ، هِمْ) يُوَفِّيْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب وَفّٰى يُوَفِّيْ، مصدر تَوْفِيَةٌ، پورا پورا دینا، وہ پورا پورا دے گا، هِمْ، ضمیر جمع مذخر غائب، انہیں (وہ انہیں پورا پورا دے گا) اَللّٰهُ (اللہ)
دِيْنَهُمُ (دِيْنَ، هُمْ) دِيْنَ، مضاف، جزا، بدلہ دینا، اطاعت کرنا، مصدر ہے، جمع، اَدْيَانٌ،
هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کا (ان کا بدلہ) اَلْحَقَّ، وہ فعل جو اسی طرح واقع ہو جس طرح اس کا ہونا ضروری ہے (ٹھیک) وَ، حرف عطف (اور) يَعْلَمُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا (وہ جان لیں گے) اَنَّ اللّٰهَ (اَنَّ، اَللّٰهَ) اَنَّ، حرف مشبہ بالفعل، کہ بے شک، اَللّٰهَ، اللہ (کہ بے شک اللہ) هُوَ، ضمیر منفصلہ واحد مذکر غائب (وہ) اَلْحَقُّ (بر حق، سچا)
اَلْمُبِيْنُ، اِبَانَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (ظاہر کرنے والا)

اَلْخَبِيْثٰتُ لِلْخَبِيْثِيْنَ وَ الْخَبِيْثُوْنَ لِلْخَبِيْثٰتِ ۚ	خبیث عورتیں خبیث مردوں کیلئے ہیں اور خبیث مرد خبیث عورتوں کیلئے ہیں

اَلْخَبِيْثٰتُ، خُبْثٌ، مصدر سے صفت مشبہ جمع مؤنث (ناپاک عورتیں، خبیث عورتیں) واحد، خَبِيْثَةٌ،
لِلْخَبِيْثِيْنَ (لِ، اَلْخَبِيْثِيْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلْخَبِيْثِيْنَ، مجرور، خُبْثٌ، مصدر سے صفت مشبہ،

ناپاک مردوں، خبیث مردوں (خبیث مردوں کیلئے) وَ، حرف عطف (اور)

اَلۡخَبِیۡثُوۡنَ، خُبۡثٌ، مصدر سے صفت مشبہ جمع مذکر بحالت رفعی (خبیث مردوں، ناپاک مردوں)

لِلۡخَبِیۡثٰتِ (لِ، اَلۡخَبِیۡثٰتِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلۡخَبِیۡثٰتِ، مجرور، خُبۡثٌ، مصدر سے صفت مشبہ جمع مؤنث (ناپاک عورتیں، خبیث عورتیں) واحد، خَبِیۡثَۃٌ (خبیث عورتوں کیلئے)

وَالطَّیِّبٰتُ لِلطَّیِّبِیۡنَ وَالطَّیِّبُوۡنَ لِلطَّیِّبٰتِ ۚ	اور پاکیزہ عورتیں پاکیزہ مردوں کیلئے ہیں اور پاکیزہ مرد پاکیزہ عورتوں کیلئے ہیں

وَ، حرف عطف (اور) اَلطَّیِّبٰتُ، طِیۡبًا، مصدر سے صفت مشبہ جمع مؤنث (پاک عورتیں، پاکیزہ عورتیں) واحد، طَیِّبَۃٌ، لِلطَّیِّبِیۡنَ (لِ، اَلطَّیِّبِیۡنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلطَّیِّبِیۡنَ، مجرور، طِیۡبًا، مصدر سے صفت مشبہ جمع مذکر (پاک مردوں، پاکیزہ مردوں) واحد، طَیِّبٌ (پاکیزہ مردوں کیلئے) وَ، حرف عطف (اور)

اَلطَّیِّبُوۡنَ، طِیۡبًا، مصدر سے صفت مشبہ جمع مذکر (پاک مردوں، پاکیزہ مردوں) واحد، طَیِّبٌ،

لِلطَّیِّبٰتِ (لِ۔ اَلطَّیِّبٰتِ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلطَّیِّبٰتِ، مجرور، طِیۡبًا، مصدر سے صفت مشبہ جمع مؤنث، پاک عورتیں، پاکیزہ عورتیں، واحد، طَیِّبَۃٌ (پاکیزہ عورتوں کیلئے)

اُولٰٓئِكَ مُبَرَّءُوۡنَ مِمَّا یَقُوۡلُوۡنَ ؕ	یہ لوگ ان (تہمتوں) سے بری کئے ہوئے ہیں جو وہ کہتے ہیں

اُولٰٓئِكَ، اسم اشارہ جمع مذکر بعید (یہ لوگ)

مُبَرَّءُوۡنَ، تَبۡرِئَۃٌ، مصدر سے اسم مفعول جمع مذکر (مبّرا، بری کئے ہوئے)

مِمَّا (مِنۡ۔ مَا) مِنۡ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (ان سے جو)

یَقُوۡلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب قَالَ یَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (وہ کہتے ہیں)

لَهُمۡ مَّغۡفِرَةٌ وَّرِزۡقٌ كَرِیۡمٌ ﴿۲۶﴾ ۧ	ان کیلئے بخشش اور باعزت رزق ہے

ع ۳ ۹

لَهُمۡ (لَ، هُمۡ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)

مَغۡفِرَةٌ، مصدر (بخشش) وَ، حرف عطف (اور) رِزۡقٌ كَرِيۡمٌ (رِزۡقٌ، كَرِيۡمٌ) رِزۡقٌ، موصوف، مصدر، رزق، كَرِيۡمٌ، صفت، كَرَمٌ، سے صفت مشبہ، بہت عزت والا، باعزت (باعزت رزق)

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لَا تَدۡخُلُوۡا بُيُوۡتًا غَيۡرَ بُيُوۡتِكُمۡ حَتّٰى تَسۡتَاۡنِسُوۡا وَ تُسَلِّمُوۡا عَلٰٓى اَهۡلِهَا ؕ	اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو! اپنے گھروں کے علاوہ (دوسرے) گھروں میں مت داخل ہوا کرو یہاں تک کہ تم اجازت لے لو اور تم ان کے رہنے والوں پر سلام کرو

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا، يٰۤاَيُّهَا، يَا، حرف ندا، اے، اَيُّهَا، جب منادی میں ال داخل ہو تو مذکر کیلئے، یا کے ساتھ اَيُّهَا بڑھادیتے ہیں، الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا، منادی، الَّذِيۡنَ، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگو جو،

اٰمَنُوۡا، فعل ماضی جمع مذکر غائب اٰمَنَ يُؤۡمِنُ، مصدر اِيۡمَانًا، ایمان لانا، ایمان لائے ہو (اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہو) لَا تَدۡخُلُوۡا، فعل نہی جمع مذکر حاضر دَخَلَ يَدۡخُلُ، مصدر دُخُوۡلًا، داخل ہونا (تم مت داخل ہوا کرو) بُيُوۡتًا (گھروں) واحد، بَيۡتٌ، غَيۡرَ (سوا، علاوہ)

بُيُوۡتِكُمۡ (بُيُوۡتِ، كُمۡ) بُيُوۡتِ، مضاف، گھروں، واحد، بَيۡتٌ، كُمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے گھروں کے) حَتّٰى، حرف جار وغایت (یہاں تک کہ)

تَسۡتَاۡنِسُوۡا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اِسۡتَاۡنَسَ يَسۡتَاۡنِسُ، مصدر اِسۡتِيۡنَاسٌ، انس پیدا کرنا، اجازت لینا، رضا لینا (تم اجازت لے لو) وَ، حرف عطف (اور)

تُسَلِّمُوۡا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر سَلَّمَ يُسَلِّمُ مصدر تَسۡلِيۡمًا، آداب بجالانا، سلام کرنا (تم سلام کر لو) عَلٰٓى اَهۡلِهَا (عَلٰى، اَهۡلِ، هَا) عَلٰى، حرف جار، پر، اَهۡلِ، مجرور، مضاف، رہنے والے، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کے، ضمیر کا مرجع بُيُوۡتِ ہے (ان کے رہنے والوں پر)

ذٰلِكُمۡ خَيۡرٌ لَّكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُوۡنَ ۝۲۷	یہی تمہارے لئے بہتر ہے تاکہ تم نصیحت حاصل کرو

ذٰلِكُمۡ، اسم اشارہ، كُمۡ، ضمیر جمع خطاب کیلئے ہے (یہ، یہی) خَيۡرٌ (بہتر، اچھا)

لَكُمْ (لَ، كُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

لَعَلَّكُمْ (لَعَلَّ، كُمْ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، شاید، كُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تاکہ تم)

تَذَكَّرُوْنَ، اصل میں، تَتَذَكَّرُوْنَ، تھا، ایک تا حذف ہے اختصار کیلئے، فعل مضارع جمع مذکر حاضر تَذَكَّرَ يَتَذَكَّرُ، مصدر تَذَكُّرٌ، نصیحت حاصل کرنا (تم نصیحت حاصل کرو)

فَاِنْ لَّمْ تَجِدُوْا فِيْهَآ اَحَدًا فَلَا تَدْخُلُوْهَا حَتّٰى يُؤْذَنَ لَكُمْ ۚ	پھر اگر تم ان میں کسی ایک کو نہ پاؤ تو تم ان میں مت داخل ہوا کرو یہاں تک کہ تم کو اجازت دی جائے

فَاِنْ (فَ۔ اِنْ) فَ، حرف عطف، پھر، اِنْ، شرطیہ، اگر (پھر اگر) لَمْ تَجِدُوْا، فعل مضارع منفی جحد بلم جمع مذکر حاضر وَجَدَ يَجِدُ، مصدر وِجْدَانًا، وُجُوْدًا، پانا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ (تم نہ پاؤ)

فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، بُيُوْتِ ہے (ان میں) اَحَدًا (کسی ایک کو) فَلَا تَدْخُلُوْهَا (فَ، لَا تَدْخُلُوْا، هَا) فَ، حرف عطف، تو، لَا تَدْخُلُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر دَخَلَ يَدْخُلُ، مصدر دُخُوْلٌ، داخل ہونا، تم مت داخل ہوا کرو، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس میں، ضمیر کا مرجع بُيُوْتِ ہے (تو تم ان میں مت داخل ہوا کرو) حَتّٰى، حرف جار وغایت (یہاں تک کہ) يُؤْذَنَ، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب اَذِنَ يَاْذَنُ، مصدر اِذْنٌ، اجازت دینا (اجازت دی جائے) لَكُمْ (لَ۔ كُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم کو)

وَ اِنْ قِيْلَ لَكُمُ ارْجِعُوْا فَارْجِعُوْا هُوَ اَزْكٰى لَكُمْ ۭ	اور اگر تم سے کہا جائے تم لوٹ جاؤ تو تم لوٹ جایا کرو وہ تمہارے لئے زیادہ پاکیزہ (بات) ہے

وَ، حرف عطف (اور) اِنْ، شرطیہ (اگر)

قِيْلَ، فعل ماضی مجہول واحد مذکر غائب قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (کہا جائے)

لَكُمْ (لَ۔ كُمْ) لَ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم سے)

اِرۡجِعُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر رَجَعَ یَرۡجِعُ، مصدر رُجُوۡعٌ، لوٹنا (تم لوٹ جاؤ)

فَارۡجِعُوۡا (فَ۔اِرۡجِعُوۡا) فَ، حرف عطف، تو، اِرۡجِعُوۡا، فعل امر جمع مذکر حاضر رَجَعَ یَرۡجِعُ، مصدر رُجُوۡعٌ، لوٹنا، تم لوٹ جایا کرو (توتم لوٹ جایا کرو) هُوَ، ضمیر واحد مذکر غائب (وہ)

اَزۡکٰی، زَکَآءٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ پاکیزہ)

لَکُمۡ (لَ، کُمۡ) لَ، حرف جار، لئے، کُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

وَاللّٰهُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ عَلِیۡمٌ ﴿۲۸﴾	اور اللہ اس کو جو تم عمل کرتے ہو خوب جاننے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

بِمَا (بِ۔مَا) بِ، حرف جار، کو، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس کو جو)

تَعۡمَلُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر عَمِلَ یَعۡمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا (تم عمل کرتے ہو)

عَلِیۡمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلۡمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

لَیۡسَ عَلَیۡکُمۡ جُنَاحٌ اَنۡ تَدۡخُلُوۡا بُیُوۡتًا غَیۡرَ مَسۡکُوۡنَةٍ فِیۡهَا مَتَاعٌ لَّکُمۡ ؕ	تم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم (ایسے) گھروں میں داخل ہو جاؤ کہ ان میں رہائش نہیں کی گئی (اور ان میں) تمہارے لئے فائدہ کی کوئی چیز ہو

لَیۡسَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب (وہ نہیں ہے) اس کا فعل مضارع اور فعل امر نہیں آتا۔

عَلَیۡکُمۡ (عَلٰی۔کُمۡ) عَلٰی، حرف جار، پر، کُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم پر)

جُنَاحٌ (کوئی گناہ) اَنۡ، مصدریہ (کہ)

تَدۡخُلُوۡا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر دَخَلَ یَدۡخُلُ، مصدر دُخُوۡلٌ، داخل ہونا (تم داخل ہو جاؤ)

بُیُوۡتًا (گھروں) واحد، بَیۡتٌ، غَیۡرَ مَسۡکُوۡنَةٍ، غَیۡرَ، مضاف، نہیں، غیر، مَسۡکُوۡنَةٍ، مضاف الیہ، سُکُوۡنًا،

مصدر سے اسم مفعول واحد مونث، رہائش کی گئی، آباد (نہیں رہائش کی گئی، غیر آباد)

فِيۡهَا (فِيۡ، هَا) فِيۡ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس ضمیر کا مرجع بُيُوۡتًا ہے (ان میں) مَتَاعٌ (فائدہ کی کوئی چیز، پونجی، سامان)

لَكُمۡ (لَ۔كُمۡ) لَ، حرف جار، لئے، كُمۡ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے لئے)

وَاللّٰهُ يَعۡلَمُ مَا تُبۡدُوۡنَ وَمَا تَكۡتُمُوۡنَ ﴿۲۹﴾	اور اللہ جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو تم چھپاتے ہو

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

يَعۡلَمُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب عَلِمَ يَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا (وہ جانتا ہے) مَا، اسم موصول (جو)

تُبۡدُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَبۡدٰى يُبۡدِىۡ، مصدر اِبۡدَآءٌ، ظاہر کرنا (تم ظاہر کرتے ہو)

وَ، حرف عطف (اور) مَا، اسم موصول (جو)

تَكۡتُمُوۡنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر كَتَمَ يَكۡتُمُ، مصدر كِتۡمَانٌ، چھپانا (تم چھپاتے ہو)

قُلۡ لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ يَغُضُّوۡا مِنۡ اَبۡصَارِهِمۡ وَ يَحۡفَظُوۡا فُرُوۡجَهُمۡ ؕ	آپ مومن مردوں سے کہہ دیجئے کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں

قُلۡ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوۡلُ، مصدر قَوۡلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ (لِ۔اَلۡمُؤۡمِنِيۡنَ) لِ، حرف جار، سے، اَلۡمُؤۡمِنِيۡنَ، مجرور، اِيۡمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ایمان والے، مومنوں، مومن مردوں، واحد، اَلۡمُؤۡمِنُ (مومن مردوں سے)

يَغُضُّوۡا، فعل مضارع جمع مذکر غائب بمعنی امر غَضَّ يَغُضُّ، مصدر غَضًّا، نیچی رکھنا (وہ نیچی رکھیں)

مِنۡ اَبۡصَارِهِمۡ (مِنۡ، اَبۡصَارِ، هِمۡ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اَبۡصَارِ، مجرور، مضاف، آنکھیں، نگاہیں، واحد، بَصَرٌ، هِمۡ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی نگاہیں)

وَ، حرف عطف (اور) يَحۡفَظُوۡا، فعل مضارع جمع مذکر غائب بمعنی امر حَفِظَ يَحۡفَظُ، مصدر حِفۡظًا، بچانا،

حفاظت کرنا (وہ حفاظت کریں) فُرُوْجَهُمْ (فُرُوْجَ۔هُمْ) فُرُوْجَ، مضاف، شرمگاہوں، واحد، فَرْجٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، اپنی (اپنی شرمگاہوں کی)

ذٰلِكَ اَزْكٰى لَهُمْ ؕ	یہ ان کیلئے زیادہ پاکیزہ (بات) ہے

ذٰلِكَ، اسم اشارہ واحد مذکر بعید (یہ، یہی) اَزْكٰى، زَكَاءٌ مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ پاکیزہ)

لَهُمْ (لَ۔هُمْ) لَ، حرف جار، کیلئے، هُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان کیلئے)

اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا يَصْنَعُوْنَ ۝۳۰	بے شک اللہ اس سے خوب باخبر ہے جو وہ کرتے ہیں

اِنَّ اللّٰهَ (اِنَّ، اَللّٰهَ) اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اللہ (بے شک اللہ)

خَبِيْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، خَبْرٌ، مصدر سے صفت مشبہ (خوب باخبر)

بِمَا (بِ۔مَا) بِ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جو (اس سے جو)

يَصْنَعُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب صَنَعَ يَصْنَعُ، مصدر صَنْعًا، کرنا، بنانا (وہ کرتے ہیں)

وَ قُلْ لِّلْمُؤْمِنٰتِ يَغْضُضْنَ مِنْ اَبْصَارِهِنَّ وَ يَحْفَظْنَ فُرُوْجَهُنَّ وَ لَا يُبْدِيْنَ زِيْنَتَهُنَّ اِلَّا مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَ لْيَضْرِبْنَ بِخُمُرِهِنَّ عَلٰى جُيُوْبِهِنَّ ۖ	اور آپ مومن عورتوں سے کہہ دیجئے کہ وہ اپنی نگاہیں نیچی رکھیں اور اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کریں اور وہ اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں سوائے اس کے جو اس میں سے ظاہر ہے اور چاہیے کہ وہ عورتیں اپنی اوڑھنیاں اپنے گریبانوں پر اوڑھے رکھا کریں

وَ، حرف عطف (اور) قُلْ، فعل امر واحد مذکر حاضر قَالَ يَقُوْلُ، مصدر قَوْلًا، کہنا (آپ کہہ دیجئے)

لِّلْمُؤْمِنٰتِ (لِ، اَلْمُؤْمِنٰتِ) لِ، حرف جار، سے، اَلْمُؤْمِنٰتِ، مجرور، اِيْمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث، ایمان والی عورتیں، مومن عورتوں، واحد، اَلْمُؤْمِنَةُ (مومن عورتوں سے)

يَغْضُضْنَ، فعل مضارع جمع مؤنث غائب بمعنی امر غَضَّ يَغُضُّ، مصدر غَضًّا، نیچی رکھنا (وہ عورتیں نیچی

رکھیں) مِنۡ اَبۡصَارِهِنَّ، مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، اَبۡصَارِ، مجرور، مضاف، آنکھیں، نگاہیں واحد، بَصَرٌ، هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنی (اپنی نگاہیں) وَ، حرف عطف (اور)

یَحۡفَظۡنَ، فعل مضارع جمع مؤنث غائب بمعنی امر حَفِظَ یَحۡفَظُ، مصدر حِفۡظًا، حفاظت کرنا (وہ عورتیں حفاظت کریں) فُرُوۡجَهُنَّ (فُرُوۡجَ، هُنَّ) فُرُوۡجَ، مضاف، شرمگاہوں، واحد، فَرۡجٌ، هُنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنی (اپنی شرمگاہوں کی) وَ، حرف عطف (اور)

لَایُبۡدِیۡنَ، فعل نہی جمع مؤنث غائب اَبۡدٰی یُبۡدِیۡ، مصدر اِبۡدَآءٌ، ظاہر کرنا (وہ عورتیں ظاہر نہ کریں) زِیۡنَتَهُنَّ (زِیۡنَتَ، هُنَّ) زِیۡنَتَ، مضاف، زینت، هُنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنی (اپنی زینت کو) اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوائے) مَا، اسم موصول (اس کے جو)

ظَهَرَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب ظَهَرَ یَظۡهَرُ، مصدر ظُهُوۡرًا، ظاہر کرنا (وہ ظاہر ہے)

مِنۡهَا (مِنۡ۔ هَا) مِنۡ، حرف جار، سے، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس (اس میں سے)

وَلۡیَضۡرِبۡنَ (وَ، لۡ، یَضۡرِبۡنَ) وَ، حرف عطف، اور، لۡ، لام امر، چاہیے کہ، یَضۡرِبۡنَ، فعل مضارع جمع مؤنث غائب ضَرَبَ یَضۡرِبُ، مصدر ضَرۡبًا، مارنا، اوڑھے رکھنا، وہ عورتیں اوڑھے رکھا کریں (اور چاہیے کہ وہ عورتیں اوڑھے رکھا کریں) بِخُمُرِهِنَّ (بِ، خُمُرِ، هِنَّ) بِ، حرف جار، کو، خُمُرِ، مجرور، مضاف، اوڑھنیاں، دوپٹے، خَمَرٌ، کے معنی ہیں پوشیدہ ہونا، واحد، خِمَارٌ، هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنی (اپنی اوڑھنیوں کو) عَلٰی جُیُوۡبِهِنَّ (عَلٰی، جُیُوۡبِ، هِنَّ) عَلٰی، حرف جار، پر، جُیُوۡبِ، مجرور، مضاف، گریبانوں، واحد، جَیۡبٌ، هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنے (اپنے گریبانوں پر)

وَ لَا یُبۡدِیۡنَ زِیۡنَتَهُنَّ اِلَّا لِبُعُوۡلَتِهِنَّ اَوۡ اٰبَآئِهِنَّ اَوۡ اٰبَآءِ بُعُوۡلَتِهِنَّ اَوۡ اَبۡنَآئِهِنَّ اَوۡ اَبۡنَآءِ بُعُوۡلَتِهِنَّ اَوۡ اِخۡوَانِهِنَّ اَوۡ بَنِیۡۤ	اور عورتیں اپنی زینت کو ظاہر نہ کریں سوائے اپنے شوہروں کے یا اپنے باپوں کے یا اپنے شوہروں کے باپوں یا اپنے بیٹوں یا اپنے شوہروں کے بیٹوں یا اپنے بھائیوں یا

اِخۡوَانِهِنَّ اَوۡ بَنِىۡۤ اَخَوٰتِهِنَّ اَوۡ نِسَآٮِٕهِنَّ اَوۡ مَا مَلَـكَتۡ اَيۡمَانُهُنَّ اَوِ التّٰبِعِيۡنَ غَيۡرِ اُولِى الۡاِرۡبَةِ مِنَ الرِّجَالِ اَوِ الطِّفۡلِ الَّذِيۡنَ لَمۡ يَظۡهَرُوۡا عَلٰى عَوۡرٰتِ النِّسَآءِ ۖ	اپنے بھائیوں کے بیٹوں یا اپنی بہنوں کے بیٹوں یا اپنی عورتوں یا جن کے ان عورتوں کے دائیں ہاتھ مالک بنے ہیں (زرخرید لونڈی اور غلام) یا تابع رہنے والوں (خدمت گار) مردوں میں سے جو شہوت والے نہیں یا وہ بچے جو عورتوں کی چھپی باتوں سے واقف نہ ہوں

وَ، حرف عطف (اور) لَا يُبۡدِيۡنَ، فعل نہی جمع مؤنث غائب اَبۡدٰى يُبۡدِىۡ، مصدر اِبۡدَآءٌ، ظاہر کرنا، (وہ عورتیں ظاہر نہ کریں) زِيۡنَتَهُنَّ (زِيۡنَتَ۔ هُنَّ) زِيۡنَتَ، مضاف، زینت، هُنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنی (اپنی زینت کو) اِلَّا، حرف استثنا (مگر، سوائے)

لِبُعُوۡلَتِهِنَّ (لِ، بُعُوۡلَتِ، هِنَّ) لِ، حرف جار، کے، بُعُوۡلَتِ، مجرور، مضاف، خاوندوں، شوہروں، واحد، بَعۡلٌ، هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنے (اپنے شوہروں کے) اَوۡ، حرف عطف (یا) اٰبَآٮِٕهِنَّ (اٰبَآءِ۔ هِنَّ) اٰبَآءِ، مضاف، باپوں، واحد، اَبٌ، هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنے (اپنے باپوں) اَوۡ، حرف عطف (یا) اٰبَآءِ بُعُوۡلَتِهِنَّ (اٰبَآءِ، بُعُوۡلَتِهِنَّ) اٰبَآءِ، مضاف، باپوں، واحد، اَبٌ، بُعُوۡلَتِهِنَّ، مضاف الیہ، اپنے شوہروں کے (اپنے شوہروں کے باپوں، سسروں) اَوۡ، حرف عطف (یا) اَبۡنَآٮِٕهِنَّ (اَبۡنَآءِ۔ هِنَّ) اَبۡنَآءِ، مضاف، بیٹوں، واحد، اِبۡنٌ، هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنے (اپنے بیٹوں) اَوۡ، حرف عطف (یا) اَبۡنَآءِ بُعُوۡلَتِهِنَّ، اَبۡنَآءِ، مضاف، بیٹوں، واحد اِبۡنٌ، بُعُوۡلَتِهِنَّ، مضاف الیہ، اپنے شوہروں کے (اپنے شوہروں کے بیٹے) اَوۡ، حرف عطف (یا)

اِخۡوَانِهِنَّ (اِخۡوَانِ۔ هِنَّ) اِخۡوَانِ، مضاف، بھائیوں، واحد، اَخٌ، هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنے (اپنے بھائیوں) اَوۡ، حرف عططف (یا)

بَنِىۡۤ اِخۡوَانِهِنَّ، بَنِىۡ، مضاف، اصل، بَنِيۡنَ، تھا، اضافت کی وجہ سے جمع کا نون گر گیا، بیٹوں، واحد، اِبۡنٌ،

اِخْوَانِهِنَّ، مضاف الیہ، اپنے بھائیوں کے (اپنے بھائیوں کے بیٹوں، بھتیجوں) اَوْ، حرف عطف (یا)
بَنِیْٓ اَخَوٰتِهِنَّ (بَنِیْ، اَخَوٰتِ، هِنَّ) بَنِیْ، مضاف، اصل میں، بَنِیْنَ، تھا، اضافت کی وجہ سے جمع کا نون گر گیا، بیٹوں، واحد، اِبْنٌ، اَخَوٰتِ، مضاف الیہ مضاف، بہنوں، واحد، اُخْتٌ، هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنی (اپنی بہنوں کے بیٹوں، بھانجوں) اَوْ، حرف عطف (یا)
نِسَآئِهِنَّ (نِسَآءِ، هِنَّ) نِسَآءِ، مضاف، عورتوں، واحد، اِمْرَاَةٌ،
هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، اپنی (اپنی عورتوں) اَوْ، حرف عطف (یا) مَا، اسم موصول (جو)
مَلَكَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب مَلَكَ يَمْلِكُ، مصدر مِلْكٌ، مالک بننا (مالک بنا ہے)
اَيْمَانُهُنَّ (اَيْمَانُ، هُنَّ) اَيْمَانُ، مضاف، دائیں ہاتھ، واحد، يَمِيْنٌ، دایاں ہاتھ، هُنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان عورتوں کے (ان عورتوں کے دائیں ہاتھ) اَوِ، حرف عطف (یا)
اَلتّٰبِعِيْنَ، تَبْعًا وَّ تَبَاعًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، ساتھ رہنے والے، تابع رہنے والے، طفیلیوں کے طور رہنے والے، بطور طفیلی بچا کچا کھانے کو پیچھے ہولیں، غَيْرِ اُولِي الْاِرْبَةِ (غَيْرِ، اُولِي الْاِرْبَةِ) غَيْرِ، مضاف، نہیں، اُولِي الْاِرْبَةِ، مضاف الیہ، اُولِيْ، مضاف، والے، اَلْاِرْبَةِ، مضاف الیہ، غرض، حاجت، ایسی سخت حاجت جسے دور کرنے کیلئے تدبیر سے کام لینا پڑے، اِرْبَةِ، سے مراد نکاح کی حاجت، شہوت (شہوت والے نہیں) مِنَ الرِّجَالِ (مِنْ، اَلرِّجَالِ) مِنْ، حرف جار، سے، اَلرِّجَالِ، مجرور، مردوں، واحد، رَجُلٌ (مردوں میں سے) اَوِ، حرف عطف (یا) اَلطِّفْلِ، لڑکا، بچہ واحد ہے، جمع کیلئے بھی استعمال ہوتا ہے کیونکہ یہ اسم جنس ہے (بچے) جمع، اَطْفَالٌ، اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ جو) لَمْ يَظْهَرُوْا، فعل مضارع مجزوم، منفی جحد بلم جمع مذکر غائب ظَهَرَ يَظْهَرُ، مصدر ظُهُوْرًا، ظاہر ہونا، واضح ہونا، واقف ہونا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ واقف نہ ہو) عَلٰى عَوْرٰتِ النِّسَآءِ (عَلٰى، عَوْرٰتِ، اَلنِّسَآءِ) عَلٰى، حرف جار، پر، عَوْرٰتِ، مجرور، مضاف، چھپی باتیں، پردہ کی باتیں، واحد، عَوْرَةٌ، مرد اور عورت کی

شرمگاہ،اَلنِّسَآءِ، مضاف الیہ، عورتوں کی، واحد اِمۡرَاَۃٌ، (عورتوں کی چھپی باتوں پر)

وَلَا یَضۡرِبۡنَ بِاَرۡجُلِهِنَّ لِیُعۡلَمَ مَا یُخۡفِیۡنَ مِنۡ زِیۡنَتِهِنَّ ؕ	اور وہ عورتیں اپنے پاؤں کو (زمین پر) نہ مارا کریں تاکہ ان کی وہ زینت معلوم ہو جو وہ چھپاتی ہیں

وَ، حرف عطف (اور) لَا یَضۡرِبۡنَ، فعل نہی جمع مؤنث غائب ضَرَبَ یَضۡرِبُ، مصدر ضَرۡبًا، مارنا (وہ عورتیں نہ مارا کریں) بِاَرۡجُلِهِنَّ (بِ۔اَرۡجُلِ۔هِنَّ) بِ، حرف جار، کو، اَرۡجُلِ، مجرور مضاف، پاؤں، واحد رِجۡلٌ، هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مونث غائب، اپنے (اپنے پاؤں کو)

لِیُعۡلَمَ (لِ۔یُعۡلَمَ) لِ، لام تعلیل، تاکہ، یُعۡلَمَ، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب عَلِمَ یَعۡلَمُ، مصدر عِلۡمًا، جاننا، معلوم ہونا، وہ معلوم ہو (تاکہ وہ معلوم ہو) مَا، اسم موصول (جو)

یُخۡفِیۡنَ، فعل مضارع جمع مؤنث غائب اَخۡفٰی یُخۡفِیۡ، مصدر اِخۡفَآءٌ، چھپانا (وہ چھپاتی ہیں)

مِنۡ زِیۡنَتِهِنَّ (مِنۡ، زِیۡنَتِ، هِنَّ) مِنۡ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، زِیۡنَتِ، مجرور، مضاف، زینت، هِنَّ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان کی (ان کی زینت)

وَتُوۡبُوۡۤا اِلَی اللّٰهِ جَمِیۡعًا اَیُّهَ الۡمُؤۡمِنُوۡنَ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ ﴿۳۱﴾	اور اے ایمان والو! تم سب اللہ کی طرف توبہ کرو تاکہ تم فلاح پا جاؤ

وَ، حرف عطف (اور) تُوۡبُوۡۤا، فعل امر جمع مذکر حاضر تَابَ یَتُوۡبُ، مصدر تَوۡبَۃٌ، توبہ کرنا (تم توبہ کرو)

اِلَی اللّٰهِ (اِلٰی، اَللّٰهِ) اِلٰی، حرف جار، کی طرف، اَللّٰهِ، مجرور، اللہ (اللہ کی طرف)

جَمِیۡعًا، جَمۡعٌ سے بمعنی مفعول (سب، سارے) اَیُّهَ، عموماً، اَیُّهَا، استعمال ہوتا ہے جب منادیٰ میں اَلۡ، داخل ہو تو مذکر کیلئے، یَا، کے ساتھ، اَیُّهَا، بڑھا دیا جاتا ہے، بعض اوقات، یَا، حرف ندا (اے) کو حذف بھی کر دیا جاتا ہے، اَلۡمُؤۡمِنُوۡنَ، منادیٰ، اِیۡمَانًا، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر (ایمان والو، مومنو) واحد، اَلۡمُؤۡمِنُ، لَعَلَّكُمۡ (لَعَلَّ، كُمۡ) لَعَلَّ، حرف مشبہ بالفعل، تاکہ، كُمۡ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تاکہ تم)

تُفْلِحُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اَفْلَحَ یُفْلِحُ، مصدر اِفْلَاحٌ، فلاح پانا (تم فلاح پا جاؤ)

وَ اَنْكِحُوا الْاَيَامٰى مِنْكُمْ وَ الصّٰلِحِيْنَ مِنْ عِبَادِكُمْ وَ اِمَآئِكُمْ ؕ	اور تم اپنے میں سے بے نکاح (مردوں، عورتوں) اور اپنے غلاموں اور اپنی لونڈیوں میں سے (جو) نیک ہیں ان کے نکاح کر دو

وَ، حرف عطف (اور) اَنْكِحُوا، فعل امر جمع مذکر حاضر اَنْكَحَ يُنْكِحُ، مصدر اِنْكَاحٌ، نکاح کر دینا (تم نکاح کر دو) اَلْاَيَامٰى، بغیر بیوی والے مرد، بغیر شوہر والی عورتیں، خواہ عورتیں کنواری ہوں یا بیوہ، واحد، اَيِّمٌ (بے نکاح (مردوں عورتوں)) مِنْكُمْ (مِنْ۔ كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے، (اپنے میں سے) وَ، حرف عطف (اور)

اَلصّٰلِحِيْنَ، صَلَاحٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، نیک، صالح، واحد، صَالِحٌ،

مِنْ عِبَادِكُمْ (مِنْ، عِبَادِ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، عِبَادِ، مجرور، مضاف، بندوں، غلاموں، واحد، عَبْدٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنے (اپنے غلاموں میں سے)

وَ، حرف عطف (اور) اِمَآئِكُمْ (اِمَآءِ، كُمْ) اِمَآءِ، مضاف، لونڈیوں، واحد، اَمَةٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنی (اپنی لونڈیوں)

اِنْ يَّكُوْنُوْا فُقَرَآءَ يُغْنِهِمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ	اگر وہ محتاج ہوں گے تو اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی کر دے گا

اِنْ، شرطیہ جازمہ (اگر) يَكُوْنُوْا، فعل مضارع مجزوم جمع مذکر غائب كَانَ يَكُوْنُ، مصدر كَوْنًا، ہونا (وہ ہوں گے) فُقَرَآءَ (فقیروں، محتاجوں) واحد، فَقِيْرٌ،

يُغْنِهِمُ اللّٰهُ (يُغْنِ، هِمْ، اَللّٰهُ) يُغْنِ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَغْنٰى يُغْنِىْ، مصدر اِغْنَآءٌ، مالدار بنانا، غنی کر دینا، وہ غنی کر دے گا، هِمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں، اَللّٰهُ، اللہ (اللہ انہیں غنی کر دے گا)

مِنْ فَضْلِهٖ (مِنْ ،فَضْلِ، ہٖ) مِنْ، حرف جار، سے ،فَضْلِ، مجرور، مضاف، فضل،
ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے فضل سے)

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝۳۲	اور اللہ وسعت والا، خوب جاننے والا ہے

وَ اللّٰهُ، وَ، حرف عطف، اور، اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام، اللہ (اور اللہ)
وَاسِعٌ، اللہ کا صفاتی نام، سَعَةٌ، مصدر سے اسم فاعل واحد مذکر (وسعت والا)
عَلِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

وَ لْيَسْتَعْفِفِ الَّذِيْنَ لَا يَجِدُوْنَ نِكَاحًا حَتّٰى يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ مِنْ فَضْلِهٖ ؕ	اور چاہیے کہ وہ لوگ پاکدامن رہیں جو نکاح (کی طاقت) نہیں پاتے یہاں تک کہ اللہ انہیں اپنے فضل سے غنی کر دے

وَ لْيَسْتَعْفِفِ (وَ، لْ، يَسْتَعْفِفِ) وَ، حرف عطف، اور، لْ، لام امر جازم، چاہیے کہ،
يَسْتَعْفِفِ، فعل مضارع مجزوم واحد مذکر غائب بمعنی امر اِسْتَعَفَّ يَسْتَعِفُّ، مصدر اِسْتِعْفَافٌ،
پاکدامن رہنا، گناہ سے بچنا (چاہیے کہ وہ پاکدامن رہیں) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)
لَا يَجِدُوْنَ، فعل مضارع منفی جمع مذکر غائب وَجَدَ يَجِدُ، مصدر وِجْدَانًا، پانا (وہ نہیں پاتے)
نِكَاحًا، مصدر (نکاح) حَتّٰى، حرف جار و غایت (یہاں تک کہ)
يُغْنِيَهُمُ اللّٰهُ (يُغْنِيَ۔ هُمْ۔ اَللّٰهُ) يُغْنِيَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَغْنٰى يُغْنِيْ، مصدر اِغْنَآءٌ،
غنی کرنا، مالدار بنانا، وہ غنی کر دے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں، اَللّٰهُ، اللہ (اللہ انہیں غنی کر دے)
مِنْ فَضْلِهٖ (مِنْ۔ فَضْلِ۔ ہٖ) مِنْ، حرف جار، سے، فَضْلِ، مجرور، مضاف، فضل،
ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے فضل سے)

وَالَّذِيْنَ يَبْتَغُوْنَ الْكِتٰبَ مِمَّا	اور وہ لوگ جو مکاتبت (آزادی کی تحریر) چاہتے ہیں ان میں

مَلَكَتْ اَيْمَانُكُمْ فَكَاتِبُوْهُمْ اِنْ عَلِمْتُمْ فِيْهِمْ خَيْرًا	سے جن کے تمہارے دائیں ہاتھ مالک ہوئے تو تم ان سے مکاتبت (تحریر) کر لو اگر تم ان میں کوئی بھلائی معلوم کرو

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جو)

يَبْتَغُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب اِبْتَغٰى يَبْتَغِيْ، مصدر اِبْتِغَآءٌ، چاہنا، تلاش کرنا (وہ چاہتے ہیں)

اَلْكِتٰبَ، آزادی کی تحریر، مکاتبت، اصلاح شریعت میں غلام اور آقا کے درمیان اس معاہدہ کو کہتے ہیں جس میں غلام اپنے مالک سے کہے کہ میں اتنی مدت میں اتنی رقم ادا کر دوں گا یا فلاں خدمت کے عوض مجھے آزاد کیا جائے، معاہدہ کرنے والا غلام مکاتب کہلائے گا،

مِمَّا (مِنْ۔مَا) مِنْ، حرف جار، سے، مَا، مجرور، اسم موصول، جن کے (ان میں سے جن کے)

مَلَكَتْ، فعل ماضی واحد مؤنث غائب مَلَكَ يَمْلِكُ، مصدر مِلْكًا، مالک ہونا (وہ مالک ہوا)

اَيْمَانُكُمْ (اَيْمَانُ۔كُمْ) اَيْمَانُ، مضاف، دائیں ہاتھ، واحد، يَمِيْنٌ، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہارے (تمہارے دائیں ہاتھ)

فَكَاتِبُوْهُمْ (فَ۔كَاتِبُوْا۔هُمْ) فَ، حرف عطف، تو، كَاتِبُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر كَاتَبَ يُكَاتِبُ، مصدر مُكَاتَبَةٌ، مکاتبت کرنا، لکھ کر دینا، تم لکھ کر دو، تم مکاتبت کر لو، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں، ان (تم انہیں لکھ کر دو، تو تم ان سے مکاتبت کر لو) اِنْ، شرطیہ (اگر)

عَلِمْتُمْ، فعل ماضی جمع مذکر حاضر عَلِمَ يَعْلَمُ، مصدر عِلْمًا، جاننا، معلوم کرنا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ (تم معلوم کرو) فِيْهِمْ (فِيْ۔هِمْ) فِيْ، حرف جار، میں، هِمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر غائب، ان (ان میں)

خَيْرًا (کوئی بھلائی، نیکی)

وَّاٰتُوْهُمْ مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ الَّذِيْٓ اٰتٰىكُمْ ؕ	اور تم انہیں اللہ کے مال میں سے دو جو اس نے تمہیں دیا

وَ، حرف عطف (اور) اٰتُوْهُمْ (اٰتُوْا، هُمْ) اٰتُوْا، فعل امر جمع مذکر حاضر اٰتٰى يُؤْتِيْ، مصدر اِيْتَآءٌ، دینا، تم دو، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (تم انہیں دو)

مِّنْ مَّالِ اللّٰهِ (مِنْ، مَالِ، اَللّٰهِ) مِنْ، حرف جار، سے، مَالِ، مجرور، مضاف، مال، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے مال سے) اَلَّذِیْ، اسم موصول (جو)

اٰتٰىكُمْ (اٰتٰی۔ کُمْ) اٰتٰی، فعل ماضی واحد مذکر غائب اٰتٰی یُؤْتِیْ، مصدر اِیْتَآءٌ، دینا، اس نے دیا ہے، کُمْ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہیں (اس نے تمہیں دیا)

وَلَا تُكْرِهُوْا فَتَيٰتِكُمْ عَلَى الْبِغَآءِ اِنْ اَرَدْنَ تَحَصُّنًا لِّتَبْتَغُوْا عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ؕ	اور تم اپنی لونڈیوں کو بدکاری پر مجبور نہ کرو اگر وہ پاکدامن رہنا چاہیں تاکہ تم دنیوی زندگی کا سامان طلب کرو

وَ، حرف عطف (اور) لَا تُكْرِهُوْا، فعل نہی جمع مذکر حاضر اَكْرَهَ يُكْرِهُ، مصدر اِكْرَاهٌ، مجبور کرنا، جبر کرنا، (تم مجبور نہ کرو) فَتَيٰتِكُمْ (فَتَيَاتِ۔ کُمْ) فَتَيَاتِ، مضاف، لونڈیوں، واحد، فَتَاةٌ، کُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، اپنی (اپنی لونڈیوں کو)

عَلَى الْبِغَآءِ (عَلٰی، اَلْبِغَآءِ) عَلٰی، حرف جار، پر، اَلْبِغَآءِ، مجرور، اَلْبِغَآءِ، کے معنی ہیں، حد سے تجاوز کرنا، چونکہ زنا حد سے تجاوز ہے اس لئے عام طور پر بِغَآءٌ، کے معنی، زناکاری کے آتے ہیں، زناکاری، بدکاری، (بدکاری پر) اِنْ، شرطیہ (اگر) اَرَدْنَ، فعل ماضی جمع مؤنث غائب اَرَادَ يُرِيْدُ، مصدر اِرَادَةٌ، چاہنا، اِنْ، کی وجہ سے ترجمہ (وہ عورتیں (لونڈیاں) چاہیں) تَحَصُّنًا، مصدر ہے، اس کے معنی ہیں قلعہ بند ہونا، پھر ہر طرح کی حفاظت کیلئے استعمال ہونے لگا (پاکدامن رہنا) لِّتَبْتَغُوْا (لِ۔ تَبْتَغُوْا) لِ، لام تعلیل، تاکہ، تَبْتَغُوْا، فعل مضارع جمع مذکر حاضر اِبْتَغٰی يَبْتَغِيْ، مصدر اِبْتِغَآءٌ، چاہنا، طلب کرنا، تلاش کرنا (تاکہ تم طلب کرو) عَرَضَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا (عَرَضَ، اَلْحَيٰوةِ، اَلدُّنْيَا) عَرَضَ، اصل میں، عَرَضًا، ہے، اضافت کی وجہ سے، عَرَضَ، ہے، مضاف، عارضی فائدہ، متاع، سامان، اَلْحَيٰوةِ، مضاف الیہ، موصوف، زندگی کا، اَلدُّنْيَا، صفت، دنیا، دنیوی، دنیاوی (دنیوی زندگی کا سامان)

وَ مَنْ يُّكْرِهْهُّنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝	اور جو انہیں مجبور کرے گا تو بے شک اللہ ان کے مجبور کئے جانے کے بعد بہت بخشنے والا، بہت رحم کرنے والا ہے

وَ مَنْ (وَ،مَنْ) وَ، حرف عطف، اور، مَنْ، شرطیہ جازم، اسم موصول، جو (اور جو)

يُّكْرِهْهُّنَّ (يُكْرِهْ،هُنَّ) يُكْرِهْ، فعل مضارع مجزوم واحد مذکر غائب اَكْرَهَ يُكْرِهُ، مصدر اِكْرَاهٌ، مجبور کرنا، وہ مجبور کرے گا، هُنَّ، ضمیر جمع مؤنث غائب، ان عورتوں کو، انہیں (وہ انہیں مجبور کرے گا)

فَاِنَّ اللّٰهَ (فَ،اِنَّ،اَللّٰهَ) فَ، حرف عطف، تو، اِنَّ، حرف مشبہ بالفعل، بے شک، اَللّٰهَ، اللہ (تو بے شک اللہ)

مِنْۢ بَعْدِ اِكْرَاهِهِنَّ (مِنْ،بَعْدِ،اِكْرَاهِ،هِنَّ) مِنْ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، بَعْدِ، مجرور، مضاف، بعد، اِكْرَاهِ، مضاف الیہ، مضاف مصدر، بمعنی مفعول، مجبور کئے جانے، هِنَّ، مضاف الیہ ضمیر جمع مؤنث غائب، ان کے (ان کے مجبور کئے جانے کے بعد)

غَفُوْرٌ، اللہ کا صفاتی نام، غُفْرَانٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت بخشنے والا)

رَحِيْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، رَحْمَةٌ، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (بہت رحم کرنے والا)

وَ لَقَدْ اَنْزَلْنَاۤ اِلَيْكُمْ اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ وَّ مَثَلًا مِّنَ الَّذِيْنَ خَلَوْا مِنْ قَبْلِكُمْ وَ مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ ۝	اور بلا شبہ یقیناً ہم نے تمہاری طرف واضح آیات نازل کی ہیں اور ان لوگوں کی مثالیں جو تم سے پہلے گزر چکے اور پرہیزگاروں کیلئے نصیحت

ع ۱۰

وَ، حرف عطف (اور) لَقَدْ (لَ-قَدْ) لَ، لام تاکید، بلا شبہ، قَدْ، حرف تحقیق، یقیناً (بلا شبہ یقیناً)

اَنْزَلْنَا، فعل ماضی جمع متکلم اَنْزَلَ يُنْزِلُ، مصدر اِنْزَالًا، اتارنا، نازل کرنا (ہم نے نازل کی ہیں)

اِلَيْكُمْ (اِلٰى-كُمْ) اِلٰى، حرف جار، طرف، كُمْ، مجرور، ضمیر جمع مذکر حاضر، تمہاری (تمہاری طرف)

اٰيٰتٍ مُّبَيِّنٰتٍ، اٰيٰتٍ، موصوف، آیات، واحد، اٰيَةٌ، مُبَيِّنٰتٍ، صفت، تَبْيِيْنٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مؤنث، کھول کر بیان کرنے والی، واضح، کھلی، واحد، مُبَيِّنَةٌ (واضح آیات)

وَ، حرف عطف (اور) مَثَلًا (مثال)

مِّنَ الَّذِيْنَ، مِنْ، حرف جار، سے، اَلَّذِيْنَ، مجرور، اسم موصول جمع مذکر، وہ لوگ جو (ان لوگوں سے جو)

خَلَوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب خَلَا يَخْلُوْ، مصدر خُلُوًّا وَّ خَلَآءً، گزرنا (وہ گزر چکے)

مِنْ قَبْلِكُمْ (مِنْ، قَبْلِ، كُمْ) مِنْ، حرف جار، سے، قَبْلِ، مجرور، مضاف، قبل، پہلے، كُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر حاضر، تم (تم سے پہلے) وَ، حرف عطف (اور)

مَوْعِظَةً، اسم معرفہ اسم مصدر (ایسی نصیحت کہ جس میں ڈر شامل ہو)

لِّلْمُتَّقِيْنَ (لِ، اَلْمُتَّقِيْنَ) لِ، حرف جار، کیلئے، اَلْمُتَّقِيْنَ، مجرور، اِتِّقَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل جمع مذکر، متقیوں، ڈرنے والے، پرہیز گاروں (پرہیز گاروں کیلئے)

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ	اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے

اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ) نُوْرُ السَّمٰوٰتِ (نُوْرُ، اَلسَّمٰوٰتِ) نُوْرُ، مضاف، نور، اَلسَّمٰوٰتِ، مضاف الیہ، آسمانوں کا، واحد، اَلسَّمَآءِ (آسمانوں کا نور) وَ، حرف عطف (اور) اَلْاَرْضِ (زمین)

مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ ؕ	اس کے نور کی مثال طاق کی مانند ہے اس (طاق) میں ایک چراغ ہے

مَثَلُ (مثال) نُوْرِهٖ، نُوْرِ، مضاف، نور، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے نور کی)

كَمِشْكٰوةٍ (كَ، مِشْكٰوةٍ) كَ، حرف تشبیہ و جار، مانند، مِشْكٰوةٍ، مجرور، اسم، وہ طاق جس میں چراغ رکھتے ہیں جو دیوار کے آر پار نہ ہو بلکہ سامنے کی طرف کھلی ہوئی ہو اور دیوار کے اندر ہو (طاق کی مانند)

فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، مِشْكٰوةٍ ہے، (اس میں) مِصْبَاحٌ، اسم آلہ مفرد (چراغ) جمع، مَصَابِيْحُ،

اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ؕ	چراغ ایک شیشے (فانوس) میں ہے

اَلْمِصْبَاحُ (چراغ) فِيْ زُجَاجَةٍ (فِيْ، زُجَاجَةٍ) فِيْ، حرف جار، میں، زُجَاجَةٍ، مجرور، ایک شیشہ، فانوس،

جمع، زُجَاجٌ (ایک شیشہ (فانوس) میں)

اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ وَّلَا غَرْبِيَّةٍ ۙ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ	(وہ) شیشہ (فانوس) گویا کہ موتی کی طرح چمکتا ہوا ستارہ ہے وہ ایک بابرکت درخت زیتون (کے تیل) سے جلایا جاتا ہے (جو) نہ مشرق کی طرف اور نہ مغرب کی طرف ہے قریب ہے کہ اس کا تیل روشن ہو جائے اور اگرچہ آگ اسے نہ (بھی) چھوئے

اَلزُّجَاجَةُ (شیشہ (فانوس)) كَاَنَّهَا (كَاَنَّ، هَا) كَاَنَّ حرف مشبہ بالفعل، گویا کہ، هَا، ضمیر واحد مؤنث غائب، وہ (گویا کہ وہ) كَوْكَبٌ (ستارہ)

دُرِّيٌّ، دُرِّ، موتی اور، یٌّ، نسبتی ہے، دُرِّ، کی طرف منسوب ہے (موتی کی طرح چمکدار، چمکتا ہوا)

يُوْقَدُ، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب اَوْقَدَ يُوْقِدُ، مصدر اِيْقَادٌ، چراغ جلانا، آگ جلانا (وہ جلایا جاتا ہے) مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ، مِنْ، حرف جار، سے، شَجَرَةٍ، مجرور، موصوف، ایک درخت، مُبٰرَكَةٍ، صفت، اسم مفعول واحد مؤنث، بابرکت (ایک بابرکت درخت سے)

زَيْتُوْنَةٍ (زیتون) ملک شام میں درخت پایا جاتا ہے۔

لَّا شَرْقِيَّةٍ، لَا، نافیہ، نہ، شَرْقِيَّةٍ، مشرقی، مشرق کی طرف (نہ مشرق کی طرف)

وَلَا غَرْبِيَّةٍ، وَ، حرف عطف، اور، لَا، نافیہ نہ، غَرْبِيَّةٍ، مغربی، مغرب کی طرف (اور نہ مغرب کی طرف)

يَكَادُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب كَادَ يَكَادُ، مصدر كَوْدًا، قریب ہونا (وہ قریب ہے)

زَيْتُهَا (زَيْتُ۔ هَا) زَيْتُ، مضاف، تیل، هَا، مضاف الیہ، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس کا (اس کا تیل)

يُضِيْٓءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب اَضَاءَ يُضِيْءُ، مصدر اِضَآءَةٌ، روشن ہونا (وہ روشن ہو جائے)

وَلَوْ، وَ، حرف عطف، اور، لَوْ، وصلیہ، اگرچہ، خواہ (اور اگرچہ)

لَمْ تَمْسَسْهُ(لَمْ تَمْسَسْ، ہٗ)لَمْ تَمْسَسْ، فعل مضارع منفی جحد بلم واحد مؤنث غائب مجزوم مَسَّ یَمُسُّ، مصدر مَسًّا، چھونا، وہ نہ چھوئے، ہٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (وہ اسے نہ چھوئے) نَارٌ (آگ)

نُوْرٌ عَلٰى نُوْرٍ ؕ	نور پر نور

نُوْرٌ، نور، روشنی، پھیلنے والی روشنی جو چیزوں کے دیکھنے میں مدد دیتی ہے

عَلٰى نُوْرٍ (عَلٰى، نُوْرٍ) عَلٰى، حرف جار، پر، نُوْرٍ، مجرور، نور، روشنی (نور پر)

یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ	اللہ اپنے نور کی طرف جس کی چاہتا ہے رہنمائی کرتا ہے

یَهْدِی اللّٰهُ(یَهْدِیْ، اَللّٰهُ)یَهْدِیْ، فعل مضارع واحد مذکر غائب هَدٰی یَهْدِیْ، مصدر هِدَایَةٌ، ہدایت دینا، رہنمائی کرنا، وہ رہنمائی کرتا ہے، اَللّٰهُ، اللہ (اللہ رہنمائی کرتا ہے)

لِنُوْرِهٖ(لِ، نُوْرِ، هٖ)لِ، حرف جار، بمعنی اِلٰی، کی طرف، نُوْرِ، مجرور، مضاف، نور، هٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے نور کی طرف) مَنْ، اسم موصول (جس کی)

یَّشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ یَشَآءُ، مصدر مَشِیْئَةٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے)

وَ یَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ	اور اللہ لوگوں کیلئے مثالیں بیان کرتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) یَضْرِبُ اللّٰهُ(یَضْرِبُ، اَللّٰهُ)یَضْرِبُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب ضَرَبَ یَضْرِبُ، مصدر ضَرْبًا، مارنا، بیان کرنا، وہ بیان کرتا ہے، اَللّٰهُ، اللہ (اللہ بیان کرتا ہے) اَلْاَمْثَالَ (مثالیں)

لِلنَّاسِ(لِ، اَلنَّاسِ)لِ، حرف جار، کیلئے، اَلنَّاسِ، مجرور، لوگوں (لوگوں کیلئے)

وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۟ۙ	اور اللہ ہر چیز کو خوب جاننے والا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَللّٰهُ، خالق کائنات کا ذاتی نام (اللہ)

بِكُلِّ شَیْءٍ(بِ، كُلِّ، شَیْءٍ)بِ، حرف جار، کو، كُلِّ، مجرور، مضاف، ہر، شَیْءٍ، مضاف الیہ، چیز (ہر چیز کو)

عَلِیْمٌ، اللہ کا صفاتی نام، عِلْمًا، مصدر سے مبالغہ کا صیغہ (خوب جاننے والا)

فِيْ بُيُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَ يُذْكَرَ فِيْهَا اسْمُهٗ يُسَبِّحُ لَهٗ فِيْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۟	(وہ فانوس) ان گھروں میں ہیں (جن کو) اللہ نے حکم دیا ہے کہ وہ بلند کئے جائیں اور ان میں اس کے نام کا ذکر کیا جائے وہ ان میں اسی کی تسبیح صبح اور شام کو بیان کرتے ہیں

فِيْ بُيُوْتٍ (فِيْ، بُيُوْتٍ) فِيْ، حرف جار، میں، بُيُوْتٍ، مجرور، گھروں، واحد، بَيْتٌ (گھروں میں)

اَذِنَ اللّٰهُ (اَذِنَ، اَللّٰهُ) اَذِنَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب اَذِنَ يَاْذَنَ، مصدر اِذْنًا، اجازت دینا، حکم دینا، اس نے حکم دیا، اَللّٰهُ، اللہ (اللہ نے حکم دیا ہے) اَنْ، مصدریہ، ناصبہ (کہ)

تُرْفَعَ، فعل مضارع مجہول واحد مؤنث غائب رَفَعَ يَرْفَعُ، مصدر رَفْعًا، بلند کرنا (وہ بلند کیا جائے)

وَ، حرف عطف (اور) يُذْكَرَ، فعل مضارع مجہول واحد مذکر غائب ذَكَرَ يَذْكُرُ، مصدر ذِكْرًا، ذکر کرنا، یاد کرنا (وہ ذکر کیا جائے) فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع، بُيُوْتٍ ہے (ان میں) اِسْمُهٗ (اِسْمُ، هٗ) اِسْمُ، مضاف، نام، هٗ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (اس کے نام) يُسَبِّحُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب سَبَّحَ يُسَبِّحُ، مصدر تَسْبِيْحًا، تسبیح بیان کرنا (وہ تسبیح بیان کرتا ہے) لَهٗ (لَ، هٗ) لَ، حرف جار، کی، هٗ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، اسی (اسی کی) فِيْهَا (فِيْ، هَا) فِيْ، حرف جار، میں، هَا، مجرور، ضمیر واحد مؤنث غائب، اس، ضمیر کا مرجع بُيُوْتٍ ہے (ان میں) بِالْغُدُوِّ (بِ۔ اَلْغُدُوِّ) بِ، حرف جار، کو، اَلْغُدُوِّ، مجرور، صبح، واحد، اَلْغَدَاةُ (صبح کو)

وَ، حرف عطف (اور) اَلْاٰصَالِ، شام، واحد، اَصِيْلٌ،

رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۠ يَخَافُوْنَ يَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِيْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ۟	وہ مرد کہ انہیں اللہ کے ذکر اور نماز کے قائم کرنے اور زکوۃ کے ادا کرنے سے نہ تجارت غافل کرتی ہے اور نہ خرید وفروخت وہ اس دن سے ڈرتے ہیں کہ اس میں دل اور آنکھیں الٹ پلٹ ہو جائیں گی

رِجَالٌ (مردوں) واحد، رَجُلٌ،

لَا تُلْهِيْهِمْ (لَا تُلْهِيْ، هِمْ) لَا تُلْهِيْ، فعل مضارع منفی واحد مؤنث غائب اَلْهٰى يُلْهِيْ، مصدر اِلْهَآءٌ، غافل کرنا۔ وہ غافل نہیں کرتی، هِمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں غافل نہیں کرتی)

تِجَارَةٌ، مصدر (تجارت، بیوپار) وَ، حرف عطف (اور) لَا، ناہیہ (نہ)

بَيْعٌ، مصدر ہے (خرید و فروخت، لین دین)

عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ (عَنْ، ذِكْرِ، اَللّٰهِ) عَنْ، حرف جار، سے، ذِكْرِ، مجرور، مضاف، ذکر، اَللّٰهِ، مضاف الیہ، اللہ کے (اللہ کے ذکر سے) وَ، حرف عطف (اور)

اِقَامِ، اِقَامَةٌ، تھا تخفیف کیلئے، ۃ، کو آخر میں حذف کر دیا گیا ہے، مصدر ہے (قائم کرنا)

اَلصَّلٰوةِ (نماز) وَ، حرف عطف (اور) اِيْتَآءِ، مصدر ہے (دینا، ادا کرنا) اَلزَّكٰوةِ (زکوٰۃ)

يَخَافُوْنَ، فعل مضارع جمع مذکر غائب خَافَ يَخَافُ، مصدر خَوْفًا، خوف کھانا، ڈرنا (وہ ڈرتے ہیں)

يَوْمًا ((اس) دن) تَتَقَلَّبُ، فعل مضارع واحد مؤنث غائب تَقَلَّبَ يَتَقَلَّبُ، مصدر تَقَلُّبٌ، پھر جانا، الٹ پلٹ ہو جانا (الٹ پلٹ ہو جائے گا) فِيْهِ (فِيْ، هِ) فِيْ، حرف جار، میں، هِ، مجرور، ضمیر واحد مذکر غائب، اس، (اس میں) اَلْقُلُوْبُ (دلوں) واحد، قَلْبٌ، وَ، حرف عطف (اور) اَلْاَبْصَارُ (آنکھیں) واحد، بَصَرٌ،

لِيَجْزِيَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَ يَزِيْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ	تاکہ اللہ انہیں ان کا زیادہ اچھا بدلہ دے جو اُنہوں نے عمل کئے اور انہیں اپنے فضل سے زیادہ دے

لِيَجْزِيَهُمُ (لِ، يَجْزِيَ، هُمْ) لِ، لام تعلیل ناصبہ، تاکہ، يَجْزِيَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب جَزٰى يَجْزِيْ، مصدر جَزَآءٌ، جزا دینا، بدلہ دینا، وہ بدلہ دے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (تاکہ وہ انہیں بدلہ دے) اللّٰهُ (اللہ) اَحْسَنَ، حُسْنٌ، مصدر سے افعل التفضیل کا صیغہ (زیادہ اچھا، بہت اچھا)

مَا، اسم موصول (ان کا جو) عَمِلُوْا، فعل ماضی جمع مذکر غائب عَمِلَ يَعْمَلُ، مصدر عَمَلًا، عمل کرنا

(اُنہوں نے عمل کئے) وَ، حرف عطف (اور) يَزِيْدَهُمْ (يَزِيْدَ، هُمْ) يَزِيْدَ، فعل مضارع واحد مذکر غائب زَادَيَزِيْدُ، مصدر زِيَادَةٌ، زیادہ کرنا، وہ زیادہ دے، هُمْ، ضمیر جمع مذکر غائب، انہیں (وہ انہیں زیادہ دے) مِّنْ فَضْلِهٖ (مِنْ، فَضْلِ، ہٖ) مِنْ، حرف جار، سے، فَضْلِ، مجرور، مضاف، فضل، ہٖ، مضاف الیہ، ضمیر واحد مذکر غائب، اپنے (اپنے فضل سے)

وَاللّٰهُ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۝٣٨	اور اللہ جسے چاہتا ہے بغیر حساب کے رزق دیتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اللّٰهُ (اللہ) يَرْزُقُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب رَزَقَ يَرْزُقُ، مصدر رِزْقًا، رزق دینا (وہ رزق دیتا ہے) مَنْ، اسم موصول (جسے)

يَّشَآءُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب شَآءَ يَشَآءُ، مصدر مَشِيْئَةٌ، چاہنا (وہ چاہتا ہے)

بِغَيْرِ حِسَابٍ (بِ، غَيْرِ، حِسَابٍ) بِ، حرف جار، ترجمہ کی ضرورت نہیں، غَيْرِ، مجرور، مضاف، بغیر، حِسَابٍ، مضاف الیہ، حساب کے (بغیر حساب کے)

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۭ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ	اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا ان کے اعمال کسی چٹیل میدان میں سراب کی طرح ہیں اسے پیاسا پانی گمان کرتا ہے

وَ، حرف عطف (اور) اَلَّذِيْنَ، اسم موصول جمع مذکر (وہ لوگ جنہوں نے)

كَفَرُوْٓا، فعل ماضی جمع مذکر غائب كَفَرَ يَكْفُرُ، مصدر كُفْرًا، کفر کرنا (اُنہوں نے کفر کیا)

اَعْمَالُهُمْ (اَعْمَالُ، هُمْ) اَعْمَالُ، مضاف، اعمال، واحد، عَمَلٌ، هُمْ، مضاف الیہ، ضمیر جمع مذکر غائب، ان کے (ان کے اعمال) كَسَرَابٍ (كَ، سَرَابٍ) كَ، حرف تشبیہ و جار، مانند، طرح، سَرَابٍ، مجرور، سخت گرمی میں صحرا میں دور ریت روشنی کے انعکاس کی وجہ سے پانی کی طرح چمکتی نظر آتی ہے اور ایسے محسوس ہوتا ہے جیسے پانی بہہ رہا ہو، اس بے حقیقت چیز کو سراب کہتے ہیں (سراب کی طرح)

بِقِيْعَةٍ (بِ، قِيْعَةٍ) بِ، حرف جار بمعنی، فِيْ، میں، قِيْعَةٍ، مجرور، چٹیل میدان، صحرا، دشت بے آب (کسی

چٹیل میدان میں) يَّحْسَبُهُ (يَحْسَبُ، هُ) يَحْسَبُ، فعل مضارع واحد مذکر غائب حَسِبَ يَحْسَبُ، مصدر حِسْبَانًا، گمان کرنا، وہ گمان کرتا ہے، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (وہ اسے گمان کرتا ہے)
اَلظَّمْاٰنُ، ظَمَآءٌ، مصدر سے اسم فاعل صفت مشبہ (پیاسا) مَآءً (پانی)

حَتّٰى اِذَا جَآءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْـًٔا وَّ وَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ	یہاں تک کہ وہ اس کے پاس آتا ہے وہ اسے کچھ بھی نہیں پاتا اور وہ اللہ کو اپنے پاس پاتا ہے تو وہ اسے اس کا حساب پورا پورا چکا دیتا ہے

حَتّٰى، حرف غایت و جار (یہاں تک کہ) اِذَا، اسم ظرف مستقبل پر دلالت کرتا ہے، بمعنی شرط (جب)
جَآءَهٗ (جَآءَ، هٗ) جَآءَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب جَآءَ يَجِيْٓءُ، مصدر مَجِيْٓءٌ، آنا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ، وہ آتا ہے، هٗ، ضمیر واحد مذکر غائب، اس کے (وہ اس کے پاس آتا ہے)
لَمْ يَجِدْهُ (لَمْ يَجِدْ، هُ) لَمْ يَجِدْ، فعل مضارع منفی مجزوم جحد بلم واحد مذکر غائب وَجَدَ يَجِدُ، مصدر وِجْدَانًا، پانا، لَمْ، کی وجہ سے ترجمہ ماضی منفی میں ہونا تھا، اس سے پہلے اِذَا، ہے اس لئے ترجمہ مضارع منفی میں ہی ہوگا، وہ نہیں پاتا، هُ، ضمیر واحد مذکر غائب، اسے (وہ اسے نہیں پاتا)
شَيْـًٔا، اسم نکرہ (کچھ بھی، کوئی چیز) وَ، حرف عطف (اور)
وَجَدَ، فعل ماضی واحد مذکر غائب وَجَدَ يَجِدُ، مصدر وِجْدَانًا، پانا، اِذَا، کی وجہ سے ترجمہ (وہ پاتا ہے)
